بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم
ولا ھم یحزنون ۰



# نادر پیر و متعلقین
رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ


مؤلف

**محمد عبداللطیف قادری**



آستانہ عالیہ سروریہ قادریہ سلطانیہ نوشاہیہ نادریہ
ملہو کھوکھر شریف، ڈیرا بابا جنگو شاہ صاحب بھمبر روڈ گجرات




۴۸۶

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

امام العارفین قطب الاقطاب سید سادات پیر طریقت غوث طالبان قبلۂ عالم

حضرت پیر الشیخ سید نادر حسین شاہ گیلانی سروری قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

نے وقت وصال یہ فرمایا تھا

یہ میرے چار یاران طریقت ہیں

اوّل ———— سید لوٹے شاہ ترمذی سروری قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ

دوئم ———— عبد اللطیف سروری۔ قادری


سوئم ———— الیاس بھٹی سروری۔ قادری

چہارم ———— میر محمد صادق سروری۔ قادری

بحکم۔ صاحبزادہ سجادہ نشین سید زاہد حسین شاہ گیلانی

آستانہ عالیہ سید نادر حسین شاہ گیلانی سروری قادری ملوکوکر

Marfat.com





حضرت میر محمد صادق رحمۃ اللہ علیہ



حضرت سید بوٹے شاہ رحمۃ اللہ علیہ



حضرت محمد الیاس بھٹی رحمۃ اللہ علیہ



خاکپائے نادری محمد عبداللطیف قادری

Marfat.com



عبداللطیف قادری مؤلف کتاب ھذا
اپنے پیرومرشد کے قدموں میں

Marfat.com


حضرت الشیخ
پیر حیدر شاہ صاحب گیلانی سروری قادری
والد ماجد سیدنا نادر حسین شاہ گیلانی سروری قادری
تاریخ وصال بروز سوموار ۸ دسمبر


والدہ ماجدہ
قطب الاقطاب امام العارفین قبلہ عالم سیدنا
نادر حسین شاہ صاحب گیلانی سروری قادری
تاریخ وصال ۱۷ رمضان المبارک ۲۰ جنوری ۱۹۷۹ء

Marfat.com

(جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں)

| | |
|---|---|
| نام کتاب | نادر پیرو متعلقین |
| تالیف و تدوین | محمد عبداللطیف قادری |
| مؤلف | شجرہ نادر۔اپریل 1966ء |
| | فرمودات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم |
| منصف | نغمات لطیف 1999ء |
| تعداد | پانچ سو |
| اشاعت اول | جولائی 2009ء |
| صفحات | 256 |
| ناشر | عتیق الرحمٰن قادری و برادران |
| پرنٹنگ | المدینہ گرافکس گجرات (غلام نبی قادری) |
| پتہ برائے رابطہ | محمد عبداللطیف قادری |
| | ''کاشانہ قادریہ'' مسلم آباد شمالی گلی نمبر 7 |
| | گجرات فون نمبر 053-3601247 |
| | موبائل: 0300-9626663 |

Marfat.com

# فہرست


| تفصیل | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| حمد باری تعالیٰ و دعا | 5 |
| نعت رسول کریم | 6 |
| مدح غوثِ اعظم جیلانی | 7 |
| پیرومرشد | 8 |
| حضرت سید نا نادر حسین گیلانی | 11 |
| آپ کا شجرہ نسبی | 12 |
| شجرہ طریقت سروری قادری | 13 |
| شجرہ قادریہ نوشاہیہ | 14 |
| ولادت باسعادت | 15 |
| تعلیم اور بیعت | 16 |
| معمولات | 17 |
| خصائل | 18 |
| احترامِ والد | 19 |
| ریاضت و مجاذہ اور عشقِ رسول | 20 |
| اپنے وصال کی پیش گوئی | 21 |
| وصال باکمال و بے مثال | 22 |
| وصیت | 24 |
| جانشین | 25 |
| روحانی بیعت | 26 |
| قطب الاقطاب کی شہادت | 28 |
| عرس مبارک اور تاریخ وصال | 29 |
| تاثرات مفتی احمد یار خان نعیمی | 30 |
| مفتی اقتدار احمد نعیمی | 30 |
| میجر ملک محمد خان | 31 |
| میر محمد صادق صاحب رحمۃ اللہ علیہ | 33 |
| محمد الیاس بھٹی صاحب | 34 |
| سید فقیر شاہ صاحب | 35 |
| ملک محمد نواز صاحب | 36 |
| صوبیدار ملک محمد رفیق صاحب | 39 |
| ڈاکٹر محمد اسلم صاحب | 39 |


Marfat.com

| تفصیل | صفحہ نمبر |
|---|---|
| حاجی غلام رسول صاحب | 40 |
| ملک اللہ رکھا صاحب | 42 |
| محمد عبداللطیف قادری | 44 |
| خان صاحب | 46 |
| قطعہ تاریخ وصال | 47 |
| شجرہ نسبی منظوم | 50 |
| شجرہ طریقت منظوم | 54 |
| پیرومرشد کی یاد میں | 70 |
| نہ جا۔شاہا | 77 |
| یادِیار | 80 |
| قطب الاقطاب | 82 |
| بَروصال او | 84 |
| کردے نظرِ کرم | 87 |
| نادری حرفی | 88 |
| سالانہ عرس مبارک | 96 |
| نئیں ریساں میرے پیر دیاں | 100 |
| سید نا نادر شاہ گیلانی رحمۃ اللہ علیہ | 107 |
| یادداشتیں | 111 |
| مبارک باد | 121 |
| راقم کی اہلیہ کی بیعت | 128 |
| بیعت کے بعد خواب | 129 |
| عجیب واقعہ | 135 |
| تشریف آوری | 136 |
| عقیق عطا کیا | 140 |
| بیماریوں کے علاج | 141 |
| والدہ ماجدہ کا انتقال | 145 |
| پیر نصیب علی شاہ (چھالے شریف) | 154 |
| کشمیر کی لڑائی | 166 |
| جن کا قبول اسلام | 172 |
| پیش گوئی | 181 |
| آپ اور جنات | 200 |
| عجیب واقعہ | 205 |


Marfat.com

| تفصیل | صفحہ نمبر | تفصیل | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ہمارے ساتھ آخری سفر | 208 | تبرکات | 248 |
| آپ سے آخری ملاقات | 210 | الحاجہ بلقیس اختر | 249 |
| انتقالِ پُر ملال | 213 | امریکہ جانے سے انکار | 249 |
| والد ماجد کی دل جوئی | 218 | زیورات کی تقسیم | 249 |
| میر محمد صادق صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے حالات | 221 | زیارات | 251 |
| پیر ہندی کی آپ سے بیعت | 229 | وصالِ پُر ملال | 254 |
| آپ کے کارنامے | 232 | استدعا | 255 |
| خصوصیات | 233 | | |
| جنت میں مقام اور بے خوفی | 235 | | |
| لاہور میں رہائش اور انتقال | 236 | | |
| جانشین اور خلفاء | 237 | | |
| مزار اور عرس مبارک | 238 | | |
| آپ کے وظائف | 239 | | |
| سید بوٹے شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ | 240 | | |
| محمد الیاس بھٹی صاحب رحمۃ اللہ علیہ | 242 | | |
| محمد عبداللطیف قادری | 244 | | |


Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# حمد باری تعالٰی ودعا

اول حمد ثناء الٰہی جو مالک ہر ہر دا — اس دا نام چتارن والا ہر میدان نہ ہر دا
کام تمام میسر ہوندے نام اوہدا چت دھریاں — رحمتوں سکے ساوے کردا قہروں ساڑے ہریاں
واہ واہ خالق سِر جنہارا ملک جن انساناں — اربع عناصر تھیں جس کیتا گونا گوں حیواناں
بادشاہاں تھیں بھیکھ منگاوے تخت بہاوے گھاہی — کچھ پروا نہیں گھر اسدے دائم بے پرواہی
سدا سلامت راج اوسے دا اس در سب سلامی — آدم جن ملائکہ ہر شے جیا جون تمامی
ہر عاجز پہ رحمت کردا کرے قبول دعائیں — دن منگے لکھ دان دوائے محرم دل دا سائیں
دائم نیکو کاری کردا نیکی اس نوں بھاوے — بدیاں فیر بخش گزر دا جاں رحمت تے آوے

رحمت دا مینہ پا خدایا باغ سُکا کر ہریا — بوٹا آس امید میری دا کر دے میوے بھریا
مٹھا میوہ بخش اجیہا قدرت دی گھت شیری — جو کھاوے روگ اس دا جاوے دور ہووے دلگیری
سدا بہار دیئیں اس باغے کدے خزاں نہ آوے — ہوون فیض ہزاراں تائیں ہر بھکھا پھل کھاوے
بال چراغ عشق دا میرا روشن کر دے سیناں — دل دے دیوے دی روشنائی جاوے وچہ زمیناں
میں انا تے تلکن رستہ کیونکر رہوے سنبھالا — دھکے دیون والے بہتے اک تو ہتھ پکڑن والا
عذر بہانے بہتے میرے سبھے ول چھل کوڑے — میں منگتا توں صاحب داتا پا کرم دے توڑے

Marfat.com

# نعت رسول کریم ﷺ

یَـا صَـاحِـبَ الـجَـمَـال و یَـا سَید البَشـر
مِـن وجھک الـمـنـیـر لَـقَـدْ نـور الـقـمـر
لا یـمـکـن الثـنـاء کـمـا کَـان حَـقـہٗ
بـعـد از خـدا بـزرگ تُـوئی قصـہ مـختـصـر

☆ ☆ ☆ ☆

سُبحَان اللّٰہ مَا اَجمَلُکَ مَا اَحسَنَکَ مَا اَکمَلَکَ
کِتھے مہر علی کتھے تیری ثناء گستاخ اکھیں کتھے جا لڑیاں

☆ ☆ ☆ ☆

بَـلَـغَ الـعُـلٰـی بِـکَـمَـالِـہٖ
کَشَفَ الـدُّجـیٰ بِـجَـمَـالِـہٖ
حَسُـنَـتْ جَـمِـیْـعُ خِـصَـالِـہٖ
صَـلُّـوْا عَـلَـیْـہِ وَآلِـہٖ

☆ ☆ ☆ ☆

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللّٰہ
وعلی آلِک وَاصحَابِکَ یا حبیب اللّٰہ

Marfat.com

# مدح غوث الاعظم جیلانی رضی اللہ عنہ

واہ واہ میران شاہ شہاں دا سید دوہیں جہانیں
غوث الاعظم پیر پیراں دا ہے محبوب ربانی
سے برساں دے موئے جوائے سکے نیر وگائے
کھسے روح فرشتے ہتھوں لکھے لیکھ مٹائے
غوثاں قطباں دے سر میراں قدم مبارک دھریا
جو دربار انہاں دے آیا خالی بھانڈا بھریا
تلک تلک کے منہ سر بھریا گندی گلی گیا ہاں
تکدا لوک تماشے حضرت میں بے حال پیا ہاں
پاک نہیں ہتھ پکڑ اٹھاندے بھریئس نال پلیتی
یا میراں کی حال بندے دا جے تدھ وی سار نہ لیتی
چوراں نوں توں قطب بنایا میں بھی چور اُچکا
جس در جانواں دھکے کھانواں اک تیرا در تکا
سن فریاد پیراں دیا پیرا دھکا دیئیں نہ مینوں
بے کساں دا والی توں ایں شرم دتی رب تینوں
آپ مہارے پچھے پیاں سٹ نہ جائیں مردا

Marfat.com

عرض کرن دے لائق شاہا سخن نہ میں تھیں سردا

عرض کراں شرمندہ تھیواں کی میں کراں ککارا

منہ میرا کد عرضاں لائق ناقص عقل بچارا

مت کوئی سخن ان بھاناں نکلے عاجز مفت مریواں

رکھو قدم میرے سر حضرت سدا سکھالا تھیواں

☆ ☆ ☆ ☆

سُن فریاد پیراں دیا پیرا میری عرض سنیں کن دھر کے ھو

میرا بیڑا اڑیا وچہ کھپراندے جتھے مچھ نہ بہندے ڈر کے ھو

شاہ جیلانی محبوب سبحانی میری خبر لیئیو جھٹ کر کے ھو

پیر جنہاندا میراں باھو سو یو کدھی لگدے تر کے ھو

Marfat.com

# پیرومرشد

الف ۔ اللہ چنبے دی بوٹی مرشد من میرے وچہ لائی ھو
نفی اثبات دا پانی ملیا ہر رگے ہر جائی ھو
اندر بوٹی مُشک مچایا جاں پھلن تے آئی ھو
جیوے مرشد کامل باھو جیں ایہہ بوٹی لائی ھو

☆ ☆ ☆ ☆

ایہہ تن میرا چشم بے ہووے۔ میں مرشد ویکھ نہ رجاں ھو
لوں لوں مدھ لکھ لکھ چشماں اک کھولاں اک کجاں ھو
اتنا ڈٹھیاں صبر نہ آوے میں ہور رکت ول بھجاں ھو
مرشد دا دیدار ہے باھو مینوں لکھ کروڑاں حجاں ھو

☆ ☆ ☆ ☆

سے روزے سے نفل نمازاں سے سجدے کر کر تھکے ھو
سے واری مکے حج گزارن دلدی دوڑ نہ مکے ھو
چلّے چلّیئے ،جنگل بھونا ، اس گل تھیں نہ پکے ھو
سب مطلب حاصل ہوندے باھو جد پیر نظر اک تکے ھو

Marfat.com

نہ رب عرش معلیٰ اُتے نہ رب خانے کعبے ھو
نہ رب علم کتابیں لبھا نہ رب وچہ محرابے ھو
گنگا تیرتھیں مول نہ ملیا، مارے پینڈے بے حسابے ھو
جددا پھڑیا مرشد باھو، چھٹے کل عذابے ھو

☆ ☆ ☆ ☆

ایہہ تن رب سچے دا حجرہ، دل کھڑیا باغ بہاراں ھو
وچ کوزے، وچ مصلے، وچ سجدے دیاں ہزاراں ھو
وچ کعبہ، وچ قبلہ، وچ اِلّا اللہ پکاراں ھو
کامل مرشد مِلیا باھو، اوہ آپے لیسی ساراں ھو

☆ ☆ ☆ ☆

خشخش جناں قدر نہ میرا، اس نوں سبھ وڈیائیاں
میں گلیاں دا روڑا کوڑا، محل چڑھایا سائیاں

☆ ☆ ☆ ☆

شنیدم کہ در روزِ امید و بیم — بدان را بنیکاں بخشد کریم
روئے پاکاں ہر کہ بیند صبح و شام — آتشِ دوزخ بود بروے حرام
کشتگانِ خنجرِ تسلیم را — ہر زماں از غیب جانِ دیگر است

Marfat.com

اَعوذُ بِاللّٰهِ السَمیع العلیم من الشیطن الرجیم

بسم اللّٰه الرحمن الرحیم

یا اللّٰه جل جلالہ — یارسول اللّٰه ﷺ

اَلآ اِنَ اَوْلِیَاء اللّٰهِ لاَ خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلاَ هُمْ یَحْزَنُوْن

# قطب الاقطاب

حضرت پیر سید نادر حسین شاہ صاحب گیلانی

سروری قادری نوشاہی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

اور

## آپ کے متعلقین

(آستانہ عالیہ سروریہ قادریہ سلطانیہ نادریہ ملہوکھوکھر بابے واڈیرا بھمبر روڈ گجرات)

Marfat.com

# آپ کا شجرہ نسبی

ا:۔حضرت محمد مصطفٰے ﷺ، ۲۔حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم، ۳۔حضرت امام حسن مجتبٰی رضی اللہ عنہ ، ۴۔حضرت حسن مثنٰی ، ۵۔حضرت عبداللہ، ۶۔حضرت موسٰی جون ، ۷۔حضرت عبداللہ پارس ، ۸۔حضرت سید موسٰی جنگی ، ۹۔حضرت محمود داؤد ، ۱۰۔حضرت یحیٰی زاہد ، ۱۱۔حضرت عبداللہ شاہ ، ۱۲۔حضرت ابو صالح موسٰی جنگی دوست، ۱۳۔حضرت سید عبدالقادر جیلانی (غوث پاک) ، ۱۴۔حضرت عبدالوہاب ، ۱۵۔حضرت ابونصر ، ۱۶۔حضرت صوفی شاہ ، ۱۷۔حضرت سید احمد ، ۱۸۔حضرت مسعود غازی ، ۱۹۔حضرت کرم علی ، ۲۰۔حضرت میر میراں ، ۲۱۔حضرت شمس الدین ، ۲۲۔حضرت عبدالقادر ثانی ، ۲۳۔حضرت حامد شاہ ، ۲۴۔حضرت عبدالقادر بندگی ، ۲۵۔حضرت سید محمود ، ۲۶۔حضرت جمال شاہ ، ۲۷۔حضرت روح اللہ شاہ ، ۲۸۔حضرت عبدالوہاب ، ۲۹۔حضرت صالح شاہ ، ۳۰۔حضرت فیض اللہ نوری ، ۳۱۔حضرت عبدالواسع ، ۳۲۔حضرت علیم اللہ ، ۳۳۔حضرت محمد شاہ ، ۳۴۔حضرت سلطان شاہ ، ۳۵۔حضرت گیلانی شاہ ، ۳۶۔حضرت چنہاں شاہ ، ۳۷۔حضرت حیدر شاہ ، ۳۸۔حضرت نادر حسین شاہ گیلانی (رحمۃ اللہ علیہم اجمعین)

۳۷ واسطوں سے آپ کا سلسلہ نسبی حضور نبی کریم رؤف الرحیم ﷺ سے جا ملتا ہے

Marfat.com

# آپ کا شجرہ طریقت سروری قادری سلطانی

۱۔حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ۲۔حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم ۳۔حضرت خواجہ حسن بصری ۴۔حضرت خواجہ حبیب عجمی ۵۔حضرت خواجہ داؤد طائی ۶۔حضرت معروف کرخی ۷۔حضرت سری سقطی ۸۔حضرت جنید بغدادی ۹۔حضرت خواجہ ابوبکر شبلی ۱۰۔حضرت خواجہ ابوالفضل تیمی ۱۱۔حضرت شاہ ابوالفرح طرطوسی ۱۲۔حضرت شاہ ابوالحسن ہنکاری ۱۳۔حضرت ابو سعید مبارک مخزومی ۱۴۔حضرت سید عبدالقادر جیلانی (غوث اعظم) ۱۵۔حضرت عبدالرزاق ۱۶۔حضرت عبدالجبار ۱۷۔حضرت شیخ یحییٰ ۱۸۔حضرت نجم الدین ۱۹۔حضرت عبدالفتاح ۲۰۔حضرت عبدالستار ۲۱۔حضرت عین البقاء ۲۲۔حضرت عبدالجلیل ۲۳۔حضرت عبدالرحمٰن دھلوی ۲۴۔حضرت سلطان العارفین سلطان باھو ۲۵۔حضرت ولی محمد ۲۶۔حضرت شاہ حسین ۲۷۔حضرت حافظ محمد ۲۸۔حضرت شاہ غلام باھو ۲۹۔حضرت صالح محمد ۳۰۔حضرت سلطان حامد ۳۱۔حضرت خواجہ نور محمد ۳۲۔حضرت نور احمد ۳۳۔حضرت نور سلطان ۳۴۔حضرت فیض سلطان ۳۵۔حضرت رحمت علی ۳۶۔حضرت علی اصغر ۳۷۔حضرت نصیب علی شاہ ۳۸حضرت سید نادر حسین شاہ صاحب گیلانی (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین) آپ کا سلسلہ طریقت ۳۷واسطوں سے حضور نبی کریم رؤف الرحیم ﷺ سے ملتا ہے۔

Marfat.com

# آپ کا شجرہ شریف قادری نوشاہی

۱۔حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ۲۔حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم ۳۔حضرت خواجہ حسن بصری ۴۔حضرت خواجہ حبیب عجمی ۵۔حضرت خواجہ داؤد طائی ۶۔حضرت معروف کرخی ۷۔حضرت سری سقطی ۸۔حضرت جنید بغدادی ۹۔حضرت خواجہ ابوبکر شبلی ۱۰۔حضرت خواجہ بوالفضل تمیمی ۱۱۔حضرت شاہ بوالفرح طرطوسی ۱۲۔حضرت خواجہ ابوالحسن ہنکاری ۱۳۔حضرت ابوسعید مبارک ۱۴۔حضرت سید عبدالقادر جیلانی (غوثِ اعظم) ۱۵۔حضرت عبدالوہاب ۱۶۔حضرت سید ابونصر ۱۷۔حضرت صوفی شاہ ۱۸۔حضرت سید احمد شاہ ۱۹۔حضرت سید مسعود غازی ۲۰۔حضرت سید کرم علی شاہ ۲۱۔حضرت شاہ میر میراں ۲۲۔حضرت شمس الدین ۲۳۔حضرت محمد غوث ۲۴۔حضرت سید مبارک شاہ ۲۵۔حضرت معروف قادری ۲۶۔حضرت شاہ سلیمان ۲۷۔حضرت نوشہ گنج بخش ۲۸۔حضرت محمد صالح ۲۹۔حضرت فیض اللہ شاہ نوری ۳۰۔حضرت محمد ظریف ۳۱۔حضرت عبدالواسع ۳۲۔حضرت علیم اللہ شاہ ۳۳۔حضرت محمد شاہ ۳۴۔حضرت سلطان شاہ ۳۵۔حضرت گیلانی شاہ ۳۶۔حضرت چھیاں شاہ ۳۷۔حضرت غلام حیدر شاہ ۳۸۔حضرت سید نادر حسین شاہ صاحب گیلانی (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین)۔ آپ کا سلسلہ طریقت قادری نوشاہی ۳۷ واسطوں سے حضور نبی کریم رؤف الرحیم ﷺ سے ملتا ہے

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# قطب الاقطاب

حضرت پیر سید نادر حسین شاہ صاحب گیلانی سروری قادری سلطانی رحمۃ اللہ علیہ

| | |
|---|---|
| تاریخ پیدائش | ہفتہ ۲۰ جون ۱۹۳۱ء |
| تاریخ وصال | ہفتہ ۳ ستمبر ۱۹۶۶ء |
| عمر مبارک | صرف ۳۵ برس |
| مزار پُرانوار | ملہوکھوکھر ڈیرا بابا جنگو شاہ صاحب بھمبر روڈ گجرات |
| سالانہ عرس مبارک | ۲ ستمبر بعد از نماز عشاء |

## ولادت باسعادت

آپ کی ولادت باسعادت ۲۰ جون ۱۹۳۱ء بروز ہفتہ۔ ملہوکھوکھر۔ بھمبر روڈ گجرات میں ہوئی۔ آپ کے والد ماجد حضرت پیر سید حیدر شاہ صاحب گیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے لیکر حضور غوث ثقلین پیر پیراں حضرت محی الدین میراں الشیخ السید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ تک جملہ آباو اجداد کا شمار پیران طریقت و اولیاء کاملین میں ہوتا ہے۔

آپ حسنی گیلانی سید ہیں۔ آپ کا سلسلہ نسب اور سلسلہ طریقت ۳۲ واسطوں سے

Marfat.com

حضور نبی کریم ﷺ سے جاملتا ہے۔آپ کے آباواجداد بغداد شریف سے اُچ شریف اور حجرہ شاہ مقیم سے ہوتے ہوئے سادے چک گجرات میں قیام پذیر ہوئے۔آپ کے پردادا حضرت پیر سید گیلانی شاہ صاحب نے ملہوکھوکھر۔بھمبر روڈ گجرات میں سکونت اختیار کی۔ بچپن ہی میں آپ سے کرامات اور خوارق کا ظہور ہونے لگا۔گاؤں میں جس کسی کے مویشی مر جاتے وہ آپ سے التجا کرتا۔آپ جس جگہ نشان دہی کرتے وہاں باندھنے سے جانور موذی امراض سے بفضل خدا محفوظ رہتے۔گاؤں کا پانی کھارا تھا۔آپ کے فرمان کے مطابق جس جگہ نلکا لگایا جاتا میٹھا پانی دستیاب ہوتا۔

☆☆☆

## تعلیم

آپ نے گجرات شہر کی معروف تعلیمی درسگاہ زمیندار ہائی اسکول سے تعلیم حاصل کی۔اس کے بعد لاہور کے یونانی طبیہ کالج سے حکیم حاذق کا امتحان امتیازی نمبروں سے پاس کیا۔اور گھر میں ہی حکمت شروع کردی۔

☆☆☆

## بیعت

آپ کے عین عنفوان شباب میں ١٩ برس کی عمر میں بروز جمعہ مبارک ١٩٥٠ء کو صبح

Marfat.com

سویرے وقت کے ولی کامل حضرت پیر سید نصیب علی شاہ صاحب سروری قادری سلطانی (آف چھابے شریف کڑیانوالہ گجرات) آپ کے ہاں تشریف لائے۔ اور آپ کے والد ماجد سے فرمایا۔ ''میں آپ کی امانت واپس کرنے آیا ہوں،، یہ کہہ کر آپ نے سید نادر حسین شاہ صاحب گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو سلسلہ عالیہ سروریہ قادریہ سلطانیہ میں بیعت فرمایا اور اپنی خلافت سے نوازا۔

☆☆☆

## معمولات

آپ اپنی رہائش سے ملحقہ مسجد میں پنجوقتہ نماز کی امامت فرماتے۔ نماز فجر کے بعد بچوں کو قرآن پاک کی تعلیم دیتے۔ مریضوں کے روحانی وجسمانی امراض کا علاج فرماتے۔ مریض سے پوچھتے ''بیماری اور صحت کون عطا کرتا ہے؟'' وہ کہتا۔ اللہ تعالیٰ۔ آپ فرماتے اگر وہ ناراض ہو تو کیا ہم یا ہماری دوا کچھ کرسکتی ہے؟ اسے راضی کرنے کے لئے اس کے احکامات کی پیروی کرو۔ نماز۔ روزے کی پابندی کرو،، اس طرح حکمت کے پیشے کو آپ نے تبلیغ دین کا ذریعہ بنا رکھا تھا۔

ہر چاند کی گیارھویں رات کو حضور غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کی روح پر فتوح کے ایصال ثواب کیلئے ختم شریف کا اہتمام فرماتے۔ چاند کی پہلی جمعرات کو حضور سید ہجویر۔ مخدوم

Marfat.com

امام حضرت علی بن عثمان المعروف داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پُرانوار پر حاضری دیتے۔ اپنے دادا مرحوم کا سالانہ عرس باقاعدگی سے مناتے۔ ہر سال گاؤں میں عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر جلوس و جلسۂ سیرت کا اہتمام فرماتے۔ تقریباً ہر روز اپنے منظورِ نظر۔ مرید خاص میر محمد صادق صاحب کی دکان شاہین ٹیلرنگ ہاؤس چوک پاکستان۔ گجرات پر تشریف لاتے۔

☆☆☆

## خصائل

ہمیشہ سفید سلوار قمیض زیب تن فرماتے۔ غیر شرعی رسومات نمود و نمائش۔ غیبت وغیرہ سے نفرت کرتے۔ تحمل۔ بردباری اور عفو و درگزر سے کام لیتے۔ سادہ زندگی بسر کرتے۔ مریدوں سے اس طرح گھل مل جاتے کہ اجنبی پیر و مرید میں امتیاز نہ کر سکتا۔ آپ نہایت سخی عالی ظرف۔ بلند حوصلہ۔ خوش اخلاق اور بڑے مہمان نواز تھے۔ مہمان کی خدمت و خاطر اپنے ہاتھوں سے کرتے۔ اس کا بستر بچھاتے۔ کھانا خود لا کر دیتے۔ برتن خود اٹھا کر واپس لے جاتے۔ جہاں بیٹھتے مریدوں کو اپنے ساتھ بٹھاتے۔ ایک برتن میں ان کے ساتھ کھانا کھاتے۔ جو کوئی ایک بار ملتا بار بار ملنے کی حسرت کے ساتھ لوٹتا۔ ہر وقت مسکراتے رہتے۔ چہرہ مبارک سدا بہار گلاب کی مانند کھلا رہتا۔ کثرت سجود کے نشان کشادہ و خندہ پیشانی پر نمایاں تھے۔

Marfat.com

ریاضت ومجاہدہ اور شب بیداری کی وجہ سے جسم مبارک لاغر و کمزور دکھائی دیتا۔ آپ کو دیکھ کر ظاہر میں اندازہ نہیں لگا سکتا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو روحانیت کے اس درجہ کمال پر فائز فرمایا ہے۔ آپ حسن سلوک اور اخلاق حسنہ سے ہر ایک کو اپنا گرویدہ بنا لیتے۔ ہر کوئی یہی محسوس کرتا کہ آپ جس قدر مجھ پر شفیق ومہربان ہیں اور کسی پر نہیں۔ دوسروں کی عیب جوئی کے بجائے عیبوں کی پردہ پوشی فرماتے آپ کو شاذونادر ہی غصے کی حالت میں دیکھا گیا۔ آپ انتہا درجہ کے منکسر المزاج۔ ملنسار۔ غمخوار وغمگسار۔ شیریں گفتار۔ حلیم الطبع۔ مشفق۔ ومونس ومہربان۔ خلیق و سخی تھے۔ فخر۔ تکبر۔ غرور۔ بڑائی۔ نخوت وخودنمائی ریاکاری۔ کذب وغیرہ برائیوں سے متنفر تھے۔

☆☆☆

## احترامِ والد

آپ ہمارے ساتھ تشریف فرما ہوتے اس دوران آپ کے والد گرامی جتنی مرتبہ بھی وہاں تشریف لاتے آپ ان کے احترام میں کھڑے ہو جاتے۔ ان کے بیٹھنے یا واپس لوٹنے تک باادب کھڑے رہتے۔

☆☆☆

Marfat.com

## ریاضت ومجاہدہ

آپ کے گاؤں سے مغرب کی جانب قبرستان کے نیچے حضرت اسحاق بخاری بہت بڑے بزرگ کی نوگزی قبر ہے۔ کہتے ہیں کہ اسکی مرمت حضرت قاضی سطان محمود صاحب (اعوان شریف گجرات والوں) نے کروائی تھی۔ حضرت سید نادر حسین شاہ صاحب گیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اس قبر پر ساری ساری رات مجاہدے میں گزارتے آپ کوخوف زدہ کرنے کیلئے کبھی آگ کے شعلے لپکتے اور کبھی ایک بہت بڑا اژدھا آپکے اردگرد پھنکارتا مگر اللہ تعالیٰ نے آپکو ثابت قدم رکھا اور کامیابی اور کامرانی سے سرفراز فرمایا۔

☆☆☆

## عشقِ رسول

حکیم الامت مفسر قرآں حضرت علامہ مفتی احمد یار خان صاحب نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے فرزند صاحب زادہ اقتدار احمد کا بیان ہے۔ کہ چند سال پہلے میں نے حضرت سید نادر حسین شاہ صاحب کو جامع غوثیہ چوک پاکستان گجرات میں زاروقطار روتے دیکھا۔ میں نے اس کی وجہ پوچھی آپ نے ٹالنے کی کوشش کی مگر میرے اصرار پر فرمایا ''میں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ بے کس پناہ میں عرض کر رہا تھا۔ یا رسول اللہ ﷺ اب مجھ میں آپکا ہجر وفراق

Marfat.com

برداشت کرنے کی تاب نہیں۔ للہ مجھے اپنے پاس بلا لیجئے۔ الحمد اللہ حضور ﷺ نے میری درخواست کو شرفِ قبولیت بخش دیا ہے،، اسکے چند دنوں بعد آپکا وصال ہو گیا۔

☆☆☆

## اپنے وصال کی پیش گوئی

راقم کی زوجہ (جو آپ کی منہ بولی بہن اور آپ کی بیعت سے مشرف ہیں)۔ آپ کی زیارت کے لئے حاضر ہوئیں تو فرمایا ''میں چند دنوں کا مہمان ہوں۔ اس دار فانی سے جلد کوچ کرنے والا ہوں،، اس نے کہا ''شاہ جی! اللہ کا فضل مانگیں اور ایسی دل دکھانے والی باتیں نہ کریں،، آپ نے فرمایا ''جمعۃ المبارک ۲۶۔ اگست ۱۹۶۶ء کو جب میں میر صادق۔ الیاس۔ لطیف اور اسلم کے ساتھ سادے چک سے واپس آ رہا تھا تو گلانوالہ شاہدولہ دریائی روڈ گجرات میں لبِ سڑک چند عورتوں میں سے ایک نے اپنی ساتھ والیوں سے کہا ہائے نی! دیکھو یہ سب سفید لباس پہنے فرشتے لگ رہے ہیں۔ تو میں نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا مانگی مولا کریم! اس عورت کی ہائے سے میرے ان ساتھیوں کو محفوظ و مامون فرما اور اس کی ہائے بیشک مجھ پر ڈال دے۔ اللہ تعالیٰ نے میری دعا قبول فرمالی ہے۔ ان کی عمر دراز ہوگی۔ اور میں چند دنوں میں یہ دارفانی چھوڑ جاؤں گا،،۔

آپ کی اس پیش گوئی اور مندرجہ بالا واقعہ کے ٹھیک ایک ہفتہ بعد آپ کا وصال ہو گیا۔

Marfat.com

# وصال باکمال و بے مثال

جمعہ و ہفتہ (۲۔۳ ستمبر ۱۹۶۶ء) کی درمیانی رات آپ نے فرمایا (۱) صبح چار بجکر پینتیس منٹ پر نادر شاہ اس دنیا سے کوچ کر جائے گا (۲) میری یہ مسجد جامع بنے گی۔ (۳) میرے بعد سب سے پہلے میرے والد صاحب میرے پاس تشریف لائیں گے۔ (ان کا وصال ہوگا) (۴) میرا جنازہ چورے شریف والے پڑھائیں گے۔ (۵) میرے جنازے میں شرکت کیلئے سفید ریش بزرگ۔ ولی اللہ۔ لاہور سے تشریف لائیں گے (۶) **حضور نبی کریم** ﷺ کے چار یار۔ **غوث پاک** رحمۃ اللہ علیہ کے چار یار۔ میر صادق۔ الیاس بھٹی۔ بوٹے شاہ اور عبداللطیف میرے بھی یہ چار یار ہیں۔ (۷) میرا سلسلہ صادق کے حوالے (تین مرتبہ فرمایا) (۸) بھائی جان (سید جماعت علی شاہ) غوث پاک کی مدح سنائیں (۹) الیاس قصیدہ غوثیہ سنائے (فرمائش پوری کی گئی) (۱۰) پرچے ہو رہے ہیں۔ امتحان بڑا سخت ہے۔ اِن شاءاللہ کامیاب ہوں گے (۱۱) میں اندر ہوں باہر بارش ہو رہی ہے (۱۲) ذکر اسم ذات کیا جائے۔ اللہ۔ اللہ کے بعد بڑے زور سے آپ نے اِلَّا اللہ کی ضربیں لگائیں (۱۳) مجھے اللہ تعالیٰ نے قطب الاقطاب بنایا ہے (۱۴) سب دروازے کھول دو۔ رستہ چھوڑ دو۔ میرے پیر و مرشد حضرت پیر نصیب **علی** شاہ صاحب۔ حضور داتا صاحب۔ **غوث پاک**۔ نبی کریم ﷺ

Marfat.com

تشریف لے آئے ہیں (۱۵) زاہد حسین بوٹے شاہ والے (۱۶) اشتیاق حسین بغداد شریف والوں کا مرید ہوگا (آپ کی پیش گوئی کے مطابق وہ حضرت پیر سید طاہر علاؤالدین بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے مرید ہوئے) (۱۷) فرمایا بلقیس کو بلاؤ آپ کے محلہ دار ملک میاں خاں کی بیوی بلقیس نے کہا۔ شاہ جی میں حاضر ہوں آپ نے فرمایا میں جہلم والی بلقیس کو (زوجہ عبداللطیف قادری مؤلف کتاب ھذا) کو بلا رہا ہوں آپ نے تین دفعہ فرمایا وہ میری بہن ہے وہ میری بہن ہے وہ میری بہن ہے (موقع پر موجود سید بوٹے شاہ صاحب۔ میر محمد صادق صاحب۔ الیاس بھٹی صاحب۔ ڈاکٹر محمد اسلم صاحب۔ ملک محمد افضل صاحب کا متفقہ بیان)

اللہ کریم کا ذکر کرنے اور اِلاَّ اللہ کی ضرب لگانے کے بعد آپ نے دیوار پر ہاتھ مارا۔ تیمم کیا فجر کی نماز کی نیت باندھی اور اسی حالت میں اپنی پیشین گوئی کے عین مطابق صبح ٹھیک چار بجکر ۳۵ منٹ پر آپ کی روح پاک عالم علیین کی طرف پرواز کر گئی۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

گفتۂ او گفتۂ اللہ بود گرچہ از حلقوم عبداللہ بود

نشانِ مردِ مومن با تو گفتم چوں مرگ آید تبسم بر لب اوست

آپ کے فرمان کے مطابق آپ کی نماز جنازہ حضرت ارشاد بادشاہ پوراہی نے پڑھائی۔ ... حضور سفید ریش بزرگ اور ولی اللہ حضرت پیر سید معصوم شاہ صاحب

Marfat.com

آف سادے چک ۔ گجرات ( مالک نوری کتب خانہ ۔ داتا بازار لاہور و بانی نوری جامع مسجد بالمقابل ریلوے اسٹیشن لاہور ) جنازے میں شرکت فرما ہوئے ۔ ٹیلر ماسٹر الحاج شیخ نذر محمد صاحب ( مالک کالجینیٹ ٹیلرنگ ہاؤس سرکلر روڈ ۔ گجرات ) نے پوچھا ''آپ کو کیسے اطلاع ہوئی ؟'' حضرت پیر معصوم شاہ صاحب نے فرمایا ''مجھے **حضور داتا گنج بخش** رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کے جنازے میں شرکت کرنے کا حکم دیا ہے''۔

آپ کی جملہ پیش گوئیاں سچ ثابت ہو چکی ہیں ۔ نزع کا عالم نہایت دردناک ہوتا ہے ۔ اس وقت ہوش وحواس کا قائم رہنا اور ایسی محیر العقول باتیں کرنا نادر ولی ہی کی کرامت ہو سکتی ہے ۔

☆☆☆

## وصیت

آپ نے اپنے وصال سے چند ماہ پہلے راقم سے فرمایا ''میرا شجرہ نسبی اور شجرہ طریقت مرتب کرو اور میری یہ وصیت مشتہر کرو کہ ۔

☆ ''اگر خدانخواستہ ہماری نسل سے کوئی شخص غیر شرع ہو تو اسے پیر تصور نہ کیا جائے''

☆ ''بے نماز ۔ تارک سنت اور خلاف شریعت عمل کرنے والے شخص کا دعویٰ مریدی باطل سمجھا جائے''۔

Marfat.com

الحمد للہ آپ کے فرمان کے مطابق آپ کی حیات مبارکہ میں آپ کے شجرہ شریف کے آخر میں بندہ نے آپ کی یہ وصیت ۹۔اپریل ۱۹۶۶ء کومشتہر کردی تھی۔

☆☆☆

## جانشین

آپ نے **میر محمد صادق** صاحب کو اپنا جانشین وسجادہ نشین خلیفۂ مُجاز و خاص مقرر فرمایا اور صدہا لوگوں کی موجودگی میں اپنا سلسلہ عالیہ سروریہ قادریہ سلطانیہ نوشاہیہ نادریہ آپ کے سپرد فرمایا۔ الحمد للہ **میر محمد صادق** صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے جانشینی اور خلافت کا حق حق المقدور بطریق احسن انجام دیا۔ اور اس سلسلے کو بھارت تک پھیلایا جہاں آپ کے خلیفے سلسلہ عالیہ سروریہ قادریہ کی ترویج وترقی واشاعت کیلئے رات دن کوشاں ہیں۔

**پس ماندگان** میں سے آپکی پیش گوئی کے مطابق سب سے پہلے آپکے والد ماجد حضرت پیر سید حیدر شاہ صاحب گیلانی کا وصال پیر ۸ دسمبر ۱۹۷۵ء کو ہوا۔

صاحبزادہ سید **اشتیاق حسین** شاہ صاحب گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو عین عنفوان شباب میں اللہ تعالیٰ نے شہادت سے سرفراز فرمایا۔

آپکی زوجہ محترمہ کی وفات اتوار ۲۱ جنوری ۲۰۰۱ء کو ہوئی۔

Marfat.com

صاحبزادہ سید زاہد حسین شاہ صاحب ۲۰۰۴ء میں انتقال فرما گئے۔

آپکی دونوں صاحبزادیاں اپنے اپنے گھر میں آباد ہیں۔اللہ کریم اپنے حفظ وامان میں سدا شاد وآباد۔سلامت وسکھی رکھے۔آمین۔

☆☆☆

## روحانی بیعت

منگل ۱۶۔اگست ۱۹۶۶ء کو راقم کو ساتھ لیکر حکیم الامت مفسر قرآن حضرت مولانا مفتی احمد یار خان صاحب قادری نعیمی بدایونی کے ہاں ان کی کراچی والی بیٹی کے انتقال پر فاتحہ خوانی کیلئے تشریف لے گئے۔مفتی صاحب اسی سلسلے میں کراچی گئے ہوئے تھے ان کے چھوٹے صاحبزادے محترمی مفتی اقتدار احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے اظہار افسوس کیا۔ دوران گفتگو اقتدار صاحب نے کہا۔''میں ایسے کامل ولی اللہ سے بیعت ہونا چاہتا ہوں جو دنیا سے رخصت ہو چکے ہوں اور مجھے وہ خواب میں روحانی طور پر بیعت کریں،، آپ نے فرمایا ''دین کی بے لوث خدمت کرو۔تبلیغ دین کا کام فی سبیل اللہ کرو لوگ تمہاری بات سنیں گے اور مانیں گے اور عمل کریں گے۔تمہارے رزق کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ نے لے رکھی ہے۔اصل زندگی مرنے کے بعد شروع ہوگی۔اللہ کو راضی کر کے جاؤ گے تو وارے نیارے ہو جائیں گے'' دنیا دار صدر مملکت۔حکمران یا کسی دولت مند سے ہاتھ بھی ملا لیں تو پھولے نہیں سماتے

Marfat.com

خوشی سے رات کو سو نہیں سکتے مگر اللہ والوں کو ان باتوں کی کوئی پرواہ نہیں۔ ساری مخلوق انہیں برا کہے تو بھی وہ برا نہیں مانتے۔ اگر کبھی لوگ ان کے تلوے بھی چاٹیں تو وہ غرور اور تکبر نہیں کرتے۔ مخلوق کی طرف راغب ہونے سے خالق حقیقی سے توکل اٹھ جاتا ہے۔ جو پیر مریدوں کے گھروں میں چکر لگاتے رہتے ہیں تاکہ وہ مرید ان کی مالی امداد کریں وہ خالق کے بجائے مخلوق کو رازق سمجھتے ہیں،،

اسی طرح کی اور بہت سی مفید باتیں ہوئیں۔ اس ملاقات کے دو ہفتے بعد آپ کا وصال ہو گیا۔

چند دن بعد صاحبزادہ مفتی اقتدار احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔ میر صادق صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی دکان شاہین ٹیلرنگ ہاوس چوک پاکستان میں تشریف لائے اور رو رو کر یہ واقعہ بیان کیا۔ ''رات خواب میں حضرت پیر سید نادر حسین شاہ صاحب گیلانی رحمۃ اللہ علیہ تشریف لائے اور فرمایا تمہاری خواہش تھی کہ کوئی وصال شدہ ولی کامل تجھے روحانی طور پر بیعت کرے میں تمہاری خواہش پوری کرنے آ گیا ہوں۔ یہ فرما کر آپ نے مجھے سلسلہ عالیہ سروریہ قادریہ میں بیعت کیا چنانچہ آج سے میں آپ کا پیر بھائی ہوں،،

☆☆☆

Marfat.com

## قطب الاقطاب کی شہادت

راقم کو میجر ملک محمد خاں صاحب (آف ملک پور چاہڑہ۔ گجرات) نے آپ کے ختم قل کے موقع پر بتایا۔ آج کل میری تعیناتی پشاور میں ہے۔ ہماری فوجی جامع مسجد پشاور کے خطیب حافظ محمد افسر صاحب نے گزشتہ جمعہ کے روز مجھ سے پوچھا' میجر صاحب آپ کے گاؤں کے قریب کوئی ملہوکھوکھر گاؤں بھی ہے؟ وہاں کوئی بزرگ سید نادر حسین شاہ صاحب گیلانی بھی ہیں؟ میں نے اثبات میں جواب دیا۔ حافظ صاحب نے فرمایا۔ ''میجر صاحب آپ ولی کامل کی تلاش میں خواہ مخواہ دربدر دھکے کھا رہے ہیں۔ حضرت پیر سید نادر حسین شاہ صاحب گیلانی وقت کے قطب الاقطاب ہیں،،۔ میں نے پوچھا حافظ صاحب آپ شاہ صاحب کو کیسے جانتے ہیں؟ انہوں نے کہا یہ ایک روحانی راز ہے جو میں آپ کو نہیں بتا سکتا۔

☆☆☆

## مزار پُر انوار

آپ کا مزار پُر انوار گاؤں کے مغرب میں قدیم ٹیلے پر نوگزے بزرگ کی قبر مبارک کے قریب مرجع خلائق ہے۔

☆☆☆

Marfat.com

## عرس مبارک

آپ کا عرس مبارک آپ کے آستانہ عالیہ سروریہ قادریہ سلطانیہ نوشاہیہ نادریہ۔ ملھوکھوکھ شریف۔بھمبر روڈ گجرات میں ہر سال ماہ ستمبر کی دو تاریخ کو بعد از نماز عشاء نہایت عقیدت واحترام سے منایا جاتا ہے۔

☆☆☆

## تاریخ وصال

بگو نیکو سیرٔ غوثِ زماں بدٗ سالِ ترحیلش
''بشمع فضل دیں'' آمد ندائے خاص رحمانی
تھی فکر مشتاق کو تاریخ کی ۔آئی ندا
جان لو تم'' چاند روشن علم کا جاتا رہا
۱۳۸۶ھ (مشتاق احمد ہاشمی)

سہ ستمبر عیسوی در یوم شنبہ شُد وصال
یک ہزار و نہ صد وشصت وشش سنش بخواں (۱۹۶۶ء)
(محمد عبداللطیف قادری)

☆☆☆☆

Marfat.com

# تاثرات

## مفتی احمد یار خاں صاحب نعیمی

(۱) ☆ حکیم الامت مفسر قرآن حضرت علامہ **مفتی احمد یار خاں** صاحب نعیمی نے آپ کے وصال کے وقت کی پیش گوئیاں بالخصوص اپنے وصال کا وقت ۴ بج کر ۳۵ منٹ بتانے اور عین اسی وقت یعنی ۴ بج کر ۳۵ منٹ پر انتقال کرنے کے بارے میں سن کر حیرت سے فرمایا ''آج اس زمانے میں بھی ایسے ولی اللہ موجود ہیں؟ کاش میں نے ان کی زیارت کی ہوتی،، آپ کو بتایا گیا کہ انہوں نے بہت سی نمازیں آپکے ساتھ جامع مسجد غوثیہ چوک پاکستان میں ادا کی ہیں اور آپ سے ملاقات بھی کی ہے مگر وہ اپنے آپ کو ظاہر کرنے سے گریز فرماتے تھے۔

☆☆☆

## مفتی اقتدار احمد خاں نعیمی

(۲) ☆ حضرت علامہ **مفتی احمد یار خاں** صاحب نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے صاحب زادے **مفتی محمد اقتدار احمد** صاحب نعیمی (جن کو آپ نے اپنے وصال کے بعد ان کی خواہش کے مطابق روحانی طور پر بیعت کیا تھا) حضرت کے وصال پر آپکے آستانہ عالیہ پر

Marfat.com

تشریف لائے اور مجمع سے مخاطب ہو کر فرمایا ''کہ وہ بہت بڑے ولی اللہ تھے جدا ہو گئے ہیں اس بستی سے اللہ کا نور جاتا رہا جس کے دم قدم سے ہر گھر میں قرآن پاک کی تلاوت و تعلیم کا چرچا ہوا انہوں نے ساری زندگی تمباکو نوشی کی مخالفت کی ہے اس لئے ان کی فاتحہ خوانی میں کوئی شخص تمباکو نوشی نہ کرے آج عاشق رسول ﷺ کی بارات ہے حضرت سید نادر حسین شاہ صاحب گیلانی رحمۃ اللہ علیہ اس بارات کے دولہا ہیں''۔

☆☆☆

## میجر ملک محمد خان صاحب

(۳) ☆ میجر ملک محمد خان صاحب (آف ملک پور چاہڑہ۔ گجرات) آپ کے ختم قل میں شرکت کے لیے تشریف لائے وہ اپنے تاثرات آپکے والد ماجد کے سامنے بیان کرنا چاہتے تھے تو انہوں نے بندہ کو بلا بھیجا اور فرمایا سنو میجر صاحب تمہارے پیر و مرشد کے بارے میں کیا فرماتے ہیں تو میجر صاحب نے حاضرین کے سامنے بیان کیا کہ اس وقت میری پوسٹنگ پشاور میں ہے ہماری جامع مسجد کے خطیب حافظ محمد افسر صاحب جمعہ کی نماز کے بعد ہمارے ساتھ بیٹھتے ہیں اور اولیاء اللہ کا تذکرہ کرتے ہیں گزشتہ جمعہ نماز کے بعد وہ میرے ساتھ میرے گھر تشریف لائے دوران گفتگو کہنے لگے میجر صاحب! آپ کا گاؤں کونسا ہے میں نے کہا گجرات میں ملک پور چاہڑہ حافظ صاحب کہنے لگے آپ کے گاؤں کے قریب کوئی گاؤں

Marfat.com

ملھو تھوکھر بھی ہے؟ میں نے کہا جی ہاں کہنے لگے وہاں کوئی سید نادر حسین شاہ صاحب گیلانی بھی ہیں میں نے کہا جی ہاں وہ نوجوان ہیں اور حکمت کا کام کرتے ہیں میں ان کے باپ دادا کو بھی اچھی طرح جانتا ہوں حافظ صاحب کہنے لگے میجر صاحب آپ خواہ مخواہ در بدر پھر رہے ہیں سید نادر حسین شاہ صاحب گیلانی قطب الاقطاب ہیں میں نے کہا حافظ صاحب آپ ان کو کیسے جانتے ہیں حافظ صاحب کہنے لگے میجر صاحب یہ ایک روحانی راز ہے جو میں آپ کو نہیں بتا سکتا بہر حال جو کچھ میں نے کہا ہے شاہ صاحب وہی ہیں"۔

اس کے بعد میجر صاحب کہنے اس قدر روئے کہ آپکی سفید ریش مبارک آنسوؤں سے تر ہوگئی شاہ صاحب کی خدمت میں آپ نے فی البدیہہ مندرجہ ذیل اشعار میں نذرانہ عقیدت پیش کیا۔

سچا صورتوں چن چودھویں دا — سچا سیرتوں سچے ایمان والا
حسن بھری جوانی بے داغ اسدی — سینہ صاف اس نیک جوان والا
چھوٹی عمر دے وچ مخدوم بنیا — خدمتگاری دے دل سکھان والا
رونق باغ حیدری نال اسدے — کھڑ یا پھل حسنی چمنستان والا

☆☆☆

Marfat.com

## میر محمد صادق صاحب

(۴) میر محمد صادق صاحب مرید خاص اور آپ کے خلیفہ مجاز تھے کہتے ہیں

"میرے والد صاحب قبرستان چوہڑ بنگ (گجرات) میں مدفون ہیں مگر مجھے ان کی قبر کا پتہ معلوم نہ تھا میں نے حضرت شاہ صاحب سے گزارش کی آپ میرے ہمراہ مذکورہ قبرستان میں تشریف لائے ادھر ادھر دیکھا پھر فرمایا چلو اس قبر والے سے پوچھ لیتے ہیں اس کے بعد مجھے ایک قبر پر لائے اور فرمایا یہ تیرے والد کی قبر ہے فاتحہ پڑھی دعا مانگی اور واپس آ گئے۔

رات میں سویا میں نے ہجوم کثیر دیکھا پوچھا آپ کون لوگ ہیں کہنے لگے ہم قبرستان چوہڑ بنگ کے اہل قبور ہیں اور یہ دیکھنے آئے ہیں کہ وہ محمد صادق ہمارا محسن کون ہے جو ایک ولی کامل کو ہماری قبروں پر لائے اور جن کی تشریف آوری اور دعا سے اللہ تعالیٰ نے ہم پر خصوصی کرم فرمایا ہے۔

ایک دن آپ نے فرمایا صادق ایسے بزرگ کی زیارت کرنی ہے؟ جس کی آنکھوں میں حضور ﷺ کے مزار پاک کا گنبد نظر آتا ہے ان کے بتائے ہوئے پتہ پر ان بزرگوں کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان کی آنکھوں میں گنبد پاک کا نظارہ کیا بزرگوں نے فرمایا شاہ صاحب نے میرا راز فاش کر کے اچھا نہیں کیا۔

ایک دفعہ آپ نے فرمایا میر صادق وقت کا قطب دیکھو گے؟ داتا صاحب رحمۃ اللہ

Marfat.com

علیہ کے مزار پُر انوار پر فلاں جانب اس شکل وصورت کا آدمی تمہیں ملے گا وہ اپنے وقت کا قطب ہے۔ میں نے کہا میں آپ کے ساتھ ہی جاؤں گا۔ چنانچہ آپ میرے ساتھ لاہور تشریف لے گئے حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مزار کے قریب ایک شخص سویا ہوا تھا اور ایک آدمی اُسے ہاتھ والے پنکھے سے ہوا دے رہا تھا۔ آپ نے اس سے فرمایا اسے جگاؤ اس نے اپنے ہونٹوں پر انگلی رکھ کر چُپ رہنے کا اشارہ کیا آپ نے تین دفعہ فرمایا اسے اٹھاؤ مگر وہ نہ مانا بالآخر آپ نے سوئے ہوئے آدمی کو پاؤں سے ٹھوکر لگائی تو وہ بیدار ہوا اور مؤدب ہو کر آپ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے چند منٹ کھڑا رہا آپ نے ہمیں واپسی کا حکم دیا میں نے کہا حضرت صاحب کچھ سمجھ میں نہیں آیا آپ نے فرمایا یہ اپنے وقت کا قطب ہے اس کی ڈیوٹی فلاں مقام پر تھی اب میں نے اسے بتایا ہے کہ اب تمہاری ڈیوٹی فلاں مقام پر ہوگی۔

اس واقعہ سے میں نے اندازہ لگایا کہ جو وقت کے قطب کی ڈیوٹی لگا رہے ہیں وہ خود لازماً قطب الاقطاب ہوں گے۔

☆☆☆

## محمد الیاس بھٹی صاحب

(۵) ☆ محمد الیاس صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر فوڈز گجرات کا بیان ہے کہ میں حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پاک پر حاضر ہوا واپسی پہ جوتوں کے ٹھیکیدار سے اجرت پر جھگڑا ہو گیا وہ مقررہ اجرت سے زیادہ پیسے مانگتا تھا جب میں گجرات آیا تو حضرت

Marfat.com

صاحب نے فرمایا ایاس ! حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے تمہاری شکایت کی ہے اور فرمایا ہے کہ آپ کا مرید ایاس جٹ یہاں آ کر میرے خادموں سے جھگڑا کرتا ہے۔

☆☆☆

## سید فقیر شاہ صاحب

(۶) ☆ سید فقیر شاہ ابن سید بوٹے شاہ صاحب آف منڈی بہاؤالدین کا بیان ہے کہ میرے والد صاحب سید نادر حسین شاہ صاحب گیلانی سے عمر میں بہت بڑے تھے جب یہ ان کے مرید ہوئے تو میں نے اسے مناسب نہ سمجھا کہ خود بزرگ ہو کر ایک نوجوان کے مرید ہو گئے ہیں میں نے فیصلہ کیا کہ میں کبھی بھی ان کا مرید نہیں ہوں گا۔

ایک دفعہ میں میرے والد صاحب اور سید نادر حسین شاہ صاحب گیلانی حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مزار گوہر بار پر حاضری دے کر واپس آ رہے تھے بس میں تینوں ایک سیٹ پر ایک ساتھ بیٹھے ہوئے تھے میں نے دل میں کہا کہ میں کبھی بھی ان کا مرید نہیں ہوں گا یہ بات میں نے اپنے دل میں کہی تھی شاہ صاحب نے فوراً فرمایا فقیر شاہ ! میں تمہاری کب منتیں کرتا ہوں کہ تم میرے مرید ہو جاؤ جب میں نے آپ کی یہ کرامت دیکھی تو میں نے مرید ہونے کی خواہش ظاہر کی مگر آپ نے فرمایا فقیر شاہ وقت گزر چکا ہے میں آپ کو مرید نہیں کر سکتا۔

یہ واقعہ فقیر شاہ صاحب نے حضرت صاحب کے عرس مبارک پر حاضرین کو خود

Marfat.com

سنایا۔

☆☆☆

## ملک محمد نواز صاحب

(۷) ☆ آپ کے بچپن کے ساتھی محلے دار اور مرید ملک محمد نواز صاحب خطیب جامع مسجد پیر خانہ کا بیان ہے کہ میں سگریٹ نوشی کرتا تھا حضرت صاحب نے مجھے منع فرمایا میں نے سگریٹ نوشی ترک کرنے کی کوشش کی اور کئی دن اس کے بغیر گذر گئے ایک دن میرے چند ساتھی سگریٹ پی رہے تھے میں نہ رہ سکا میں نے بھی ایک سگریٹ پی لیا جب گجرات آیا اور آپ سے ملاقات ہوئی تو آپ نے فرمایا میں نے تجھے سگریٹ نوشی سے منع کیا تھا میں نے کہا کہ میں چھوڑ چکا ہوں آپ نے فرمایا پشاور کینٹین میں بیٹھا میں سگریٹ نوشی کر رہا تھا؟ یاد رکھو اگر آئندہ تم نے سگریٹ کا دھواں بھی سونگھ لیا تو بیمار ہو جاؤ گے چنانچہ اب ایسا ہی ہوتا ہے۔

ایک دفعہ حضرت صاحب مجھے اپنے گاؤں کے دکاندار محمد صدیق کے پاس لے گئے اس سے کہا صدیق دکان بیچنی ہے وہ جانتا تھا کہ شاہ صاحب کوئی کاروبار نہیں کرتے ان کے پاس دکان خریدنے کے لئے رقم کہاں ہوگی اس نے کہا شاہ صاحب آپ یہ دکان نہیں خرید سکتے آپ کے اصرار پر اس نے کہا اگر آپ یہیں کھڑے کھڑے اتنے سو روپے اتنے آنے اور اتنے پیسے دے دیں تو دکان آپکی آپ نے تین مرتبہ فرمایا صدیق سوچ لو اس نے کہا میں نے سوچ لیا شاہ صاحب نے دونوں ہاتھ کھڑے کر دیئے اور فرمایا صدیق میری جیب سے پیسے نکال لو اور

Marfat.com

ن۔ چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا اس نے جتنی رقم طلب کی تھی اس کے علاوہ بھی بیسہ مثل تحفہ دیا۔ آپ نے فرمایا صدیق اب یہ مان بیری ہوئی اس نے کہا جی ہاں شاہ صاحب دعا آپ کی ہوئی آپ نے فرمایا صدیق آپ کی دعا ان اللہ تعالیٰ آپ کو مبارک کرے لیکن یاد رکھو اولیاء اللہ کے بارے میں کبھی بدگمانی نہ کرنا۔

ایک دفعہ آپ نے مجھے حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت میں حاضر ہونے کا حکم دیا میں نے اس کی تعمیل کی اور فارغ ہو کر بیٹھا تو آنکھ لگ گئی میں نے دیکھا کہ ایک نہایت خوبصورت بگھی ہے جس کو ایک گھوڑے کھینچ رہے ہیں اس پر ایک نورانی بزرگ تشریف فرما ہیں حضرت صاحب کوچوان کی طرح کھڑے ہیں آپ نے سبز رنگ کا لمبا چغہ پہن رکھا ہے بگھی میرے قریب آ کر رکی پہلے شاہ صاحب نیچے اترے پھر بزرگوں کو نہایت احترام سے بازو تھام کر نیچے اتارا دونوں حضرات میرے پاس تشریف فرما ہوئے ان بزرگوں کے جسم سے روشنی کی شعاعیں پھوٹ رہی تھیں اور جسم سونے کی طرح چمک رہا تھا میں نے شہادت کی انگلی بزرگوں کے جسم سے یہ معلوم کرنے کے لیے لگائی کہ یہ سونے کا بنا ہوا ہے یا گوشت پوست کا؟ حضرت صاحب نے انگلی کے اشارے سے مجھے ایسا کرنے سے منع فرمایا اسی دوران میری آنکھ کھل گئی جب میں پیر خانے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے فرمایا حاضری دے آئے ہو میں نے خواب بیان کیا آپ نے مسکراتے ہوئے اس کی تصدیق کی میں نے عرض کی کیا آپ کے ساتھ وہ بزرگ حضور داتا صاحب تھے آپ نے فرمایا ہاں میں نے پوچھا یہ

Marfat.com

واقعہ سب گاؤں والوں کو سناؤں گا اور انہیں بتاؤں گا کہ اتنی چھوٹی عمر میں شاہ صاحب کا کیا مقام ہے آپ نے فرمایا اگر تم نے ایسا کیا تو میرا تمہارا تعلق ختم! البتہ میرے بعد جس سے جی چاہے ذکر کرنا'' آپ کے فرمان سے میں سمجھ گیا کہ آپ مجھ سے پہلے دنیا سے رخصت ہونے کی پیش گوئی فرما رہے ہیں چنانچہ ایسا ہی ہوا اب میں یہ واقعہ آپ کے وصال کے بعد بیان کر رہا ہوں۔

ایک دفعہ میں اور میر صادق صاحب آپ کے ساتھ آپ کی بیٹھک میں موجود تھے آپ نے میر صادق صاحب سے دائیاں ہاتھ بڑھانے کو کہا اور اپنے دائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کر کے ان کی ہتھیلی پر رکھیں اور تین مرتبہ فرمایا '' صادق! میں نے تمہاری امانت تمہارے سپرد کر دی؟ انہوں نے میری موجودگی میں تین مرتبہ امانت وصول کرنے کا اقرار کیا۔

وصال کے وقت سب حاضرین کے سامنے آپ نے جو فرمایا کہ میرا سلسلہ میر صادق چلائے گا وہ مندرجہ بالا واقعہ کی تصدیق تھی۔

ایک گوالا ایک ہفتے تک گاؤں میں مقیم رہا اور آپ سے بیعت ہونے کی استدعا کرتا رہا مگر آپ انکار فرماتے رہے ایک دن میں نے عرض کی شاہ جی یہ بندہ مرید ہونے کا خواہش مند ہے آپ اسے بیعت کیوں نہیں کرتے؟ آپ نے فرمایا یہ بیعت نہیں ہوگا میں نے عرض کی شاہ جی کمال ہے وہ ایک ہفتے سے منت سماجت کر رہا ہے اور آپ فرماتے ہیں کہ اس نے بیعت نہیں ہونا آپ نے فرمایا اچھا اسے ساتھ لے کر آ جاؤ جب ہم دونوں حاضر ہوئے شاہ جی نے

Marfat.com

گوالے سے فرمایا بیعت ہونا چاہتے ہو؟ اس نے کہا جی ہاں آپ نے فرمایا وعدہ کرو کہ آئندہ کبھی دودھ میں پانی نہیں ملاؤ گے گوالے نے کہا میں یہ وعدہ نہیں کر سکتا آپ نے فرمایا اس صورت میں میں آپ کو بیعت نہیں کر سکتا یہ سن کر گوالا بغیر بیعت کئے واپس چلا گیا آپ نے فرمایا نواز میں نے کہا نہیں تھا کہ یہ والا بیعت نہیں ہوگا۔

☆☆☆

## صوبیدار ملک محمد رفیق صاحب

(۸) ☆ آپ کے محلہ دار صوبیدار محمد رفیق صاحب آپ کی جامع نورانی غوثیہ کے امام کا بیان ہے کہ ایک دفعہ شاہ صاحب مجھے میرے گھر کے قریب ملے اور فرمایا "حوالدار! تم نے یہ چار کام اس طرح کیے ہیں جو کہ تمہیں اس طرح نہیں اس طرح کرنے چاہئیں تھے" حالانکہ میں نے یہ سب کام اپنے گھر کی چاردیواری کے اندر کیے تھے شاہ صاحب کو کیسے علم ہوا اللہ ہی بہتر جانتا ہے بظاہر یہ شاہ صاحب کی کرامت ہی تھی۔

☆☆☆

## ڈاکٹر ملک محمد اسلم صاحب

(۹) ☆ آپ کے خادم خاص ڈاکٹر محمد اسلم ملک صاحب کا بیان ہے کہ ایک دن میں آپ کے ساتھ آپ کے گھر میں موجود تھا آپ نے فرمایا اسلم! باہر گلی میں جاؤ اور دیکھو کوئی آ رہا

Marfat.com

ہے میں گلی میں گیا ادھر ادھر دیکھا اور واپس آ گیا میں نے کہا کوئی بھی تو نہیں آ رہا آپ نے فرمایا جاؤ دیکھو کوئی آ رہا ہے میں دوبارہ گیا تو دیکھا کہ عبداللطیف قادری جوتے بغل میں دبائے سر جھکائے آ رہے ہیں'' اندر بیٹھے آپ باہر کی خبریں دے رہے تھے آپ کے مقام کو اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔

☆☆☆

## حاجی غلام رسول صاحب

(۱۰) ☆ آپ کے محب و مرید حاجی غلام رسول صاحب (مالک شبیر سینٹری سٹور نزد چوہدری ظہور الٰہی اسٹیڈیم جلالپور جٹاں روڈ گجرات)۔

بیان کرتے ہیں کہ 1965ء میں میرا راولپنڈی سوان کیمپ میں سینٹری سٹور تھا۔ میں سخت بیمار ہو گیا۔ دکان داری نہ کر سکا۔ گاؤں (بیارا۔ گجرات) واپس آ گیا۔ میرے والد مرحوم قبلہ شاہ صاحب کے بہت معتقد تھے۔ فرمانے لگے علاج شاہ صاحب ہی سے کروانا ہے۔ کئی روز تک آپ کی دی ہوئی دوا استعمال کرتا رہا مگر افاقہ نہ ہوا۔ آپ نے فرمایا ''کل آنا'' دوسرے روز حاضر خدمت ہوا تو فرمایا۔ وعدہ کرو۔ ہمارے ہاں آتے رہا کرو گے۔ میں نے وعدہ کیا۔ آپ نے دوا نہیں دعا دی۔ اس کے بعد بفضل خدا میں آج تک بالکل تندرست ہوں۔ اسی دوران آپ سے بیعت ہونے کی استدعا کی آپ نے حسب عادت مسکراتے ہوئے فرمایا آپ بیعت ہو چکے ہمارے ہاں آتے جاتے رہا کریں میں آج بھی بفضل خدا ہر

Marfat.com

جمعرات کو بعد از نماز ظہر باقاعدہ آپ کے مزار پر انوار پر حاضر ہوتا ہوں اور ان شاء اللہ زندگی بھر حاضر ہوتا رہوں گا۔

میں نے درخواست کی "دعا فرمائیں" اپنے شہر میں کاروبار کا موقع ملے آپ ٹالتے رہے۔ میں حاضر ہوتا رہا۔ اصرار کرتا رہا ایک دن آپ نے فرمایا منزل بہت مشکل ہے لیکن ان شاء اللہ پورا اترو گے۔ فرمایا ہر چاندنی کی جمعرات کو راولپنڈی سے سیدھا حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہاں حاضر ہونا ہے۔ رات وہیں رہنا ہے اگلے روز نماز جمعہ پڑھ کر واپس آنا ہے۔ میں نے آپ کے فرمان پر عمل شروع کر دیا۔ اسی دوران آپ کا وصال ہو گیا۔

آپ کے وصال کے بعد میں نے خواب دیکھا۔ آپ اپنے کمرے میں تشریف فرما ہیں۔ دروازے کے ساتھ چکی پڑی ہے۔ آپ دال۔ روٹی کا لنگر تقسیم فرما رہے ہیں۔ میں حاضر ہوا۔ آپ نے مجھے تھوڑی دو روٹیاں اور دال مرحمت فرمائی اور فرمایا چکی کے پاس بیٹھ کر کھا لو۔ ایسی عمدہ اور لذیذ دال۔ روٹی نہ میں نے زندگی میں کبھی دیکھی اور نہ کھائی تھی۔

اس کے بعد میں نے اللہ کریم کے فضل و کرم سے کچہری چوک گجرات میں سینٹری کا کام شروع کیا۔ جب چودھری ظہور الٰہی اسٹیڈیم کی تعمیر کیلئے دکانیں گرانے کا نوٹس ملا۔ تو میں بھی انہیں دکانوں میں کرایہ دار تھا۔ آپ کی دعا سے اسٹیڈیم کے قریب ہی جالپور روڈ پر اللہ کریم نے موجودہ جگہ خرید کر اپنی دکان بنانے کی توفیق بخشی اب بھائیوں، بھتیجوں، بیٹوں سے

Marfat.com

ساتھ سینٹری کا کام کر رہا ہوں۔اور مجھ پر اللہ کریم کا بہت ہی فضل و کرم ہے۔

☆☆☆

## ملک اللہ رکھا صاحب

(۱۱) ☆ آپ کے گاؤں کے ملک اللہ رکھا صاحب آپ کی طرف سے گیارھویں شریف کا لنگر تقسیم کیا کرتے تھے۔آپ نے انہیں 'ڈسٹربیوٹر' لنگر کمانڈر کا نام دے رکھا تھا۔ ملک اللہ رکھا صاحب کا بیان ہے کہ۔

میرے چھوٹے بھائی اللہ دتہ عرف ایماندار۔کوٹی بی کی شکایت ہوگئی۔ہم نے گجرات شہر سے ان کا ایکسرے کرایا۔ڈاکٹر صاحب نے مری سینٹوریم سے علاج کرانے کا مشورہ دیا۔اسی دوران ہمیں شاہ صاحب مل گئے۔فرمایا اس کا علاج مری سے نہیں لاہور میں ہوگا۔ہم نے کاغذات بمعہ درخواست مری سینٹوریم بھجوا دیئے۔انہوں نے ایکسرے وغیرہ دیکھ کر ہمارے کاغذات یہ کہہ کر واپس کر دئے کہ اس بیمار کا علاج ہمارے بس میں نہیں۔شاہ صاحب کے فرمان کے مطابق ہمیں مجبوراً بھائی کو لاہور لے جانا پڑا۔وہاں ان کا آپریشن ہوا۔ اور وہ تندرست ہو گئے۔علاج کے بعد 9-10 سال تک زندہ رہے۔

ایک دفعہ میرے اسی بھائی۔اللہ دتہ۔کو سخت نمونیہ ہو گیا۔ہم شاہ صاحب کے پاس آئے۔آپ نے فرمایا۔گندم ابالیں۔اسی پانی سے آٹا گوندھ کر روٹی پکائیں اسے کھلائیں۔اسی پانی سے سالن پکائیں۔اور اسے یہی پانی پلائیں۔ہم نے ایسا ہی کیا اللہ تعالیٰ نے اسے شفا عطا

Marfat.com

گی۔

میں نے نو روپے کا گدھا خریدا۔ شاہ صاحب کو دکھایا۔ کہ بڑا ہو کر اٹھارہ روپے میں بک ہی جائے گا۔ آپ نے فرمایا نو ہی کا بکے گا آپ کے والد ماجد۔ حیدر شاہ صاحب نے اپنے مکان میں بھرتی ڈالنے کیلئے اسی گدھے کا سودا تیرہ روپے میں طے کر لیا۔ اور وہ بھی ادھار اسی دوران شاہ صاحب تشریف لائے اور مجھے فرمایا نو نقد نہ تیرہ ادھار میں نے کہا۔ اچھا شاہ صاحب آپ نو روپے ہی نقد دے دیں۔ مجھے نو روپے دے کر آپ نے فرمایا۔ میں نے کہا نہ تھا کہ یہ نو روپے ہی میں بکے گا۔ حالانکہ میں پرانا واقعہ بھول چکا تھا۔ آپ کے یاد دلانے پہ یاد آیا۔

نھتو وال حوالدار کی کھوہی کے قریب میں مویشی چرا رہا تھا۔ شاہ صاحب اسی گاؤں میں میرے پڑوسی محمد حسین نمبردار کے ہمراہ گھوڑی خریدنے گئے ہوئے تھے۔ واپسی پہ مجھے میرے بیٹے کی پیدائش پر مبارک باد دی اور فرمایا۔ دو بچیاں بھی ہوں گی۔ عرض کی۔ بچے کی پیدائش پر مبارک باد کے ساتھ دو بچیوں کی بھی خبر دے رہے ہیں۔ فرمایا تمہاری گدھی اور گائے دونوں بچیاں دیں گی اور وہ جلد ہی مر جائیں گی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

ہم شاہ صاحب کی بیٹھک میں گیارھویں شریف کا ختم پڑھنے کیلئے بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ کے والد ماجد حیدر شاہ صاحب اور دیگر بزرگ بھی حسب معمول موجود تھے۔ میں نے حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس محفل میں تشریف فرما دیکھا۔ جونہی قبلہ شاہ صاحب

Marfat.com

تشریف لائے۔حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کا استقبال کیا۔
(یہ سب کچھ اللہ کریم نے مجھے ظاہری آنکھوں سے دکھایا)۔

☆☆☆

## محمد عبداللطیف قادری

(۱۲) ☆ راقم (محمد عبداللطیف قادری)

ایک دن آپ نے فرمایا تم نے بچپن میں خواب دیکھا تھا۔دریا کا کنارہ ہے۔ہر طرف سبزہ ہے۔ٹھنڈی سہانی ہوا چل رہی ہے،ایک نہایت نحیف وضعیف۔سفید ریش صرف لنگوٹی باندھے بزرگ ہیں جنہیں تم نے بچے کی طرح اٹھا رکھا ہے۔بتاؤ وہ کون بزرگ تھے عرض کی حضرت سائیں کرم الٰہی صاحب۔کانوانوالی سرکار رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرمایا نہیں۔وہ سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ تعالیٰ تھے۔

فرمایا میں نے تمہاری والدہ مرحومہ کو دیکھا ہے۔وہ قرآن پاک سے سورہ کہف کی تلاوت کر رہی ہیں۔تم نے ان کی قبر پہ پختہ نشان بنایا ہے اور ہر جمعہ کو حاضر ہو کر سورہ کہف کی تلاوت کرتی ہے۔

عرض کی،مجھے تو قبر کا اتہ پتہ معلوم نہیں۔فرمایا اس قبر پر ایک خاص قسم کا درخت ہے ویسا درخت کسی اور قبر پہ نہیں حالانکہ شاہ صاحب سے میری پہلی ملاقات سے پندرہ برس قبل میری والدہ ماجدہ کا انتقال ہو چکا تھا۔اور ہم ایک دوسرے کو جانتے تک نہ تھے۔

Marfat.com

ہمارے پڑوس میں مائی صاحبہ رہتی ہیں۔ کہتی ہیں۔ اپنے پیر و مرشد سے پوچھنا میں کیوں اشکبار رہتی ہوں۔ میں نے شاہ صاحب سے بات کی میری بات ختم ہوتے ہی آپ نے فرمایا وہ وزیر آباد کی ہیں۔ وہاں ایک خانقاہ ہے۔ جو چھوڑے شاہ کے نام سے مشہور ہے۔ انہوں نے وہاں منت مانی تھی۔ جو پوری نہیں کی۔ میں نے واپس آ کر جو کچھ شاہ صاحب نے فرمایا تھا۔ مائی صاحبہ کو بتایا۔ انہوں نے وزیر آباد رہنے اور منت ماننے کی تصدیق کی۔

آپ نے فرمایا فلاں دن فجر کی نماز کتنے بجے پڑھی تھی۔ عرض کی وقت کا تو کچھ پتہ نہیں۔ ساون کا مہینہ تھا۔ رات بارش ہوتی رہی۔ صبح اٹھا مطلع ابر آلود ہونے کی وجہ سے اندھیرا تھا۔ نماز پڑھ لی۔ فرمایا نماز کا وقت ختم ہو چکا تھا۔ اس کا اعادہ کرنا ہے۔

فرمایا تمہارے پاس کوئی کاپی ہے۔ جس میں نعتیں لکھتے ہو۔ عرض کی جی ہاں۔ فرمایا وہ کاپی نبی کریم۔ رؤف الرحیم ﷺ کی بارگاہ میں پیش کی گئی ہے۔ جس صفحہ پر لکھا ہوا ہے۔

1 **سجان اللہ ما اجملک ما احسنک ما اکملک**

کتھے مہر علی۔ کتھے تیری ثنا گستاخ اکھیاں کتھے جا اڑیاں

2 یا صاحب الجمال و یا سید البشر

من وجھک المنیر لقد نور القمر

لا یمکن الثناء کما کان حقہ

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

Marfat.com

۳ بلغ العلیٰ بکمالہ کشف الدجیٰ بجمالہ

حسنت جمیع خصالہ صلوا علیہ وآلہ

تمہاری کاپی کے اس صفحہ پر حضور نبی کریم ﷺ نے دستخط فرمانا چاہے پھر یہ کہتے ہوئے ارادہ ترک کر دیا۔ "میں تو اُمّی ہوں"۔

☆☆☆☆

## خان صاحب کا بیان

میلاد شریف کی محفل میں نعت خوانی کے بعد خان صاحب نے بتایا کہ میں میلاد شریف پر اپنے سائیکل پر 60 جھنڈیاں لگاتا ہوں۔ میرے خاندان والے مجھے پاگل کہتے ہیں میں اسی پریشانی میں سویا۔ آپؒ نے حضرت بابا جنگو شاہ صاحب کی خدمت میں اپنا مسئلہ پیش کیا۔ آپ نے فرمایا اس کا حل ٹبے پر ہے۔ میں وہاں گیا اور صاحب مزار سے اپنے سوال کا جواب مانگا آپ میرے ساتھ سڑک تک آئے مجھے سائیکل دی جس پر 60 جھنڈیاں لگی ہوئی تھیں۔ اس طرح انہوں نے میری دلجوئی کی۔ (ٹبے والے شاہ صاحب سید نادر حسین شاہ صاحب گیلانی نے میرا مسئلہ حل کر دیا)۔

☆☆☆

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

# قطعہ تاریخ وصال

امام العارفین قطب الاقطاب اعلیٰ حضرت **پیر سید نادر حسین** شاہ صاحب گیلانی

سروری قادری نوشاہی

سراج سالکاں آں پیر نادر شاہ گیلانی　فرید العصر سلطان ولائیت فخر انسانی
وجود شاں مبارک بود بردنیانظیرش نے　بسیرت صلح کل آمد بنری خوئے عثمانی
بزرگانش چشیدہ مے زجام غوث محی الدین　بنو شیداز هماں میخانۂ محبوب سبحانی
بمرگ ایں چنیں صالح زمیں نالید ہم گردوں　کہ رفت ازایں جہاں آں واقف اسرار عرفانی
بگو نیکو سیر غوث زماں بد سال ترحلیش　بشمع فضل دیں آمد ندائے خاص رحمانی

روز شنبہ در ساعت فجر بسوئے خلد رسید

نتیجہ فکر (مشتاق احمد ہاشمی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# قطعہ تاریخ وفات حسرت آیات

پیر طریقت اعلیٰ حضرت سید نانادر حسین شاہ صاحب گیلانی سروری قادری نوشاہی

آہ ہم سے دُرِ نادر نورِ عرفاں چھپ گیا
شمعِ رُشد وہُدیٰ کر کے فروزاں چھپ گیا

سرزین ملہوکھوکھر بقعہ انوار تھی
چند دن رہ کر یہاں وہ ماہِ تاباں چھپ گیا

اُن کے اخلاق حمیدہ کی نہیں ملتی نظیر
پیکرِ مہر ووفا تھا قطبِ دوراں چھپ گیا

دور ہو جاتی تھیں انکو دیکھ کر سب کلفتیں
ہائے اب تسکینِ روح کا سارا ساماں چھپ گیا

ان کی فرقت سے ہوئے اندوہگیں پیر و جواں
اب انہیں ڈھونڈیں کہاں وہ جانِ جاناں چھپ گیا

مخزنِ برکاتِ دیں وہ بائے بسم اللہ کا نور
معرفت کی رمز کو کر کے نمایاں چھپ گیا

Marfat.com

کر نہیں سکتا بیاں مشتاق فرقت کا سماں

کاروانِ زندگی کا سارا ساماں چھپ گیا

☆☆☆

Marfat.com

## شجرہ شریف نسبی حضرت **پیر سید نادر حسین شاہ** صاحب گیلانی سروری قادری

نوشاہی رحمۃ اللہ علیہ (آستانہ عالیہ نادریہ ملہو کھوکھر شریف)

منظوم کردہ (**محمد عبداللطیف** سروری قادری بی اے۔ بی ٹی)

یاالٰہی اپنی ذاتِ کبریا دے واسطے
کر کرم رکھ شرم میری مصطفیٰ دے واسطے

اے خدا آسان کر دے میریاں کُل مشکلاں
مولا علی مشکل کشا شیر خدا دے واسطے

ظاہر باطن صاف کر دے تے شہادت کر نصیب
امام حسن پارسا، صاحب صفا دے واسطے

کر سیاہی دور دل دی بھر دے سینہ نور تھیں
حسن مثنیٰ تے عبداللہ بے ریا دے واسطے

غیر دا رشتہ چھڑا تے بندہ اپنا ہی بنا
موسیٰ جون تے عبداللہ پارسا دے واسطے

حمد و ثنا تیری کراں نعت نبی ہر دم پڑھاں
موسیٰ جنگی محمود داؤد اولیاء دے واسطے

Marfat.com

جد تک زندہ رہواں بندگی تیری کراں

سید یحییٰ زاہد تے عبداللہ شاہ دے واسطے

میں شریعت تے چلاں تے معرفت ہووے نصیب

سید جنگی دوست ابوصالح دے واسطے

ہاں غلام نادری، میں سروری تے قادری

عبد قادر، غوث نادر شۂ اولیاء دے واسطے

فضل وکرم تھیں کر عطا دکھاں درداں دی دوا

عبدوہاب۔ ابونصر اہلِ عطا دے واسطے

روضۂ محبوب دی کر دید تو میرے نصیب

صوفی شاہ تے سید احمد مہ لقا دے واسطے

کر کرم غازی بنا، صدقہ محمد مصطفےٰ ﷺ

مسعود غازی۔ کرم علی۔ اصفیا دے واسطے

دین دنیا وچہ خدایا خادم میراں بنا

میر میراں شمس دیں دلربا دے واسطے

منزل فقر دی کر عطا، از طفیل پیر ما

عبد قادر ثانی سید حامد شاہ دے واسطے

Marfat.com

رہواں کردا بندگی آوے نہ نیڑے گندگی

عبد قادر بندگی حاجت روا دے واسطے

اپنے فضلاں تھیں کدے مینوں جمال اپنا دکھا

سید محمود جمال شاہ اہل فنا دے واسطے

ہر دم سانوں یاد رکھ شاد تے آباد رکھ

روح اللہ شاہ۔ دلربا تے خوش نوا دے واسطے

راہ شریعت دا وکھا تے حقیقت آشنا

عبدالوہاب ہادی راہ ھدی دے واسطے

نور ھدایت کر عطا۔ نالے روشن دل میرا

صالح شاہ، مظہرِ نور خدا دے واسطے

فیض اپنا عام کر۔ نیک ہی انجام کر

فیض اللہ تے عبد واسع دلربا دے واسطے

میری دعا منظور کر۔ غم فکر سب دور کر

علیم اللہ تے محمد شاہ پارسا دے واسطے

گم راہی تھیں بچا۔ سیدھی راہ تے چلا

سید سلطان۔ شاہ گیلانی راہنما دے واسطے

Marfat.com

ہر گھڑی منگاں دعا۔ دو جگ اندر کر بھلا

پیر چھہاں، دیں پناہ اہل رضا دے واسطے

جیہڑا ہو یا آ سوالی، اوہ کدے مڑیا نہ خالی

حیدر شاہ دی ہے عطا، شاہ و گدا دے واسطے

ہاں خاکپائے نادری، حیدری تے قادری

شاہ نادر۔ پیر بہادر، راہ نما دے واسطے

☆☆☆

Marfat.com

# شجرہ طریقت سلسلہ سرو ریہ قادریہ سلطانیہ نادریہ

حشر میں یارب محمد مصطفیٰ کا ساتھ ہو

سید کونین شاہِ انبیاؐ کا ساتھ ہو

حضرت مولا علی شیر خدا خیبر شکن | شاہ حسن بصری امام الاصفیا کا ساتھ ہو

حضرت خواجہ حبیب عجمی چراغ معرفت | خواجہ داؤد طائی رہنما کا ساتھ ہو

حضرت معروف کرخی پیشوائے دو جہاں | سری سقطی نور عرفاں مقتدا کا ساتھ ہو

حضرت شاہ جنیدؒ اہل ولایت کے امام | خواجہ بوبکر شبلی پارسا کا ساتھ ہو

خواجہ بوالفضل ہادی رہنمائے اولیا | حضرت شاہ ابوالفرح بحر سخا کا ساتھ ہو

حضرت شاہ بوالحسن ہنکاری عالی جناب | شیخ قاضی بوسعید ذوالعلا کا ساتھ ہو

حضرت سید عبدالقادر شہباز معرفت | سیدی عبدالرزاق اہل رضا کا ساتھ ہو

حضرت عبدالجبار و یحیےٰ صادق نور حق | شیخ نجم الدین برہان الہدیٰ کا ساتھ ہو

حضرت عبدالفتاح و حضرت عبدالستار | مظہر انوار حق عین البقاء کا ساتھ ہو

عاشق خیر البشر آں حضرت عبدالجلیل | عبدرحمان دھلوی نورھدیٰ کا ساتھ ہو

حضرت سلطان باہو بادشاہ دو جہاں | حضرت ولی محمد حق نما کا ساتھ ہو

Marfat.com

شاہ حسین و مولوی حافظ محمد شمع نور — شاہ غلام باہو قبلہ باصفا کا ساتھ ہو

حضرت صالح محمد ماہتاب قادری — حضرت سلطان حامد پارسا کا ساتھ ہو

خواجہ نور محمد ناصر دین مبین — نور احمد صدر بزم اتقیاء کا ساتھ ہو

نور سلطان راہنمائے مطلع انوار ہو — شیخ کامل فیض سلطان راہنما کا ساتھ ہو

گلبن گلزار عرفاں قبلہء اہل یقین — سیدی رحمت علی اہل صفا کا ساتھ ہو

واقعہ سنانے کے بعد آپ نے پیر 13 جولائی 1964ء، 3 ربیع الاول 1384ھ کے عطا کردہ وظائف کے بارے میں استفسار فرمایا۔ وظائف کے دوران بندہ نے جو کچھ محسوس کیا تھا وہ عرض کیا۔

(ا) میرے پاس بحری جہاز کے نمونے کا کھلونا ہے۔ جس کا رنگ ہلکا سبز ہے۔ مجھے جو بھی مشکل پیش آتی ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے فضل وکرم اور اس سبز رنگ کے بحری جہاز کی برکت سے دور فرما دیتے ہیں۔ کسی شخص نے مجھ سے دریافت کیا یہ تحفہ تمہیں کہاں سے ہاتھ لگا؟ میں نے جواب دیا یہ مجھے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی نے عنایت فرمایا ہے۔

(ب) میں ایک بزرگ کے پاس بیٹھا ہوں۔ کیا دیکھتا ہوں کہ ایک اور بزرگ

Marfat.com

سفید ریش۔ گہرے سبز کپڑوں میں ملبوس تشریف لاتے ہیں۔ میرے ہاتھ میں ایک تختی دے کر اس پر ا۔ب۔پ۔ت۔لکھنا شروع کر دیتے ہیں۔(بطور اصلاح ونمونہ)۔جب گ تک پہنچتے ہیں تو پہلے بزرگ فرماتے ہیں گ تو ان کی پٹی میں سے ہی نہیں۔

میں نے دریافت کیا کہ اصلاح دینے والے بزرگ کون ہیں؟۔

انہوں نے فرمایا سلطان العارفین حضرت سلطان باھو ہیں

(ج) عید میلاد النبی ﷺ کی تقریب سعید ہے۔تمام شہر دلہن کی طرح سجایا گیا ہے۔حضور نبی کریم ﷺ تشریف لاتے ہیں اور انتظامات کا جائزہ لیتے ہیں ایک باب (دروازہ) کے پاس آ کر رک جاتے ہیں۔جس پر سجاوٹ کے علاوہ حضور ﷺ کے روضہ انور اور گنبد خضرا کی شبیہ بنی ہوئی ہے۔آپ اسے دیکھ کر فرماتے ہیں۔دوسری طرف بیت اللہ کی شبیہ بھی ہونی چاہیے۔یہ فرما کر آپ تشریف لے گئے''۔

حضرت شاہ صاحب نے یہ باتیں سنیں فرمایا ٹھیک ہے۔اور خاموش ہو گئے۔عرض کی ہفتہ 22 اگست 1964ء 13 ربیع الثانی 1384ھ کو قصیدہ غوثیہ کا چلہ پورا ہو گیا ہے۔

فرمایا بیشک مگر تم اس وظیفہ کو ہمیشہ جاری رکھو گے۔

''پیر کے دن فجر کی نماز کے بعد آ جانا۔رات تہجد کی پوری بارہ رکعتیں بھی پڑھنا''۔

اس کے بعد میں اجازت لے کر واپس آ گیا۔

☆☆☆

Marfat.com

## چھٹی ملاقات

اور **بیعت** در سلسلہ طریقت سروری قادری نوشاہی

بروز پیر 31 اگست 1964ء 22 ربیع الثانی 1384ھ بمقام ملہو کھوکھر

بحکم شاہ صاحب رات دو بجے بیدار ہوا تہجد کی 12 رکعات ادا کیں ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تین تین بار سورۃ اخلاص پڑھی فجر کی نماز کے بعد شاہ صاحب کی خدمت میں حاضری کے لیے روانہ ہوا راستے میں اللہ تعالیٰ کے پاک کلام قرآن مجید کی چند سورتیں تلاوت کیں پھر حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے وہ اشعار جو انہوں نے پیر و مرشد اور حضرت غوث پاک کی شان میں ارشاد فرمائے ہیں پڑھتا ہوا شاہ صاحب کے ہاں حاضر ہوا ابھی سائیکل کھڑی کی تھی کہ آپ مسجد سے باہر تشریف لائے نہایت تپاک اور خندہ پیشانی سے بیٹھک میں بٹھایا اور فرمایا ''حج کے لیے درخواست دے دو درخواست دینے کے بعد خلوص دل سے قبولیت کی دعائیں نکلتی ہیں اور درخواست منظور ہونے پر بہت خوشی ہوتی ہے''

### واقعہ

فرمایا ''میں نے لاہور میں ایک بوڑھے حجام کو دیکھا جس کی آنکھیں بند رہتی ہیں ان سے ہر وقت آنسو بہتے رہتے ہیں دریافت کرنے پر اس نے بتایا کہ میں حج کے دوران حضور نبی کریم ﷺ کے روضہ اقدس کی جالی کو فرط جذبات سے ہاتھ لگا بیٹھا پہرے دار نے مجھے

Marfat.com

ہاتھ پر اس زور سے ڈنڈا مارا کہ میں بیہوش ہوکر گر پڑا اس عالم میں حضور نبی کریم ﷺ کا دیدار نصیب ہوا آپ نے میرے دکھتے ہاتھ کو اپنے دست مبارک میں لے کر فرمایا یار سے ملنا ہو تو مار کھانا ہی پڑتی ہے اسکے بعد آپ کا رخِ روشن میری آنکھوں سے اوجھل ہوگیا وہ دن اور آج کا دن میری یہی کیفیت ہے کہ فراق حبیب ﷺ میں آنکھوں سے آنسو بہتے رہتے ہیں دل کہتا ہے کہ حضور ﷺ کا روضہ ہو میں بار بار جالی مبارک کو چھوؤں پہرے دار ماریں اور مجھے آپ کا دیدار نصیب ہو"

پھر آپ اپنی آبائی مسجد میں تشریف لے گئے جہاں آپ بچوں کو فجر کی نماز کے بعد قرآن پاک کی تعلیم دیتے ہیں تھوڑی دیر بعد مجھے طلب فرمایا میں حاضر ہوا تو آپ مسجد کی دائیں طرف آخری کونے میں تشریف فرما تھے وہیں اپنے پاس بٹھایا کچھ پڑھتے رہے اس دوران میرا دل دھڑکتا رہا نہ جانے قبول فرماتے ہیں یا دھتکارا جاتا ہوں ہر لحظہ یہی دھڑکا لگا تھا میں سر جھکائے جی ہی جی میں اپنے گناہوں پر شرمائے نگاہ فرشِ مسجد پر جمائے بیٹھا تھا کہ ارشاد ہوا۔

دائیاں ہاتھ دو میں نے دائیاں ہاتھ بڑھایا آپ نے اسے پکڑ کر اپنے دائیں دست مبارک پر رکھا پھر اوپر میرا بائیاں ہاتھ اور اس کے اوپر آپ نے اپنا بائیاں دست مبارک رکھا اور فرمایا پڑھو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔کلمہ طیبہ۔کلمہ شہادت ۔کلمہ تمجید ۔ایمان مجمل ۔ایمان مفصل ۔ فرمایا کہو اے مولا کریم میرے گذشتہ گناہ معاف فرمایئے ( تین بار ) میں فرض ۔ واجب ۔سنت اور مستحب ادا کروں گا ( تین بار ) میں حضور نبی کریم ﷺ کی سنتِ مبارکہ پر عمل کروں گا

Marfat.com

(تین بار) میں سلسلہ عالیہ سروریہ قادریہ نوشاہیہ قبول کرتا ہوں (تین بار)''

پھر آپ نے میرے ہاتھوں سے اپنے دست مبارک الگ کر لیے اور فرمایا دائیاں ہاتھ اپنے قلب پر رکھو میں نے ایسا ہی کیا آپ نے کچھ پڑھ کر میرے قلب پر دم کیا ایک کھجور اور آدھی انار دم کر کے کھانے کو دیا۔

☆☆☆

## مبارک باد

اس کے بعد آپ نے فرمایا ''مبارک ہو

☆ نبی پاک صاحب لولاک ﷺ

☆ حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

☆ حضرت سلطان العارفین سلطان باہو رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

تینوں نے تمہاری بیعت کی مجھے اجازت دی ہے اور تینوں نے بفضل خدا ازراہ کرم تمہاری بیعت قبول فرمائی ہے''

آپ نے مندرجہ ذیل وظائف کی اجازت مرحمت فرمائی

۱ بسم اللہ اللھم صلی علی محمد وعلی آل محمد ایک سو گیارہ بار بعد از نماز فجر ۴۱ دن کا چلہ

۲ خلوت میں نماز کے بعد یا جب بھی موقع ملے بائیں پہلو کی طرف گردن جھکا کر

Marfat.com

قلب پر اس طرح نظر کریں گویا وہاں **اللّٰہ** لکھا ہوا ہے۔ اللہ اندر سے اور ھُو ناک کے رستے نکلے لیکن نگاہ۔ زبان اور لب بند رہیں اس دوران سفیدی غالب رہے گی آہستہ آہستہ قلب زندہ ہو جائے گا اور خود ذکر کرے گا پھر آدمی مرنے کے بعد بھی نہیں مرتا اس کے بارے میں فرمایا گیا ہے کہ ۔ جو دم غافل سو دم کافر۔

آپ نے اس وقت تک اجازت نہ بخشی جب تک صبح کا ناشتہ اپنے سامنے نہ کروالیا رخصت ہوتے وقت میں نے عرض کی ء سے کوہاں تے میرا مرشد و سے باہو پروچ نگاہ دے رکھے ھُو فرمایا اب اس کی تمہیں نہیں ہمیں فکر ہے آپ سے رخصت ہو کر جہلم چلا آیا۔

12-اگست 1962ء کو ''ابیات حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ''

بازار سے خریدی ۔ پڑھی ۔ زبانی یاد کرنا شروع کی اس طرح حضرت سلطان العارفین حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے عقیدت و محبت بڑھتی گئی یہاں تک کہ 31 اگست 1964ء کو آپ ہی کا سلسلہ طریقت سروری۔ قادری نصیب ہوا حالانکہ گذشتہ سال مرشد کی تلاش میں قطبِ زماں حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے آستانہ عالیہ پر بھی حاضری دی مگر نصیب نے یاوری نہ کی۔

☆☆☆

2 ستمبر 1964ء جہلم

Marfat.com

حضور نبی کریم ﷺ نے از راہ کرم اس فقیر کی تسلی و تشفی فرمائی۔

☆☆☆☆

4 ستمبر 1964ء گجرات

صبح بروز جمعہ مبارک حضرت پیر و مرشد کی خدمت میں حاضر ہوا آپ اپنی " بانی مسجد میں بعد از نماز فجر قرآن پاک کا درس دے رہے تھے تقریباً 40 بچے درس میں شامل تھے۔ علیک سلیک کے بعد ایک صف مسجد کے صحن میں بچھوائی اور خود بھی وہیں تشریف لے آئے بڑی شفقت سے اپنے پاس بٹھایا حال احوال دریافت کیا میرے استفسار پر فرمایا۔

" میں نوشاہی اس لیے ہوں کہ میرے باپ دادا کا سلسلہ طریقت یہی تھا اور اس سلسلہ میں بیعت کا حق مجھے انہوں نے ودیعت فرمایا کیونکہ میرے پیرو مرشد سید نصیب علی شاہ صاحب چھپا لے شریف والے سروری قادری تھے لہذا ہم سروری قادری نوشاہی سلسلہ سے منسلک ٹھہرے۔

ایک اور سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا " جو کہے کہ میں کیمیا گر ہوں اور سونا نہ بنا سکے وہ جھوٹا ہے اسی طرح ولی اللہ وہی ہے جو پیر و مرشد کی حیثیت سے مرید کی صحیح رہنمائی کر کے اسے خدا رسیدہ بنا دے اگر وہ خود یہ دعویٰ کرے کہ میں یہ کر سکتا ہوں وہ کر سکتا ہوں تو وہ اپنے اس دعویٰ میں جھوٹا ہے بلکہ اسے یہ عملی طور پر کر کے دکھانا چاہیئے"

Marfat.com

سوال	جو کچھ آپ نے مجھے دکھایا ہے وہ کسی کو بتانے کی اجازت ہے یا نہیں؟

جواب	"یہ صدری چیز ہے اس کا اظہار دوسروں پر نہیں کرنا چاہیے اس طرح ترقی کی منازل طے کرنے میں کئی ایک دشواریاں پیش آتی ہیں بلکہ اپنا بھید چھپا کر اپنی مراد کو پہنچنا چاہیے ہمارے پیر مرشد سید نصیب علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے پاس کوؤں کا ایک جوڑا روزانہ تقریباً دس بجے آیا کرتا تھا آپ انہیں خوب چوری کھلاتے حالانکہ خود خشک روٹی کھاتے تھے۔ مدتوں یہی معمول رہا۔ ایک دن آپ نے فرمایا ان کوؤں نے کل مجھے بڑی اچھی سیر کروائی مجھے فلاں فلاں چیز دکھائی۔ ان باتوں کے ظاہر کرنے سے کوؤں کی جوڑی ناراض ہوگئی اور اس نے ہماری چوری کھانا چھوڑ دیا۔ آپ نے وعدہ فرمایا آئندہ کبھی دل کا معاملہ کسی پر ظاہر نہیں کروں گا۔ تب وہ جوڑا راضی ہوا اور حسب سابق چوری کھانے لگا۔ پس ثابت ہوا کہ مرید کو سلوک کی منزلیں طے کرتے وقت سرشد جو کچھ بھی دکھائے وہ اسے بکمال ضبط سے چھپائے اور اپنی مراد کو پائے۔

آپ نے فرمایا تمہارے پیر بھائی محمد الیاس بھٹی (محلہ مسلم آباد گجرات) نے یہ واقعہ سنایا کہ خواب میں مجھے ایک بڑے جلیل القدر اور بارعب بزرگ ملے ہیں جو پہاڑ میں ڈیرا لگائے بیٹھے ہیں انہوں نے مجھ سے پوچھا کہاں بیعت ہو؟ میں نے بتایا ملھوکھر گجرات میں حضرت سید پیر نادر حسین شاہ گیلانی سے بیعت ہوں بزرگوں نے فرمایا بہت خوب پھر مجھے گلے لگایا اور بہت محبت سے پیش آئے۔"

Marfat.com

آپ نے حسب عادت صبح کا ناشتہ کروایا میں نے اجازت چاہی تو آپ ازراہ عنایت گاؤں سے باہر میرے ساتھ تشریف لائے دیر تک لب سڑک کھڑے باتیں کرتے رہے۔ آپ نے اپنے پیر ومرشد حضرت سید نصیب علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے سوانح حیات پہ لکھی گئی کتاب پڑھنے کو دی۔

فرمایا داڑھی نرخرہ (گھنڈی) کے نیچے منڈوائیں مسوڑوں سے خون آئے تو کڑوے تیل میں باریک نمک ملا کر استعمال کریں صبح شیشم کی تازہ مسواک دانتوں کی صفائی کے لیے بہتر ہے۔

بعد از نماز جمعہ میں الیاس بھٹی صاحب کے ساتھ شاہ جہاں ہوٹل کچہری روڈ پہنچا ہمارے پیر بھائی میر محمد صادق صاحب اور محمد نواز صاحب آف ملہوکھوکھر پہلے ہی وہاں موجود تھے نواز صاحب نے بتایا۔ ''کئی سال گذرے میں ملٹری کی ملازمت کے سلسلے میں مشرقی پاکستان چلا گیا مدتوں گھر والوں کو اپنا اتا پتہ نہ بتا سکا جس سے وہ بہت پریشان تھے ایک دن میرے چھوٹے بھائی اکرم نے شاہ صاحب سے کہا کہ میرے بھائی نواز کے بارے میں کچھ بتائیے آپ نے فرمایا وہ منگل کے روز گھر پہنچ جائے گا چنانچہ میں جب منگل ہی کو گھر پہنچا تو گھر والوں نے مجھے شاہ صاحب کی پیش گوئی سے آگاہ کیا جو سچ ثابت ہوئی۔

دو روز قبل میرا چھوٹا بھائی جو سروس شوز کمپنی میں کام کرتا ہے وقت مقررہ سے خاصی دیر بعد تک رات کو واپس نہ لوٹا تو گھر والے پریشان ہو گئے۔ ہمارے والد شاہ صاحب کی

Marfat.com

خدمت میں حاضر ہوئے آپ اس وقت بھینس کا دودھ دوھ رہے تھے۔آپ نے فرمایا جایئے وہ گھر آ گیا ہے عرض کی ابھی گھر ہی سے آ رہا ہوں فرمایا آپ جائیں تو جب وہ گھر آئے تو بھائی اسلم آیا بیٹھا تھا۔ ہمارے گھر والے شاہ صاحب کے اتنے معتقد نہیں جتنے کہ ہم مرید ہیں تاہم جب بھی انہیں کوئی مشکل پیش آتی ہے وہ انہی کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں ان کا کہنا ہے کہ ہمارے گاؤں میں یہی سچے۔سچے سید ہیں۔

☆☆☆

12 ستمبر 1964ء جہلم

راقم نے خواب میں دیکھا ''شاہ صاحب کے رخ مبارک پر حسب معمول مسکراہٹ ہے اور آپ میری استدعا پہ میرے ایک دوست کو بغیر کسی تردد کے فوری بیعت سے سرفراز فرمارہے ہیں''۔

☆☆☆

ہفتہ 17۔اکتوبر 1964ء

آپ سے ملاقات کیے تقریباً ڈیڑھ ماہ گذر گیا۔ ہفتہ 17 اکتوبر کو گیارھویں شریف کے ختم کے سلسلہ میں آپ کے ہاں حاضر ہونے سے پہلے میر صادق صاحب کی دکان پر ہی آپ سے ملاقات ہوگئی۔رات بمعہ اہلیہ حاضر ہونے کا حکم ہوا۔مغرب سے تھوڑی دیر پہلے آپ کے ہاں پہنچے۔

Marfat.com

## حضرت پیرومرشد سے اہلیہ کی بیعت

18۔اکتوبر اتوار کی صبح مسجد میں تشریف لائے اور بلا کر اپنے ساتھ بیٹھک میں لے گئے جہاں اہلیہ اور سردار بیگم سکنہ نیا محلہ جہلم موجود تھیں ان دونوں کی بیعت کا ذکر چھیڑا گیا دونوں کو وضو کرانے کے بعد بیعت سے مشرف فرمایا اس طرح میرے 12 ستمبر جہلم والے خواب کی مجھے تعبیر مل گئی۔

آپ نے فرمایا۔"عورت کو اپنے خاوند کی فرماں برداری کرنی چاہیے جہاں مرد بیعت ہو وہیں عورت کی بیعت ہونی چاہیے تاکہ اگر اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے مرد کو روز محشر بخش دے تو وہ اپنی عورت کی شفاعت کر سکے۔

اگر مرد غیر شرع کام کرے یا اس کا مرشد خلاف شرع عمل کرنے والا ہو تو عورت پر اپنے مرد کی اتباع فرض نہ ہوگی"۔

دونوں بیبیوں نے بیعت کے وقت فرض۔واجب۔سنت اور مستحب کو نبھانے کا وعدہ کیا اور سلسلہ عالیہ سروریہ قادریہ نوشاہیہ قبول کیا اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے محبوب ﷺ اور اپنے اولیاءعظام کے فرمودات پر عمل کرنے اور ثابت قدم رہنے کی توفیق عطا کرے (آمین)

آپ نے مجھ سے فرمایا"داتا صاحب گئے ہوئے کتنا عرصہ ہوا؟"۔

عرض کی ڈیڑھ دو سال۔فرمایا کہ نیا چاند ہونے پر ماہ رجب میں ضرور جانا عرض کی کس دن فرمایا کسی بھی دن۔مگر پہلی جمعرات بہتر رہے گی۔عرض کی وہاں کے آداب سکھا دیجئے۔

Marfat.com

فرمایا کوئی ضرورت نہیں۔خود پتہ چل جائے گا رات گذارنے کے بعد صبح تقریباً آٹھ بجے ہم پیر خانہ سے گجرات کے لیے روانہ ہوئے یہاں سے سوا گیارہ بجے ریل کے ذریعے جہلم پہنچے کیونکہ صدر محمد ایوب خاں کی آج گجرات میں آمد کی وجہ سے تمام بس سروس معطل ہے۔

☆☆☆

## بچی کا انتقال

17 اکتوبر بروز ہفتہ میر صادق صاحب نے بتایا کہ حضرت صاحب کی تقریباً ڈیڑھ سالہ بچی اللہ کو پیاری ہوگئی ہے۔آپ کے ہاں حاضر ہوئے اور دعا کے لے استدعا کی آپ حسب معمول مسکراتے رہے اور دعا کے بعد افسوس کا ایک کلمہ بھی زبان پر نہ لائے۔

☆☆☆

## بیعت سے قبل راقم کی اہلیہ نے مندرجہ ذیل خواب دیکھے ؟

☆ حضرت پیرومرشد ایک تختِ چوبی پر تشریف فرما ہیں

☆ ایک بزرگ فرما رہے ہیں میلاد شریف کراؤ اللہ تعالیٰ سب سختیاں معاف فرما دے گا۔

☆ ایک بزرگ نے یہ کلمہ پڑھنے کا ارشاد فرمایا سبحان ربی العظیم

☆ حضور نبی پاک ﷺ اور ان کے ساتھ ایک بزرگ کی زیارت نصیب

Marfat.com

ہوئی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "ہم دس روز سے تمہارے گھر کا پہرہ دے رہے ہیں۔"

حضرت پیرومرشد شاہ صاحب کی خدمت میں آپ کی اجازت سے یہ خواب بیان کئے گئے۔ تو آپ نے فرمایا سبحان ربی العظیم کا ورد کیا کریں۔ اور جن بزرگوں کی نبی پاک ﷺ کے ساتھ زیارت ہوئی وہ سلطان العارفین حضرت **سلطان باھو** رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تھے۔

☆☆☆

## بیعت کے بعد اہلیہ نے مندرجہ ذیل خواب دیکھے

پیر 19۔ اکتوبر 1964ء جہلم

سول لائن پہ ظفر اقبال قریشی صاحب ڈی۔ پی۔ ای ڈگری کالج جہلم کے گھر میں ہیں اچانک شور سنائی دیا۔ باہر دیکھنے پہ معلوم ہوا بے پناہ ہجوم کے درمیان لوگ ایک جنازہ لیے جا رہے ہیں۔ حضرت پیرومرشد نے اسے کندھا دے رکھا ہے۔ یک لخت ایک رعب دار آواز سنائی دی "ٹھہرو! اسے مجھ سے ملنے دو یہ زندگی بھر مجھے یاد کرتا رہا آج وقت ہے کہ میں اسے یاد کروں۔" یہ آواز حبیب کبریا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی تھی۔ آپ نے جنازہ کو سینے سے لگا لیا یہ جنازہ تمہارا (راقم) تھا۔

☆☆☆

Marfat.com

10 نومبر 1964ء منگل گجرات

ایک بڑے خوبصورت مزار پر بے شمار درویش۔ فقیر اور ملنگ جمع ہیں۔ ایک گھڑ سوار سبک رفتار۔ خوش اطوار۔ شیریں گفتار صاحب جلال بزرگ تشریف لائے۔ انہیں دیکھ کر میں نے کہا ”کتھے مہر علی کتھے تیری ثناء گستاخ اکھیاں کتھے جالڑیاں“۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ گھڑ سوار بزرگ غوث زماں حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب تھے۔

☆☆☆

پیر۔ 28۔ دسمبر 1964ء

حضور نبی کریم ﷺ کے روضہ پاک کی زیارت نصیب ہوئی

پیر۔ 11۔ جنوری 1965ء

حضرت پیر و مرشد کے ساتھ مل کر ہم نے نعت ”شاہ مدینہ یثرب کے والی“ پڑھی۔

☆☆☆

ہفتہ۔ 23 جنوری۔ 1965۔ جہلم

میری گود میں نور کی نہر بہہ رہی ہے کہتے ہیں کہ یہ نبی پاک ﷺ کے نور کی نہر ہے اپنے دونوں بچوں کے منہ اس میں دھوئے۔

☆☆☆

اتوار۔ 24۔ جنوری۔ 1965ء جہلم

Marfat.com

آپ اللہ کی رضا چاہتے ہیں۔اللہ کی رضا ملہوکھوکھر میں ہے

☆☆☆

ہفتہ۔30۔جنوری۔1965ء جہلم

حضرت سلطان العارفین سلطان باھو رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مزار پُر انوار کی حاضری نصیب ہوئی۔اور وہاں پانی پیا۔

☆☆☆

جمعہ 23۔جولائی۔1965ء جہلم

ایک مزار پر حاضری ہوئی صاحب مزار سامنے موجود ہیں کہتے ہیں یہ داتا صاحب ہیں ان سے جو مانگنا ہے مانگ لو۔چنانچہ دعا مانگی۔بڑا ایمان افروز نظارہ تھا۔

☆☆☆

منگل 27۔جولائی۔1965ء لاہور

ایک نہایت ہی حسین وجمیل ہیرے جواہرات موتیوں سے مزین سنہری تخت حُورو ملائک اٹھائے آسمان کی جانب لے جارہے ہیں پوچھنے پر بتایا گیا کہ نبی پاک ﷺ کی سواری جارہی ہے۔

☆☆☆

بدھ 11 نومبر 1964ء ملہوکھوکھر

Marfat.com

صبح تقریباً نو بجے اہلیہ اور دونوں بچوں کے ساتھ آپ کے آستانہ عالیہ پہ حاضر ہوئے بڑی خندہ پیشانی اور تپاک سے پیش آئے کم وبیش تین گھنٹے ہمارے ساتھ رہے۔ اہلیہ اور بندہ نے باری باری اپنے خواب سنائے سن کر فرمایا ''ٹھیک ہیں''۔ فرمایا ''اگر مرشد قادری سلسلہ طریقت سے منسلک ہو تو اس کا فیض جاری رہتا ہے اور کسی دوسرے شخص کی بیعت مناسب نہیں اگر مرشد چشتی۔ سہروردی۔ یا نقشبندی سلسلہ سے تعلق رکھتا تھا تو مرید کسی اور کو اپنا مرشد بنا سکتا ہے اس صورت میں لازمی ہے کہ نیا مرشد قادری ہو کیونکہ قادری مالک ہیں اور باقی سلسلے ان کے تابع اور مملوک ہیں۔'' اس کے بعد آپ اندر تشریف لے گئے حلوہ اور پراٹھے لے کر واپس آئے اور فرمایا کہ یہ لنگر ہے۔ آپ نے ازراہ کرم ہمیں گیارھویں شریف کا ختم چاند کی تیرھویں رات کو اپنے گھر میں دلانے کی مستقل طور پر اجازت دی اور ختم غوثیہ کا نسخہ بھی عطا فرمایا۔

☆☆☆

جمعرات۔12۔نومبر۔1964ء

حضرت شاہ صاحب۔ آپ کے بڑے بھائی پیر جماعت علی شاہ صاحب۔ میر محمد صادق صاحب۔ الیاس بھٹی صاحب۔ اور ناصر (پیر بھائیوں) کے ساتھ جے۔ ایس۔ کارواں کی بس سے لاہور روانہ ہوئے سوا دو بجے کے قریب لاہور پہنچے مستی گیٹ کے باہر لاری اڈا کے قریب مسجد غوثیہ میں نماز ظہر ادا کی۔ کشمیری بازار میں شیخ غلام علی اینڈ سنز سے آپ نے اپنے

Marfat.com

دست مبارک سے ''بہار شریعت'' خرید کر عنائیت فرمائی جو بفضل خدا آج بھی بندہ کے پاس موجود ہے۔محلہ مذہبیاں اندرون یکی گیٹ مسجد غوثیہ کے امام صاحب کے ہاں سامان رکھا۔اور حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے دربار پہ حاضری کے لیے روانہ ہوئے مغرب کی نماز آپ کی مسجد میں ادا کی صفِ اول میں دائیں طرف امام صاحب کے بالکل قریب جگہ مل گئی۔ نماز سے فارغ ہو کر حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے شمالی پہلو میں سلامی کے لیے حاضر ہوئے اپنے پیر و مرشد کے بائیں پہلو میں۔ میں ہاتھ باندھ کر کھڑا ہو گیا۔اس سے پہلے کئی بار یہاں حاضر ہو چکا تھا۔مگر جو لطف اور نظارہ اب دیکھا پہلے کبھی نصیب نہیں ہوا۔یوں محسوس ہوتا تھا کہ حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ میری آنکھوں کے سامنے موجود ہیں ہر طرف نور ہی نور ہے لوگ عقیدت کے پھول پیش کر رہے ہیں۔کوئی آپ کی جالی سے لگا آہیں بھر رہا ہے۔کوئی دور ہی کھڑا آہ وزاری کر رہا ہے۔ایک داتا ہزار منگتے۔ من کی مرادیں لینے حاضر خدمت دست بستہ کھڑے ہیں بڑا سرور آیا بعد از نماز عشاء یکی گیٹ والی مسجد غوثیہ میں واپس آئے۔اور یہیں رات بسر کی۔

اسی مسجد میں رات خواب میں دیکھا کہ حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے دربار پہ حاضری کے بعد اس مسجد میں سو گئے ہیں مگر ہمارے پیر و مرشد نماز میں کھڑے ہیں۔ ایک بزرگ ان کے پاس آئے اور آپ کے کمبل سے دھاگے ادھیڑ کر الیاس بھٹی صاحب کو دیئے پھر ایک سرا میرے ہاتھ میں تھما دیا اور خود کمبل ادھیڑنا شروع کر دیا۔ یہاں تک کہ میرے

Marfat.com

پاس بھٹی صاحب سے زیادہ دھاگہ جمع ہوگیا۔ ایک دو بار الجھنیں پڑیں۔ میں نے سوچا اب دھاگہ توڑ دیا جائے گا۔ مگر آپ نے کمال شفقت سے الجھنوں کو سلجھایا۔ اور اچھا خاصا دھاگہ عطا فرما کر حکم دیا۔ اسے جوڑ کر اور تہ کر کے گلے میں ڈال لو۔ پھر ہمارے پیرومرشد کی طرف مخاطب ہو کر بزرگوں نے فرمایا'' کیوں۔ محمد بوٹیا اب خوش ہے؟'' یہ کہہ کر تشریف لے گئے۔

صبح یہ خواب میں نے اپنے پیرومرشد کو سنایا۔ فرمانے لگے۔'' حاضری قبول ہوگئی ہے۔ اس خواب کی یہی تعبیر ہے۔ رات جب تم حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے دربار میں حاضری کے وقت میرے پہلو میں کھڑے تھے تو حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تمہارے بائیں کندھے پر دستِ شفقت پھیر رہے تھے۔ گویا تمہاری حاضری آپ نے قبول فرما لی۔ اب تمہاری اگلی حاضری حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے حضور ہوگی۔''

☆☆☆

جمعہ مبارک 13۔ نومبر 1964ء

حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مزار پُر انوار کی حاضری کے بعد ہم اپنے پیرومرشد اور ان کے بڑے بھائی جماعت علی شاہ صاحب کے ساتھ صبح آٹھ بجے جے۔ ایس۔ کارواں کی بس سے گجرات کے لیے روانہ ہوئے۔ سوا دس بجے کے قریب بس گجرات پہنچی اور آپ نے ازراہ نوازش غریب خانہ پہ قدم رنجہ فرمایا اور تقریباً دو گھنٹے آپ کا ہمارے ہاں قیام

Marfat.com

رہا۔

☆☆☆☆

## عجیب واقعہ

آپ کی تشریف آوری پر ہم آپ کے ساتھ بیٹھے باتیں کر رہے تھے کہ ہماری پڑوسن اپنی ساس کے ہمراہ ہمارے ہاں آئی اور حیرت و استعجاب سے یہ واقعہ بیان کیا۔ ''آج سے تقریباً پندرہ روز پہلے میں نے خواب میں دیکھا کہ آپ کے پیرومرشد تشریف لائے ہیں اور بلقیس کے پاؤں کے انگوٹھے پکڑ کر اُسے جگا رہے ہیں۔ یہ عجیب منظر میں آپ کے گھر سے باہر کھڑی دیکھتی رہی اور واپس چلی گئی مگر یہ خواب میں نے کسی سے بیان نہیں کیا اسی دوران بلقیس جہلم سے آئیں لیکن میں نے ان سے بھی اپنے خواب کا ذکر کرنا مناسب نہ سمجھا۔ آج جب آپ کے پیرومرشد تشریف لائے اور میں نے انہیں دیکھا تو بہت حیران ہوئی کیونکہ خواب میں میں نے ان ہی بزرگوں کو آپ کے گھر میں دیکھا تھا۔''

آپ نے یہ واقعہ ہمارے ساتھ سُنا مگر حسب معمول صرف مسکرا دیئے کوئی جواب نہ دیا اسی دوران جمعہ کی نماز کا وقت ہو گیا اور میں آپ کے ساتھ جامع غوثیہ چوک پاکستان میں آ گیا۔ اور ہم نے حضرت مفتی احمد یار خان صاحب نعیمی کی اقتداء میں نماز جمعہ ادا کی۔ نماز کے بعد آپ میر صادق صاحب کے ہاں تشریف لے گئے اور میں آپ سے اجازت لے کر بمعہ اہل وعیال جہلم واپس آ گیا۔

Marfat.com

آپ نے سترہ اکتوبر کی ملاقات میں رجب کی پہلی جمعرات کو داتا صاحب کے ہاں حاضری کا حکم دیا تھا اس ارشاد کی تعمیل جمعرات 12 نومبر 1964ء کو ہوئی یہ رجب ہی کی پہلی جمعرات تھی حاضری آپ۔آپ کے بڑے بھائی میر اور صادق صاحب۔الیاس بھٹی صاحب کی معیت میں ہوئی۔اور آپ کے ارشاد کے مطابق حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا دست شفقت بھی نصیب ہوا۔

☆☆☆

## تشریف آوری

بدھ 16۔دسمبر 1964ء

شام کے وقت جہلم سے گجرات پہنچا۔صبح نو بج کر چالیس منٹ پر آپ کے ہاں حاضر ہوا۔مریضوں سے فارغ ہو کر میری درخواست پر آپ میرے ہمراہ دوپہر ایک بجے جہلم کے لیے روانہ ہوئے۔شاہین ٹیلرنگ ہاؤس چوک پاکستان سے بعد از نماز ظہر بس سٹینڈ پر پہنچے۔گجرات پنجاب بس کے ذریعے چار بجے جہلم اڈا پر اترے نماز عصر وہیں پر ادا کر کے ہمارے ہاں تشریف لائے۔

گیارھویں شریف کا ختم ہر چاند کی 13 ویں رات دلانے کی اجازت دے چکے ہیں۔فرمایا یہی تمہارے لیے بہتر ہے۔کبھی ہم اس ختم میں شامل ہوں گے اور تم کبھی گیارھویں رات کو ملہو کھوکھر آ سکتے ہو۔اسی سلسلہ میں آپ کو زحمت دی بعد از نماز عشاء آپ نے ختم غوثیہ

Marfat.com

پڑھایا۔ اس کے بعد رات 12 بجے تک نعت خوانی ہوتی رہی ۔ میں نے حضرت سلطان العارفین سلطان باھو رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے وہ اشعار سنائے جو آپ نے پیرومرشد اور غوث پاک کی شان میں لکھے ہیں ۔اس کے بعد میاں محمد بخش صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ آف کھڑی شریف کا کلام پیش کیا۔ فارغ ہونے کے بعد آپ نے فرمایا اس شعر کا کیا مطلب سمجھتے ہو؟۔

جنہاں اکھیاں دلبر ڈٹھا اوہ اکھیاں تک لیاں

ایہہ ملیا تاں اوہ بھی ملسی ہن آ ساں لگ پیاں

میں نے عرض کی مرشد مل گیا ہے نبی پاک ﷺ بھی مل جائیں گے ۔فرمایا نہیں بلکہ جب نبی پاک ﷺ معراج کی شب اللہ تعالیٰ کے دیدار اور ہمکلامی سے مشرف ہوکر واپس تشریف لائے تو چھٹے آسمان پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے آپ کو دیکھا یہ شعر اس بات کی ترجمانی کرتا ہے۔ کہ موسیٰ علیہ السلام نے طور پہ اللہ تعالیٰ کو دیکھنے کی آرزو کی تھی ۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے موسیٰ آپ مجھے نہیں دیکھ سکتے ۔اس ملاقات کے بعد موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا آپ اللہ تعالیٰ کو دیکھ کر واپس تشریف لا رہے ہیں ۔آپ نے اس کا دیدار کیا ہے میں نے آپ کا دیدار کر لیا ہے۔

پھر فرمایا ''میاں صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے گھگی اور شکاری کا قصہ لکھا ہے۔

اک دن کرن شکار شکاری بارے اندر آیا۔ اس سے آپ کیا سمجھتے ہیں ۔'' عرض کی محض قصہ ہے اس کی معرفت سے میں آگاہ نہیں فرمایا'' گھگی ۔قلب و روح ہے ۔جو تجلیات

ذاتِ حق کا مرکز ہے۔ باز۔ شیطان۔ شکاری۔ نفس ہے۔ ناگ مرشد ہے۔ جس نے شیطان اور نفس دونوں کا خاتمہ کیا۔" میری زباں سے بے اختیار نکلا۔

عارف دی گل عارف جانے کی جانے نفسانی ھُو

سوال۔۔۔۔۔کیا نبی کریم ﷺ کی مجلس روزانہ کئی مقامات پر ہوتی ہے۔اور اس میں اولیاء کرام حاضر ہوتے ہیں؟

جواب۔۔۔۔۔فرمایا ٹھیک ہے پچھلے رمضان شریف یعنی 1962ء میں مسجد افغاناں (دریا والی مسجد) جہلم میں کئی روز تک یہ مجلس رہی۔ سبز جھنڈے ہر طرف نہایت عالی شان اور خوش نما دکھائی دیتے تھے۔ نہ زمین پر نہ آسمان پر بلکہ زمین سے کچھ اوپر۔ اس مسجد میں سال کے دوران تین دن مجلس منعقد ہوتی ہے۔ تھوڑے سے توقف کے بعد مسکرا کر فرمایا ایک دفعہ میں بھی اس مجلس میں حاضر ہوا تھا۔ کچھ عرصہ قبل ایک بے روزگار آدمی میرے پاس آیا اور دعا کی التجاء کی میں نے کہا مسجد افغاناں جہلم میں چلے جاؤ۔ سلام عرض کرو اپنی غرض بیان کرو تمہیں وہاں کوئی نظر نہیں آئے گا۔ تاہم تمہارا کام بفضل خدا ہو جائے گا۔ اس نے ایسا ہی کیا اگلے ہی روز ایک آدمی گھر آ کر اُسے منگلا کام پر لے گیا تھوڑے ہی عرصے میں اس کے پاس اتنا مال جمع ہو گیا کہ وہ مکان کی تعمیر میں لگ گیا۔ میں نے اسے کام بن جانے کے بعد دوبارہ اُسی مسجد میں حاضری کے لیے کہا تھا۔ وہ وعدہ بھول گیا۔ پھر کچھ عرصہ کے بعد کسی غرض سے میرے پاس آیا۔ مگر میں موجود نہیں تھا۔ میرے والد صاحب سے ملا جب بیٹھک میں داخل ہوا تو شوروغل

Marfat.com

کرنے اور اچھلنے کودنے لگا۔ تھوڑی دیر بعد اس کی حالت ٹھیک ہوئی۔ تو والد صاحب کے دریافت کرنے پر کہنے لگا۔ کہ میرا کام بن جانے کے بعد مجھے مسجد افغاناں جہلم میں حاضری دینے کو کہا گیا تھا۔ مگر میں نہیں گیا آج اسی کوتاہی پر مار پڑی ہے۔ اس کے بعد مسجد افغاناں میں حاضر ہوا اور معافی طلب کی۔ ان دنوں حضور ﷺ کی مجلس اسی مسجد میں تھی۔ اکثر آپ کی مجالس پرانی اور ویران مسجدوں میں منعقد ہوتی ہیں۔''

☆☆☆

## بیعت

حاضرین میں سے دو نے بیعت ہونے کی خواہش ظاہر کی آپ نے فرمایا'' مجھے لوگوں کو بیعت کرنے کا کوئی شوق نہیں۔ بلکہ میں اس سے شرماتا ہوں۔ پھر میری طرف اشارہ کرکے فرمایا جب یہ بیعت کی غرض سے آیا تھا۔ اس کو بھی بیعت کرنے کا کوئی ارادہ نہیں تھا۔ مگر اسی رات حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بمعہ 8 گھڑ سواروں کے ہمارے ہاں تشریف لائے اور ہماری مسجد میں دوگانہ ادا فرمایا۔ میں نے اس واقعہ کو اس کے حق میں اشارہ تصور کیا کیونکہ اس کا روحانی تعلق حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے پہلے ہی قائم ہو چکا تھا۔ اور یہ ان کا معتقد تھا۔ جس کا اسے فائدہ پہنچا۔''

حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

Marfat.com

فرمایا ''میں ایک روز داتا صاحب کی مسجد میں موجود تھا۔ کہ میرے مرشد حضرت پیر سید نصیب علی شاہ صاحب تشریف لائے۔ اور فرمایا داتا صاحب سے ملاقات ہوئی میرے انکار پر فرمایا۔ اچھا۔ میں کیا دیکھتا ہوں۔ کہ حضور داتا صاحب تشریف لا رہے ہیں۔ ہم سب کھڑے ہو گئے۔ میرے مرشد نے میرا ہاتھ پکڑ کر حضور داتا صاحب کے ہاتھ میں دیا۔ اور عرض کی حضور یہ میرا بیٹا ہے اس کا خیال فرمائیے گا۔''

☆☆☆

## اولیاء اللہ

فرمایا ''جہاں بھی اولیاء اللہ ہوتے ہیں زمین کے اوپر ہوں یا نیچے وہیں اللہ کی رحمت برستی ہے۔ اس مقام پر اس کا خاص فضل و کرم ہوتا ہے اس لیے اولیاء اللہ کی صحبت میں بیٹھنا اور ان کے مزارات پر جانا باعث رحمت و برکت ہے۔''

☆☆☆

## عقیق عطاء کیا

فرمایا ''ہاتھ دکھاؤ'' میں نے بائیاں ہاتھ سامنے کیا فرمایا دوسرا ہاتھ دکھاؤ میں نے دائیاں ہاتھ دکھایا۔ فرمایا میں ہاتھ نہیں دیکھا کرتا یہ بتاؤ کبھی انگوٹھی پہنی ہے عرض کی نہیں فرمایا پہنا کرو یہ سنت ہے۔ پھر ایک سفید نیلگوں پتھر عنائیت کیا اور فرمایا اسے چاندی کی انگوٹھی میں

Marfat.com

جڑوا کر پہننا۔ یہ عقیق سلیمانی ہے میرے لیے مدینہ پاک سے ایک آدمی لایا تھا۔ گذشتہ چھ ماہ سے جیب میں پڑا ہے ایک دفعہ میر صادق کو دینے کا ارادہ ہوا جیب سے نکالا پھر ارادہ بدل گیا۔ دوبارہ جیب میں رکھ لیا۔ آج پھر نکالا ہے اور تمہیں دے رہا ہوں۔''

☆☆☆

## بواسیر

فرمایا بواسیر کے لیے وتر کی پہلی رکعت میں سورۃ وتین دوسری میں قل یاایھا الکفرون اور تیسری رکعت میں قل ھواللہ احد پڑھیں۔

دانتوں کی تکلیف ہو تو عشاء کی پہلی چار سنتوں میں چاروں قل پڑھیں۔

بارش نہ ہوتی ہو۔ لڑائی ختم کروانی ہو۔ روزہ تنگ کرے۔ پیاس کی شدت ہو۔ تو انا اعطینک الکوثر پڑھیں۔ بخار نہ اترتا ہو تو یاد حیظ تین بار لکھ کر ایک تعویذ بنائیں اور نبض پر باندھ دیں صبح کھول کر پانی میں ڈال آئیں اور دوسرا تعویذ باندھیں تین دن یہی عمل دہرائیں۔

☆☆☆

درد سر اور درد شقیقہ

Marfat.com

کے لیے سورۃ مریم شروع تا شقیا اور یا اللہ۔ یا رحمٰن۔ یا رحیم پڑھ کر دم کریں اور تعویذ باندھیں۔

آپ نے اپنے دست مبارک سے یہ نعت لکھ کر عطا فرمائی۔

اج ماہی میرا عرشاں تے معراج مناون چلیا اے
ایس سُتی ہوئی امت دی قسمت جگاون چلیا اے
اوہ محرم راز حقیقت دا سر پہن کے تاج شفاعت دا
اج راتوں راتیں بن ٹھن کے امت بخشاون چلیا اے
اوتھے طور تے موسیٰ نوں سی حکم نعلین اتارن دا
اُتھے جوڑیاں نال حبیب ساڈا عرش سجاون چلیا اے
اٹھو خوش قسمت پیارو اٹھو خوش بخت گنہگارو
محبوبِ خدا اج امت دی بگڑی بناون چلیا اے
جنہوں لوکی خاکی آ کھدے سن نالے اپنے ورگا جاندے سن
اوہ خاکی ویکھو نوریاں نوں سبق پڑھاون چلیا اے
اعظم معراج اک بہانا ایں دراصل والی عرشاں دا
دونہہ نوراں نوں اک جا کر کے دوئی مٹاون چلیا اے

☆☆☆

Marfat.com

جمعہ مبارک18۔دسمبر۔1964ء

صبح تقریباً ساڑھے آٹھ بجے آپ ہمارے ہاں جہلم میں قیام کرنے کے بعد گجرات پنجاب بس سے گجرات کے لیے روانہ ہوئے۔کیونکہ آپ نے بوکن شریف (گجرات) جمعہ کی نماز پڑھانا تھی۔اس گاؤں میں نماز جمعہ کی ابتداء آپ ہی نے فرمائی۔

☆☆☆

منگل29۔دسمبر1964ء

میں نے دیکھا" کہ ایک وسیع وعریض قبرستان میں حضور نبی کریم ﷺ قبروں کی طرف اشارہ فرما کر احوال آخرت بیان کر رہے ہیں"۔

☆☆☆

بدھ30۔دسمبر1964ء

"دو آدمیوں کے سامنے میں نے اللھم صلی وسلم علی سیدنا ومولانا محمد وعلی آل سیدنا ومولانا محمد وبارك وسلم پڑھا۔نعرہ مارا اور دم توڑ دیا"۔

☆☆☆

منگل5جنوری1965ء

Marfat.com

''حضرت شاہ دولہا دریائی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہاں حاضری نصیب ہوئی۔''

''ایک بزرگ کہتے ہیں کہ میرے ہاں ہر روز نبی پاک ﷺ کی محفل ہوتی ہے تمہیں فلاں جسمانی بیماری ہے۔ اگر چاہو تو علاج کروں؟ عرض کی جسمانی بیماری کو رہنے دیجئے البتہ اگر آپ نبی پاک ﷺ کی محفل پاک میں مجھے بھی لے چلیں اور ایک جھلک دکھا دیں۔ تو مہربانی ہوگی۔ خواہ اس کے فوراً بعد میری روح پرواز ہی کیوں نہ کر جائے۔''

☆☆☆

بدھ 20۔ جنوری 1965ء جہلم

''آسمان پہ بادل کے ٹکڑے اِکا دُکا نظر آتے ہیں۔ ایک ہلکے سے ٹکڑے کی طرف نگاہ اٹھی تو نہایت روشن چمکدار۔ جلی حروف میں آسمان پر ''یا اللہ۔ یا محمد'' اور اس قسم کے کئی اسماء پاک اور آیات کریمہ ابھریں اور اوجھل ہو گئیں۔ اتنا پاکیزہ خط میں نے پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ چمک ایسی گویا چاند کو ٹکڑے کر کے جڑ دیئے گئے ہوں۔''

☆☆☆

اتوار 14۔ فروری 1965ء گجرات

''حضور نبی کریم ﷺ کے روضہ انور کا سبز گنبد بلند مینار منقش در و دیوار دو تین دفعہ دیکھیں۔ ایک عمارت مسجد کی صورت میں نظر آئی جس میں خوبصورت ٹائلیں لگی ہوئی ہیں۔

Marfat.com

جو بائیل پر نبی کریم ﷺ اور حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے محاسن درج ہیں۔"

"حضرت پیر و مرشد کالی شیروانی میں ملبوس نماز میں مصروف ہیں۔ اور میں ان کے قدموں میں اسطرح لوٹ رہا ہوں گویا مجھ پہ وجد طاری ہے۔"

☆☆☆

اتوار 9۔ مئی 1965ء

"بہت بڑے قبرستان سے گذر ہوا نہایت خوف زدہ ہوں مرشد پاک کا بتایا ہوا درود شریف پڑھنا شروع کیا۔ ایک باریش بزرگ قبر سے چہرہ باہر نکال کر کاغذ پر کچھ پڑھ پڑھ کے پھونکتے ہیں۔ دس۔ پچاس۔ اور سو سو کے نوٹوں کا ڈھیر لگاتے ہیں۔ پھر وہ سارا ڈھیر میرے حوالے کر دیتے ہیں۔ (الحمد اللہ مجھے آج کسی چیز کی کوئی کمی نہیں)۔"

"ایک بہت ہی گہرا غار ہے جس میں جھانکنے سے خوف آتا ہے اسے پار کرنے کے لیے اس پر ایک رسہ لٹک رہا ہے۔ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلیٰ آلک واصحابک یا حبیب اللہ کا ورد کرتا ہوا اس غار سے پار ہو جاتا ہوں۔"

☆☆☆

والدہ ماجدہ کا انتقال "انا للہ وانا الیہ راجعون"

Marfat.com

بدھ 27 جنوری 1965ء جہلم

حضرت شاہ صاحب کی طرف سے آج یہ خط موصول ہوا ''20 تاریخ کو میری والدہ ماجدہ کا نماز مغرب اور صلوٰۃ اوابین کے بعد انتقال ہو گیا۔ اطلاع دی جا رہی ہے''۔

آپ کا یہ خط ملنے کے بعد 28 جنوری کو حاضر خدمت ہوا اظہار افسوس اور دعا کے بعد واقعات معلوم کیے تو فرمایا۔ ''کوئی بیماری یا تکلیف نہ ہوئی۔ روزہ افطار کیا۔ مغرب کی نماز اور اوابین کے نوافل ادا کرنے کے بعد سب بیٹھے تھے۔ میں اجازت لے کر مسجد میں گیا۔ تراویح کی سترھویں رکعات پڑھ رہے تھے کہ آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا گیا۔ ایسے محسوس ہوا کوئی روشن شمع گل ہوگئی ہے۔ میں سمجھ گیا کہ والدہ ماجدہ داغ مفارقت دے رہی ہیں۔ گھر سے بلاوا آیا۔ میں نے نماز پوری کی گھر پہنچا۔ آپ پر نزع کا عالم طاری تھا۔ والد صاحب اور میں نے اِلَّا اللّٰہ کی ضرب لگائی آپ نے بھی دو دفعہ جواب دیا اور اللہ کو پیاری ہوگئیں۔ اگلے روز۔ جمعرات کو ظہر کی نماز کے بعد حضرت پیر سید ولایت شاہ صاحب نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی۔ ختم قل تک بائیس قرآن پاک پڑھے گئے۔ آپ کا انتقال سترہ رمضان مبارک کو ہوا۔ دو ہجری میں اسی تاریخ کو اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو کفار کے مقابلے میں بدر کے مقام پر عظیم فتح عطا فرمائی۔''

آپ کے معمولات میں کوئی فرق نہیں آیا۔ حسب سابق و عادت مسکرا مسکرا کر

Marfat.com

باتیں کرتے رہے۔ اسی اثناء میں آپ کے والد ماجد تشریف لائے انہوں نے بھی اللہ کی رضا پر دلی اطمینان کا اظہار فرمایا۔ کسی قسم کا گلہ شکوہ نہیں کیا۔

حضرت صاحب نے فرمایا'' کئی بار ایسا ہوا کہ ایک بس میں سوار ہوتے ہوتے رہ گیا۔ دوسری بس میں سفر کیا۔ پہلی بس راستے میں حادثہ کا شکار ہو چکی تھی۔ ایک دفعہ تین ٹکٹیں باقی تھیں۔ دو آدمی اور آ گئے۔ مگر میرا دل نہ مانا ٹکٹ لیے بغیر چلا آیا۔ ایک دفعہ بس میں داخل ہوا۔ بیٹھنے ہی والا تھا کہ پھر اُتر آیا بعد میں آنے والی بسوں سے سفر کیا پہلی بسیں راستے میں حادثے کا شکار ہو چکی تھیں۔ ایک بار راولپنڈی جا رہا تھا۔ راستے میں سامنے سے بس آ رہی تھی۔ ہماری بس کا اس سے آمنا سامنا ہو گیا۔ دوسری طرف تقریباً 80 فٹ گہرا گھڈ تھا ایک پہیہ بالکل اس طرح کنارے پر کھڑا تھا گویا کسی طاقت نے اسے کندھا دے رکھا ہے محض اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے متعدد بار حادثے سے بچ گئے۔''

آپ میرے ساتھ سڑک تک تشریف لائے گاؤں بورے پیارے کی طرف سے ایک سائیکل سوار ہمارے پاس سے گزرا۔ آپ نے فرمایا'' یہ ہمارا حقیقی بھائی ہے (والد کی طرف سے) مگر گذشتہ 35 برس سے کوئی لین دین نہیں اس نے لبیں بڑھائی تھیں۔ والد صاحب نے کٹانے کو کہا تو کہنے لگا کوئی ثبوت؟ جب ثبوت دکھایا تو کہنے لگا میری مرضی اس پہ والد صاحب نے بے تعلقی اختیار کی کیونکہ ہمارے بزرگوں کا فرمان ہے۔ کہ شریعت کی خلاف ورزی کرنے والا ہمارے خاندان سے پیر و مرشد نہیں ہو سکتا۔ مگر اس نے پیر و مرشد ہونے کا

Marfat.com

ڈھونگ رچایا مگر غیر شرع ہونے کی بناء پر کامل ہونے کی بجائے عامل بن گیا۔''

آپ میرے ساتھ شہر تشریف لائے مسجد غوثیہ چوک پاکستان میں آپ کے ساتھ نماز ظہر ادا کی اور آپ سے رخصت لی۔

☆☆☆

جمعہ 5۔فروری 1965ء

مسجد غوثیہ چوک پاکستان گجرات میں نماز جمعہ کے لیے حاضر ہوا۔ میر صادق صاحب اور الیاس بھٹی صاحب وہیں مل گئے۔سب نے ایک ساتھ نماز جمعہ ادا کی اس کے بعد شاہجہان ہوٹل کچہری روڈ پر آ گئے چائے پی۔حضرت پیرومرشد کی بات چل نکلی۔الیاس بھٹی صاحب نے بتایا۔کہ حضرت صاحب نے فرمایا۔

☆ ''ایک دفعہ مجھے راستے میں ایک بہت موٹی اور نہایت ڈراونی عورت ملی پوچھا تم کون ہو؟ کہنے لگی اگر آپ سادات کے اعلیٰ خاندان سے نہ ہوتے تو میں آپ کو بتاتی کہ میں کون ہوں۔مجھے لوگ ''ہونی'' (موت) کہتے ہیں۔''

☆ آج آپ لاہور سے واپس تشریف لائے تو فرمایا ''صبح ایک آدمی نے مسجد کا دروازہ کھٹکھٹایا امام صاحب باہر نکلے۔تو وہ کہنے لگا حافظ صاحب میرے ساتھ چلیں میری بچی دیواروں سے ٹکراتی پھرتی ہے۔کبھی چولہے میں سر دیتی ہے۔حافظ صاحب نے مجھے اس شخص کے ساتھ جانے کی استدعا کی جب میں ان کے ہاں پہنچا تو پتہ چلا کہ جن کی پکڑ ہے اس

Marfat.com

جن نے کہا شاہ جی یہ سب کے سب بے نمازی ہیں کوئی بھی نماز نہیں پڑھتا اگر یہ نماز پڑھنے کا وعدہ کریں۔ تو میں انہیں چھوڑ دوں گا۔ چنانچہ گھر والوں کے وعدہ کرنے پر وہ انہیں چھوڑ کر چلا گیا۔"

☆ میر صادق صاحب نے بتایا "اکل پور میں شیخ الحدیث حضرت مفتی سردار احمد صاحب کا انتقام ہوگیا۔ جب ہم نماز جنازہ سے فارغ ہوکر واپس لوٹے تو شاہ صاحب نے فرمایا آپ کے ساتھ کون کھڑا تھا؟ ایک وہابی کہہ رہا تھا یہ لوگ نماز جنازہ پڑھاتے پڑھاتے کہیں سجدہ ہی نہ کرادیں؟۔ اس کے ساتھ کون تھا؟ عرض کی آپ ہی ہوں گے۔ مسکرا کر چپ ہو رہے۔ فرمایا ضروری نہیں کہ تانگوں اور بسوں میں دھکے کھاتے پھریں۔ ویسے بھی پہنچ سکتے ہیں۔ میرے بڑے بھائی اسلم نے کہا فلاں فلاں بزرگ وہاں نہیں دیکھے۔ آپ نے فرمایا وہ بھی موجود تھے اور فلاں فلاں مقام پر کھڑے تھے۔"

☆☆☆

ہفتہ 6۔فروری 1965ء

صبح 10 بجے میر صادق صاحب ہمارے ہاں تشریف لائے اور بتایا کہ حضرت پیر و مرشد ان کی دکان پر بیٹھے میرا انتظار فرما رہے ہیں۔ آپ کے ساتھ خدمت میں حاضر ہوا۔ تو فرمایا یہ تمہارے پیر بھائی مستری عبدالغنی صاحب اور دیگر احباب ہماری والدہ ماجدہ کے انتقال پر اظہار افسوس کے لیے قصور سے آئے ہیں۔ تمہیں اس لیے بلایا ہے کہ انہیں شاہ دولھا دریائی

Marfat.com

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہاں لے جاؤ۔ میری ان سے کچھ ناراضی ہے۔ میں نے وہاں نہیں جانا عرض کی جب آپ کی ان سے ناراضی ہے تو وہ بزرگ مجھ ناچیز سے کس طرح راضی ہو سکتے ہیں؟ فرمایا تم سے راضی ہیں۔ کس طرح راضی ہیں یہ بات بتانے کی نہیں۔ ہمارا جھگڑا آج سے تقریباً 6 ماہ پہلے لاہور میں داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت میں حاضری کے وقت ہوا تھا۔ پھر عبدالغنی صاحب سے میرا تعارف کراتے ہوئے فرمایا۔ یہ حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو پہنچاتا ہے اور حضرت سلطان باھو اسے پہنچانتے ہیں۔ پھر آپ خود بھی ہمارے ساتھ چل دیئے مجھے گمان ہوا۔ کہ شاید آپ نے تھوڑی دیر پہلے جو بات کہی تھی۔ وہ آپ کے ذہن سے اتر گئی یا آپ مذاق فرما رہے تھے کیونکہ آپ بدستور ہمارے ساتھ شاہ دولھا دریائی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مزار کی طرف گامزن تھے اور مزار شریف بالکل قریب آ گیا تھا۔ آپ نے مجھے نام لے کر مخاطب فرمایا۔ اچھا بھائی مجھے تو جانا نہیں تم انہیں لے جاؤ اور میں آپ لوگوں کا یہیں انتظار کروں گا۔ ( کچھ عرصہ بعد آپ نے مجھے بتایا کہ میری شاہ دولھا دریائی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ سے صلح ہو چکی ہے )۔

دربار سے واپسی کے بعد آپ نے قصور والوں کو الوداع کہا اور خود ہمارے ساتھ ہمارے ہاں تشریف لائے آپ نے فرمایا جس کا ستارہ اسد (شیر) ہے اس پر جادو ٹونہ اور جنات وغیرہ کا اللہ کے فضل وکرم سے اثر نہیں ہوتا۔ آپ کی والدہ مرحومہ کا ذکر چھڑا تو آپ نے

Marfat.com

بڑے جامع مگر مختصر الفاظ میں ان کے محاسن بیان کئے اور بتایا کہ۔ ہمارے پیر و مرشد سید نصیب علی شاہ صاحب کا انتقال 17 ربیع الثانی کو ہوا آپ نے نماز تہجد کی آٹھ رکعتیں پڑھیں صبح تین بج کر تینتیس منٹ پر دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اسی حالت میں آپ کی روح پرواز کرگئی۔ اس سے پیشتر رات کو آپ نے وصیت فرمائی۔ کہ میرے درویشوں کا خاص خیال رکھنا۔ نیز آپ نے تمام لوگوں کے ذمے مختلف کام تفویض فرمائے۔ میں اس رات حضور داتا صاحب کی خدمت میں حاضر تھا۔ ادھر مرشد پاک دنیا سے رخصت فرما رہے تھے۔ میں ان کی خدمت میں پہنچنا چاہتا تھا۔ مگر آپ کا حکم ہوا داتا صاحب ہی کے حضور حاضر رہو۔ چنانچہ طوعاً و کرہاً وہیں رکنا پڑا۔"

میں نے عرض کی نماز میں اکثر سر سے پاؤں تک کانپ جاتا ہوں کپکپی سی طاری ہو جاتی ہے۔ زبان بند ہوتی ہے امام صاحب نماز پڑھا رہے ہوتے ہیں مگر میری سانس سے ذکر جاری ہو جاتا ہے۔ فرمایا کوئی حرج نہیں مگر کسی مولوی سے ذکر نہ کرنا کیونکہ وہ کہے گا کہ تمہاری نماز جاتی رہی۔

☆☆☆

جمعرات 25۔فروری 1965ء

آپ کی والدہ مرحومہ کے چہلم پر آستانہ عالیہ پر حاضر ہوا۔

☆☆☆

Marfat.com

اتوار 14 مارچ 1965ء

گیارھویں شریف کے سلسلے میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔

☆☆☆

جمعرات 8 اپریل 1965ء

چاند کی پہلی جمعرات تھی اپنی اہلیہ اور حضرت پیرو مرشد کے ساتھ حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے حضور حاضری دی۔ یہیں پر سید منظور حسین شاہ صاحب سجادہ نشین چھالے شریف۔ سے ملاقات ہوئی۔

☆☆☆

جمعرات 15۔ اپریل 1965ء

گیارھویں شریف کے سلسلے میں آپ کے ہاں حاضر ہُوا۔

☆☆☆

بدھ 2۔ جون 1965ء

حضرت سید پیر چنہاں شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے سالانہ عرس مبارک کی تقریب میں شرکت کے لیے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔

☆☆☆

ہفتہ 11۔ جولائی 1965ء

Marfat.com

ختم گیارھویں شریف میں شرکت کے لیے آپ کے ہاں حاضر ہوا۔

تمباکونوشی پر بات ہو رہی تھی۔فرمایا" میں ایک دفعہ دہلی گیٹ لاہور کی مسجد غوثیہ (نیویں مسجد) میں وعظ و نصیحت کر رہا تھا۔کہ غیر ارادی طور پر میری زباں سے نکل گیا۔کہ جو شخص فلاں درود پاک بعد از نماز عشاء پڑھے اور باوضو سو جائے اسے حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی۔صدیق سائیکلوں والے نے یہ بات نوٹ کر لی اور یہ عمل شروع کر دیا۔چند دنوں کے بعد وہ میرے پاس آیا اور اس نے یہ واقعہ بیان کیا۔ میں نے خواب میں ایک نہایت عظیم الشان اور بیش بہا قیمتی تخت دیکھا۔جس کی تعریف بیان سے باہر ہے۔اس کے ارد گرد بہت سے لوگ جمع تھے۔میں نے ایک شخص سے پوچھا یہ تخت کس کا ہے۔اس نے کہا تمہیں اس تخت پر حضور نبی کریم ﷺ جلوہ گر نظر نہیں آ رہے؟ میں نے نفی میں جواب دیا۔اس شخص نے کہا تم تمباکونوشی تو نہیں کرتے؟ میں نے اثبات میں سر ہلایا۔اسی وقت میری والدہ نے مجھے بیدار کر دیا۔اور کہا سحری کا وقت ہو چکا ہے۔کھانا کھاؤ اور روزہ رکھو"

اپنے پیر بھائی عارف صاحب سکنہ کائرے نزد لالہ موسیٰ کے متعلق پوچھا کہ وہ آجکل نظر نہیں آتے۔آپ نے فرمایا" وہ قابو سے باہر ہو چلا تھا۔اس کو ایک بزرگ شیر شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے حوالے کر دیا تاکہ وہ اس کی اصلاح کریں۔اب وہ وہیں رہتا ہے داڑھی بڑھالی ہے۔جو شخص اس کی حالت پر اعتراض کرتا ہے۔وہ کسی نہ کسی تکلیف میں مبتلا ہو جاتا ہے۔بلکہ اگر وہ خود بلا اجازت ادھر اُدھر چلا جائے تو وہ بھی مصیبت میں گرفتار ہو جاتا ہے۔ان

Marfat.com

بزرگوں کی قبر بالکل ویرانے میں جوڑا کرنانہ ریلوے اسٹیشن کے قریب واقع ہے۔ عارف نے اس پر چھت ڈالی ہے۔ دروازہ لگوایا ہے۔ اور ساتھ ہی اپنی رہائش کے لیے ایک کٹیا بھی بنائی ہے حضرت شیر شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ گیارھویں صدی ہجری میں ہوگزرے ہیں بڑے جلالی بزرگ ہیں۔''

☆☆☆

21 جولائی 1965ء بدھ گجرات

چوک پاکستان میں شاہین ٹیلرنگ شاپ میں بیٹھا تھا کہ آپ تشریف لائے۔ دودن پہلے منڈی بہاوالدین گئے تھے۔ رات الحاج مفتی احمد یار خاں صاحب نعیمی نے عنایت اللہ شاہ دیوبندی کے جواب میں جو تقریر کی تھی۔ سنی تو باغ باغ ہو گئے۔ فرمایا ان کے علم کا کیا کہنا ان کی تفسیر نعیمی بہت بڑی اور اعلیٰ پائے کی تفسیر ہے۔

☆☆☆

حضرت پیر سید نصیب علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ

آپ نے اپنے پیرو مرشد کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا ''بیڑی یا تانگے والے احتراماً مزدوری نہ لیتے تو آپ انھیں زبردستی دیتے کبھی کسی کی مزدوری نہ رکھتے۔ آپ قاضی صاحب اعوان شریف والوں کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان کے فرمانے پر آپ نے سید اصغر علی شاہ

Marfat.com

صاحب کی بیعت کی اور پھر اپنا سبق اس طرح یاد دلایا کہ ولایت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے نہایت بلند و بالا مرتبہ عطا فرمایا۔ کیوں کہ حضرت سلطان باھو رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے آپ کی مدد فرمائی جس قبر میں مدفون ہیں اس میں ۱۸ برس تک عبادت کرتے رہے۔ فرمایا کرتے تھے میرا جی نہیں چاہتا کہ کسی سے ملوں یا بات کروں مگر اللہ سے ڈرتا ہوں کہ وہ فرمائے گا میری مخلوق سے تنفر کیوں رہے؟''

☆☆☆

بدھ 21 جولائی 1965ء، گجرات

مغرب کی نماز کے بعد چوک پاکستان میں میر صادق صاحب کی دکان پہ پہنچا وہاں آپ کے والد ماجد حضرت پیر سید حیدر شاہ صاحب موجود تھے۔ وہ مفتی احمد یار خاں نعیمی صاحب کی مسئلہ حیات النبی پر تمبل بازار میں ہونے والی تقریر سننے کے لیے تشریف لائے تھے۔ آپ نے راقم کو مندرجہ ذیل واقعات سنائے۔

☆ فرمایا'' سائیں عبداللہ (لوہار سکنہ کائرے۔ لالہ موسیٰ) میرا پر ڈیرے ڈالے ہوئے تھا۔ صرف ایک لنگوٹی میں رہتا تھا۔ ایک دن میرے والد صاحب پیر چھباں شاہ صاحب نے پانچ روٹیاں دے کر فرمایا سائیں عبداللہ کو دے آؤ۔ میرے ساتھ چند اور آدمی بھی ہو لیے۔ ان میں ایک میراثی بھی تھا کہنے لگا آج اگر سائیں صاحب سوکھی کھلائیں تب مانیں گے۔ منزل پر پہنچے تو سائیں ادھر ادھر چکر لگا رہا تھا۔ ہمارے پاس آیا اور کہا روٹی دیں بہت

Marfat.com

بھوک لگی ہے۔ میں نے کہا صبر کرو اس نے پھر بھوک کا اظہار کیا۔ میں نے پھر صبر کی تلقین کی کہنے لگا جب ماں باپ نے پانچ روٹیاں بھیجی ہیں۔ تو کیوں نہ کھاؤں حالانکہ ہم نے روٹیاں چھپا رکھی تھیں۔ روٹیاں کھانے کے بعد اپنی ران پر ہاتھ مارا اور سبز و تازہ سونگی کی مٹھی اس میراثی کی طرف بڑھا دی۔ جس نے راستے میں اس کا مطالبہ کیا تھا۔ سائیں بیعت کے لیے لوگوں کو پیر چھہاں شاہ صاحب کے پاس بھیجا کرتا تھا۔ ایک دن تنگ آ کر آپ نے میرے سامنے ہاتھ سے اشارہ کیا دوسرے روز سائیں بھمبر سے بھی کہیں پرے جا چکا تھا۔ وہاں اس نے پورا لباس پہن لیا اور نماز پابندی سے ادا کرنے لگا۔ یہ سائیں عبداللہ تمہارے پیر بھائی عارف کا سگا چچا تھا۔''

☆ فرمایا'' میرے دادا جان پیر گیلانی شاہ صاحب کوہاٹ میں اپنے مریدوں میں بیٹھے قوالی سن رہے تھے۔ قریب سے ایک سکھ فوجی عہدے دار گھوڑے پر سوار گزرا یہ نظارہ دیکھ کر کہنے لگا۔ دیکھو مُسلے بھوتے ہوئے نے۔ دو تین بار یہی کلمہ دھرایا۔ آپ کا مرید اور خلیفہ میر زمان پاس بیٹھا تھا۔ اس نے آپ کو متوجہ کیا۔ آپ نے آنکھ اٹھا کر دیکھا۔ سکھ گھوڑے سے نیچے آ رہا۔ شاہ صاحب کے سامنے وجد کرنے لگا۔ اور اِلَّا اللّٰہ کی ضرب لگانے لگا۔ آپ نے فرمایا اسکے کیس کاٹ دو۔ میر زمان نے کہا حضرت یہ فوجی افسر اور سکھ ہے۔ آپ نے فرمایا نہیں یہ مسلمان ہو چکا ہے۔ چنانچہ اسی حالت میں اس کے کیس کاٹ دیئے گئے۔ وہ آپکا مرید ہو گیا اور اس نے کئی سکھوں کو مسلمان کیا۔''

Marfat.com

☆ فرمایا'' ہمارے دادا جان پیر گیلانی شاہ صاحب کابل (افغانستان) سے واپس تشریف لا رہے تھے۔ جب درہ عبور کر رہے تھے تو ڈاکوؤں نے وہ سامان اور بیل جو مریدوں نے پیش کیا تھا۔ لوٹ لیا اور آپ کو قتل کرنے کا ارادہ کیا۔ آپ نے چار رکعت نماز پڑھنے کا خیال ظاہر کیا۔ آپ نماز پڑھ رہے تھے۔ ایک ڈاکو تلوار لیے آپ کے سر پر کھڑا تھا۔ باقی سامان لے کر فرار ہو گئے۔ آپ جب نماز سے فارغ ہوئے تو ڈاکو کے ہاتھ پاؤں شل ہو چکے تھے۔ اس نے اپنے حصے کا سامان واپس کر دیا اور معافی کا خواستگار ہوا۔ باقی دونوں ڈاکو اپاہج ہو کر پشاور میں مرے۔''

☆ فرمایا'' ہمارے پر دادا جان پیر سلطان شاہ صاحب گیلانی پشاور کے علاقے میں سفر کر رہے تھے۔ چند پٹھانوں نے آپ کو گھیر لیا۔ اور پوچھا آپ کون ہوتے ہیں؟ فرمایا سید پٹھانوں نے آپکے دامن میں دھکتے انگارے ڈال دیئے اور کہا کہ آگ سید کا کچھ نہیں بگاڑتی۔ آپ نے آگ سینے سے لگا لی تو پٹھان بمعہ اہل و عیال اسطرح بے تاب و مضطرب ہو گئے۔ گویا آگ ان کے سینوں میں لگی ہے۔ معافی کے خواستگار ہوئے ایک مشکی گھوڑا آپ کی خدمت میں پیش کیا۔ جس پر سوار ہو کر آپ واپس آ رہے تھے جب ویرووال پہنچے تو بابا جنگو شاہ صاحب آگ کا مچ لگائے بیٹھے تھے۔ جلتی آگ کے باوجود ان کے قریب ٹھنڈی ہوا کے جھونکے چل رہے تھے۔ ہمارے پردادا جان کو دیکھ کر بابا صاحب نے کہا دیتے ؛

Marfat.com

گھوڑا میرے پیر کو پٹھانوں نے۔ بابا جنگو شاہ صاحب ہمارے ہی بزرگوں کے مرید تھے۔ ہمارے پڑوسی اور ذات کے تیلی تھے۔مستوار تھے۔''

☆ فرمایا''میں بھمبر نالہ کے ساتھ گھوڑے پر سوار آرہا تھا۔میرے ساتھ چند اور آدمی بھی تھے۔سائیں کرم الٰہی صاحب (کانوانوالی سرکار) بھی کہیں سے آرہے تھے مجھے دیکھ کر ایک آدمی کو دوڑایا کہ اس سوار کو بلا لاؤ۔ہم ان کے پاس پہنچے تو دیکھا ایک آدمی سائیں صاحب کی منت سماجت کررہا ہے۔جس کا بھائی مقدمہ قتل میں پھنسا تھا۔اور جسے صبح حکم سنایا جانا تھا۔خاصی تکرار کے بعد سائیں صاحب نے فرمایا جاؤ وہ بری ہوگیا۔صبح میں خود اس واقعہ کی تصدیق کے لیے گجرات کچہری پہنچا۔فیصلہ سنایا گیا۔وہ آدمی واقعی بری کردیا گیا۔''

☆ فرمایا''چوپالے کا رہنے والا امام دین جٹ مجھ سے کہنے لگا کہ سائیں کرم الٰہی صاحب کو سلام کرنے جانا ہے۔جب ہم وہاں پہنچے تو سائیں صاحب ہماری طرف پشت کئے لیٹے ہوئے تھے۔میں نے دور ہی سے امام دین کو سلامی کے لیے بھیج دیا۔اور خود اوٹ میں کھڑا رہا۔جب اس نے جا کر سلام کیا تو سائیں صاحب نے فرمایا میرے پاس کیوں آئے ہو۔سلامی ان کی ہے جو تیرے ساتھ آئے ہیں۔''

☆☆☆

جمعہ 23 جولائی 1965ء

راقم صبح 7 بجے حضرت صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا۔شہر سے ایک شخص محمد حسین

Marfat.com

نامی دکان دار جو عرصہ سے بیمار تھا دوائی لینے آیا۔ آپ نے نبض دیکھی اور تبخیر معدہ کا مرض تشخیص کیا پھر اس سے پوچھا نماز پڑھتے ہو؟ اس نے نفی میں جواب دیا آپ نے فرمایا یہ کام اچھا ہے یا برا۔ اچھا ہے تو کرتے کیوں نہیں کیا مرنے کے بعد کرو گے۔ حالانکہ موت کا کچھ پتہ نہیں۔ مریض نے نماز پڑھنے کا وعدہ کیا۔ آپ نے فرمایا آج جمعہ ہے اگر تم نے نماز پڑھی تو کل دوائی لے کر خود شہر آ جاؤں گا شفا اللہ تعالیٰ دیتا ہے پہلے اس سے صلح کرو کیونکہ وہ بے نمازیوں سے ناراض ہے اور جس سے وہ ناراض ہو اس کی سفارش مشکل ہی سے کی جا سکتی ہے۔''

میں نے حضرت شاہ دولھا دریائی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت میں حاضر ہونے کی خواہش ظاہر کی فرمایا بہت اچھا ہے صبح کی نماز کے بعد جایا کرو تین بار سورۃ یسین کی تلاوت کیا کرو۔ پھر آپ اپنے گاؤں کے اسکول تک چھوڑنے کیلئے میرے ساتھ تشریف لائے۔

☆☆☆

ہفتہ 31 جولائی 1965ء

فرمایا'' میرے دادا پیر چھہاں شاہ صاحب ایک دفعہ دریائے چناب سے پار جانا چاہتے تھے۔ دریا میں سخت طغیانی تھی۔ آپ نے دریا کو مخاطب کر کے فرمایا تو بھی چھہاں میں بھی چھہاں آ ؤ دونوں آپس میں صلح کر لیں۔ کہتے ہیں دریا نے آپ کو راستہ دے دیا اس دن کے بعد آپ لوگوں میں پیر چھہاں مشہور ہو گئے۔ آپ نے سات قرآن پاک اپنے دست مبارک سے لکھے۔''

Marfat.com

فرمایا" ہمارے مکان کے سامنے سے ایک آدمی گزرا ایک شخص اسکا پیچھا کر رہا تھا۔ اکا آدمی دودھ کا بیوپار کیا کرتا تھا اس نے ایک دفعہ گجرات جیل کے قیدیوں کو دودھ سپلائی کرنے کا ٹھیکہ لیا۔ وہ دودھ میں اس قدر پانی ملایا کرتا کہ صرف رمضان شریف کے ایک مہینے میں اسے 1900 روپے کا منافع ہوا۔ ایک دن بھمبر روڈ پہ تین میل کے نشان کے قریب اس سے میری مڈبھیڑ ہوگئی میں نے قرآن پاک کی تعلیمات کے مطابق قیدیوں سے حسن سلوک کے متعلق اللہ تعالیٰ کے فرمودات سنائے۔ وہ غور سے سنتا رہا مگر کوئی جواب نہ دیا۔ چند دنوں کے بعد وہ بیمار پڑ گیا۔ اب وہ کوئی کاروبار نہیں کرتا۔ نماز روزے کی پابندی کرتا ہے۔ داڑھی بڑھالی ہے۔ جب کوئی شخص اسے کام کاج کرنے اور روزی کمانے کو کہتا ہے۔ تو وہ جواب دیتا ہے پہلے دودھ اور پانی کے کمائے ہوئے 1900 روپے ہضم کرلوں پھر اور بھی کمالوں گا۔"

☆☆☆

اتوار 8۔ اگست 1965ء

بڑی گیارھویں شریف کے سلسلے میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا مغرب کی نماز کے بعد آپ کے پاس ایک شخص آیا اور آپکو الگ کر کے کہنے لگا۔ ایک عورت سے شادی کرنا چاہتا ہوں وہ مانتی نہیں۔ کوئی تعویذ دیجئے آپ نے بڑی نرمی سے فرمایا میرے پاس اس قسم کا کوئی تعویذ نہیں۔ وہ کہنے لگا بڑی آس لے کر آیا ہوں۔ مایوس نہ کیجئے۔ آپ نے فرمایا بہتر یہی ہے کہ عزت سے چلے جاؤ۔ ورنہ۔۔۔" یہ سنتے ہی وہ چلا گیا۔

Marfat.com

☆☆☆

بدھ 11۔اگست 1965ء

گیارھویں شریف کے ختم کے سلسلے میں آپ کے ساتھ منڈی بہاؤالدین میں بوٹے شاہ صاحب کے ہاں گئے۔ گجرات تا منڈی بہاؤالدین آپ کے بائیں پہلو میں بیٹھنے کا موقع ملا۔ دوپہر 1 بجے چل کر 4 بجے منڈی بہاؤالدین پہنچے۔ مغرب کی نماز کے بعد ختم شروع ہوا اور عشاء کی نماز سے پہلے اختتام کو پہنچا۔ اسکے بعد عام گفتگو شروع ہوئی۔

☆☆☆

## حضرت پیر سید نصیب علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

آپ نے اپنے پیر و مرشد سید نصیب علی شاہ صاحب۔ کے متعلق فرمایا انہوں نے نرالا فقر کمایا ہے۔ خود روکھی سوکھی کھاتے۔ مگر کووؤں۔ کتوں کو پراٹھے کھلاتے۔ ایک کتیا کے کیڑے پڑ گئے۔ آپ نے اپنے ہاتھ سے اس کی مرہم پٹی کی۔ اپنے مجذوب بھانجے والی شاہ کو سات سال تک اپنے دست مبارک سے حقہ بھر کر دیا حالانکہ آپ خود حقہ نہیں پیتے تھے۔

ایک خادم نیاز علی نے 12 سال آپ کی خدمت کی۔ اپنے ہاتھ سے روٹی پکا کر کھلاتا تھا۔ مگر روٹی بائیں ہاتھ سے پکاتا۔ ایک دن آپ نے فرمایا نیاز علی ایسا معلوم ہوتا ہے تو حرام موت مرے گا۔ چند دنوں بعد کچھ لوگوں نے اس کے گلے میں کپڑے کا پھندہ ڈال کر اسے ہلاک کر دیا۔ قاتلوں میں سے ایک کی کوئی چیز جائے واردات پر رہ گئی۔ وہ لینے آیا اور پکڑا گیا۔

Marfat.com

لواحقین نے مجرم کے حق میں دعا کرنے کو کہا آپ نے فرمایا قاتل کے حق میں کیسے دعا کروں حاضرین نے عرض کی حضرت آپ دعا فرمادیں اللہ تعالیٰ قبول کرے گا۔آپ نے دعا کی۔ قاتل بری ہو گیا۔آپ نیاز علی کی قبر پر مدتوں بیٹھتے رہے۔اکثر رویا کرتے۔اور فرماتے یاالٰہی کتنے شرم کی بات ہے۔جس شخص نے بارہ سال اپنے ہاتھ سے روٹی پکا کر مجھے کھلائی۔وہ دوزخ میں جائے۔ایک روز اس کی قبر سے خوش وخرم اٹھے۔اتنا ہشاش بشاش اس سے پہلے شاید ہی کبھی آپ کو دیکھا گیا ہو۔فرمایا اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے نیاز علی کو جنت میں جگہ دے دی ہے۔''

''آپ کے درس میں ایک درویش شریک ہوا۔اس زمانے کے دستور کے مطابق درویش گاؤں میں گداء کر کے اپنا خرچ چلاتے تھے۔مگر یہ درویش کھاتے پیتے گھر کا تھا۔اور گدا کرنے سے شرماتا تھا۔آپ خود اس کے ساتھ تشریف لے جاتے ہر مکان کے دروازے پر دستک دیتے۔اس طرح خود گدا کر کے اس درویش کی جھجک دور کی۔فرمایا کرتے تھے۔بغیر گدا کے نفسِ امارہ نہیں مرتا اور اس کے مرے بغیر کوئی درویش نہیں بنتا۔گدا کرنے سے لوگوں کی سخت سست سہنا پڑتی ہے۔آج کے درسوں سے مولوی تو بن سکتا ہے۔مگر درویش نہیں۔کیونکہ وہ آسائش وآرام میں پڑ گیا ہے۔گدا کا طریقہ ختم ہوتا جارہا ہے۔بغیر مشقت کھانے پینے کو ملتا ہے اسطرح روحانیت جاتی رہی ہے۔''

چند عورتیں آپکی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ان کے کچھ آدمی قتل کے مقدمے میں

Marfat.com

ملوث تھے۔انہوں نے دعا کے لیے گذارش کی آپ اندر تشریف لے گئے اور بے موسم گلاب کا پھول لا کران عورتوں کو دیا اور فرمایا جب جج کے سامنے پیش ہوں۔تو اس پھول کو سونگھیں اللہ کریم اپنا فضل وکرم فرمائے گا۔انہوں نے ایسا ہی کیا اور ملزم بری ہو گئے۔

ایک شخص نے ایک بڑی خوبصورت چھڑی آپ کی خدمت میں پیش کی آپ نے موجودہ گدی نشین۔سید منظور حسین شاہ صاحب کو دے دی۔اور فرمایا" بچہ یہ جوانوں کو اچھی لگتی ہے۔" خود بیر کے درخت کی چھڑی استعمال کی۔

کڑیانوالہ سے گذر رہے تھے ایک مجمع پر آپکی نظر پڑی دریافت فرمانے پر پتہ چلا۔ کہ رنڈیاں ناچ رہی ہیں۔آپ اس مجمع میں شامل ہو گئے۔دیکھا کہ جب جوان رنڈی ناچتی گاتی ہے تو روپے پیسے کی خوب بارش ہوتی ہے۔جب بوڑھی کی باری آتی ہے تو سب ناک بھوں چڑھاتے ہیں۔آپ نے اسے اپنے پاس بلایا اور فرمایا" بارہ مناقب" یاد ہوں تو سناؤ اس نے سنانے شروع کیے۔مجمع پر عجیب کیفیت طاری ہوگئی۔سب زاروقطار رو رہے تھے۔آپ وہاں سے چل دیئے۔وہ رنڈی آپ کے پیچھے ہولی۔گناہوں سے توبہ کی اور باقی زندگی فقروفاقہ میں بسر کی۔

فرمایا کرتے تھے" میں نے اِلَّا اللّٰہ کا سبق جنگلوں میں رہ کر 12 سال میں یاد کیا ہے۔جو پیر کسی شخص کو اس لیے مرید بناتا ہے۔کہ وہ اسے مالی نفع پہنچائے گا۔وہ مردود ہے۔

Marfat.com

کیونکہ رازق اور خالق کو چھوڑ کر مخلوق سے رزق کا طالب ہوتا ہے۔ جو خود مرید سے مال کا طلب گار ہو وہ مرید کو کیا دے گا؟"

فرمایا" ایک دفعہ میں اپنے پیر و مرشد کی خدمت میں چھالے شریف پہنچا آپ کہیں باہر تشریف لے جا رہے تھے۔ پیچھے مڑ کر مجھے دیکھا۔ تو بہتے نالے میں بیٹھ گئے۔ میں بھی آپ کے قریب جا کر بیٹھ گیا۔ پانی رواں دواں تھا۔ مگر جہاں ہم بیٹھے تھے۔ وہ جگہ خشک تھی۔"

فرمایا" میرے پیر و مرشد ایک دفعہ بابا جنگو شاہ صاحب کے مزار پر تشریف لائے کسی نے عرض کی۔ حضور آپ تو پہلے ہی خوب سیر ہیں۔ اور کیا چاہتے ہیں۔ فرمایا میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ ایک وہ ذاتِ حق ہو۔ ایک میں ہوں تیسرا کوئی نہ ہو اس کے ایک ہفتے بعد آپ کا انتقال ہوگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

پیر نصیب علی شاہ صاحب نے فرمایا" ایک دفعہ آدھی رات کے وقت داتا صاحب جا رہا تھا۔ ہُو کا عالم تھا کوئی شخص چلتا پھرتا نظر نہ آتا تھا۔ اچانک میرے قریب سے پھٹے پرانے کپڑوں میں ملبوس۔ گرد آلود اعضاء کے ساتھ چار آدمی تیز قدموں سے گذر گئے جب میں داتا صاحب پہنچا تو وہی چاروں بزرگ آپ کے مزار کے چاروں کونوں پر کھڑے تھے۔ آپس میں بات کرتے جو میں سنتا تو تھا۔ مگر سمجھتا نہیں تھا۔ تھوڑی دیر بعد جب وہ واپس جانے لگے تو میں نے سلام کے بعد عرض کی۔ آپ کہاں سے تشریف لائے ہیں۔ اور کون ہیں؟ انہوں نے فرمایا

Marfat.com

ہم چاروں قطب ہیں دنیا کے چاروں کونوں سے حاضر ہوئے ہیں ۔ہمیں یہاں سے ضروری احکامات حاصل کرنے ہیں اور تم یہ غور سے سن لو کہ آج سے تمہاری یہاں کی حاضری ختم ہے ۔''

(اسکے دو تین دن بعد آپ کا وصال ہو گیا)

جس قبر میں آپ مدفون ہیں اس میں ۱۸ سال تک عبادت کرتے رہے اپنی قبر آپ نے خود بنائی ہر اینٹ پر ایک رکوع قرآن پاک تلاوت کر کے پھونکا۔اگرچہ مجھ سے بہت خوش تھے مگر افسوس میں زیادہ عرصہ آپ کی خدمت میں نہ رہ سکا۔تقریباً ۶ برس تک وقتاً فوقتاً ملاقات کا موقعہ ملتا رہا۔۱۵ میل کا فاصلہ تھا مگر میں اکثر پیدل ہی حاضر ہوتا رہا میرے پیرومرشد لاہور پہنچ کر اکثر پیدل ہی داتا صاحب جایا کرتے تھے۔''

☆☆☆☆

فرمایا ''میں نے خود تین سال لاہور رہ کر تعلیم حاصل کی ۔پا پیادہ روٹیاں گدا کیں ۔ اپنے کپڑے خود دھوئے ۔''

ایک دفعہ پھالیہ کے رستے منڈی بہاؤالدین سے گجرات آرہا تھا۔رستے میں یاد آیا کہ ختم پڑھنے کے منکے بسوں کے اڈے پر رکھے تھے وہ وہیں رہ گئے ہیں ۔میں نے بغداد شریف کی طرف منہ کر کے عرض کی ۔یا غوث پاک آپ خود ان منکوں کی حفاظت فرمائیں ۔گزشتہ ۶۰ سالوں سے ہمارے باپ دادا ان کی حفاظت کرتے آئے ہیں گجرات پہنچ کر بوٹے شاہ صاحب کو فون کیا وہ بس اسٹینڈ پر گئے ۔انھیں منکوں کا تھیلا جوں کا توں مل گیا۔''

Marfat.com

☆☆☆

جمعرات 12۔اگست 1965ء منڈی بہاؤالدین

آپ مجھے اسکول محلہ منڈی بہاؤالدین میں اپنے پیر بھائی بابا نوردین صاحب کے ہاں لے گئے جو تقریباً بینائی سے محروم ہو چکے ہیں۔منہ میں کوئی دانت نہیں۔خاصے نحیف ونزار ہیں۔ان کو دیکھ کر آپ نے فرمایا''ان کا لباس ان کی گفتار۔رفتار۔چال۔ڈھال۔اپنے پیرومرشد حضرت سید نصیب علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے بہت ملتی جلتی ہے۔''آپ نے بابا صاحب سے **سیف الملوک** سنانے کی فرمائش کی جو وہ آپ کے والد ماجد سید حیدر شاہ صاحب کو سنایا کرتے تھے۔مگر بابا جی نے معذرت چاہی اور حضور نبی کریم ﷺ کا معجزہ ہرنی منظوم سنانا شروع کیا۔دو چار شعر سنانے کے بعد ہی بابا جی کی گھگی بندھ گئی۔عرض کی سرکار بس! زیادہ نہیں پڑھ سکتا۔

کشمیر کی لڑائی کا ذکر چھڑا تو فرمایا''گذشتہ گیارھویں شریف کے ختم پر میں نے بوٹے شاہ کو بتایا تھا۔کہ میں نے لڑائی ہوتے دیکھی ہے۔شاید کشمیر میں لڑائی شروع ہو جائے۔''

فرمایا''رات میری طبیعت قدرے خراب تھی۔اسی لیے میں نے کہہ دیا تھا۔کہ آج میں ختم نہیں پڑھا سکوں گا۔آپ لوگ خود پڑھ لیں۔مگر جب ختم شریف شروع ہوا تو مجھے لَا اِلٰـہ اِلَّا اللّٰـہ لامکاں پہ سنہری حروف میں لکھا ہوا برابر دکھائی دیتا رہا اور میں اس کا ذکر کرتا

Marfat.com

کراتا رہا۔"

فرمایا"آج رات کے ختم شریف کی قبولیت کی خوشخبری حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے دی ہے۔"

فرمایا"منشی محلہ منڈی بہاؤالدین میں ایک سرکردہ شیعہ مرید ہونا چاہتا تھا۔جس صبح اسے مرید کرنا تھا۔اس رات مجھے حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔"

فرمایا" میرا سب سے پہلا مرید سائیں عارف ہے جو آجکل حضرت شیر شاہ صاحب کے سپرد ہے۔جن کا مزار تین سو سال پرانا۔ریلوے اسٹیشن جوڑا کرنانہ کے جنوب مشرق میں ریلوے لائن سے متصل واقع ہے۔"

فرمایا"گجرات کے گاؤں گیکیاں میں لائل پور سے ایک جواں لڑکی بیمار ہوکر آئی مجھے اس کے علاج کے لیے بلایا گیا اسے دیکھنے کے بعد میں نے کہا۔اس کے پیٹ میں کوئلے ہیں۔ایکسرے کروایئے۔انہوں نے کہا۔ہم ایکسرے کروا چکے ہیں۔مگر کچھ نظر نہیں آیا۔تاہم میرے کہنے پر دوبارہ جلالپور جٹاں سے ایکسرے کروایا گیا۔لڑکی کے پیٹ سے گیارہ چھٹانک کوئلے نکلے اور وہ صحت یاب ہوگئی۔"

☆☆☆

جمعہ 13۔اگست 1965ء

بعد از نماز فجر منڈی بہاؤالدین سے گجرات کے لیے بس سے روانہ ہوئے گجرات

Marfat.com

پہنچ کر میر صادق صاحب کی دکان پر گئے

☆☆☆

جمعرات 19۔اگست 1965ء

میر صادق صاحب کی دکان پر حاضر ہوا۔آپ سامنے تشریف فرما تھے۔فرمایا ''دیکھو سائیکل باہر نکال کر کھڑی کی ہوئی ہے۔ میں جانے کے لیے بالکل تیار تھا۔صرف تمہاری ملاقات کے لیے رکا بیٹھا تھا۔''

فرمایا ''آج صبح ملک نواز سکنہ ملھوکھوکھر کا سب سے چھوٹا بھائی محمد اسلم بھی تمہارا پیر بھائی بن گیا ہے۔''

☆☆☆

جمعرات 26۔اگست 1965ء

میر صادق صاحب کی دکان پر ملاقات ہوئی۔پیر بھائی الیاس بھٹی صاحب نے اپنا یہ خواب سنایا۔''بڑے خوبصورت مزار پر حاضر ہوئے۔جہاں میر صادق۔اسلم اور لطیف بھی ہمراہ ہیں۔مزار پر حضور نبی کریم ﷺ کی تسبیح اور دیگر تبرکات پڑے ہیں۔میرے بڑے بھائی کہتے ہیں۔ایسے مزار پر ہمیں ضرور آنا چاہئیے۔لطیف کہتا ہے۔کہ شاہ صاحب فرما گئے ہیں کہ ان کی ڈیوٹیاں لگا دینا۔میں نے کہا اچھا۔میری ڈیوٹی لگاؤ۔پھر کہتا ہے کہ شاہ صاحب کو آنے دو۔میں نے کہا جب وہ اجازت دے گئے ہیں تو پھر انتظار کس بات کا۔آپ میری ڈیوٹی

Marfat.com

لگا دیں۔ چنانچہ اس نے میری صبح کی ڈیوٹی لگائی۔'' حضرت پیر و مرشد نے یہ خواب سنا اور فرمایا
''ٹھیک ہے۔''

☆☆☆

پیر 30۔ اگست 1965ء، ملہو کھوکھر

فرمایا'' جمعہ سے بخار اور نزلہ زکام ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے نماز کے وقت افاقہ ہو جاتا ہے۔ نہ صرف وضو سے نماز پڑھ لیتا ہوں بلکہ باقاعدہ جماعت بھی کرواتا ہوں۔''

فرمایا'' آج سے تقریباً نو دس برس پہلے تپ محرقہ میں مبتلا ہوا۔ سترہ روز بخار رہا۔ مگر نماز کے وقت اتنا افاقہ ہو جاتا کہ نماز پڑھ لیتا۔ آخری دن لوگ میرے سرہانے سورۃ یسین پڑھ رہے تھے۔ میں نے آنکھ کھولی والد صاحب سے نخلخہ سونگھانے کو کہا اس کے بعد آپ نے ڈیڑھ سیر آلو بخارا کھلایا اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے مجھے صحت کامل عطا فرمائی۔''

آپ نے میر صادق صاحب کو تلقین فرمائی'' داڑھی کا سنوارنا بھی سنت ہے ایک مشت سے زیادہ کٹوا دیں۔ جب آدمی ولایت میں بلند مقام حاصل کر لے تو داڑھی کے بڑھانے میں مضائقہ نہیں۔ عام حالات میں ایک مشت ریش مبارک ہی سنت پاک ہے۔''

☆☆☆

ہفتہ 9۔ اکتوبر 1965ء، گجرات

Marfat.com

فرمایا" جمعرات کو داتا صاحب کے حضور حاضری کے دوران حضرت شاہ دولھا دریائی سے صلح ہوگئی ہے۔"

☆☆☆

جمعرات 9۔ دسمبر 1965ء جہلم

آپ الیاس بھٹی صاحب کے ہمراہ ہمارے ہاں جہلم تشریف لائے۔

☆☆☆

جمعرات 30۔ دسمبر 1965ء لاہور

حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مزار پُر انوار پر آپ سے ملاقات ہوئی۔ میرے بڑے بھائی محمد کریم صاحب بھی میرے ہمراہ تھے۔ آپ نے فرمایا" اپنے نام کے ساتھ سگ نہ لکھا کرو۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے۔ اور سگ (کتا) رذیل اور ذلیل جانور ہے۔ اللہ تعالیٰ انسان کو پاک اور اشرف بنانا چاہتا ہے۔ وہ خود ذلیل اور رذیل کیوں بننا چاہتا ہے؟ اگر یہ درست ہوتا تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں سے کوئی صحابی اپنے نام کے ساتھ سگِ نبی۔ سگِ رسول۔ سگِ محمد۔ سگِ احمد۔ سگِ مصطفیٰ ضرور لکھتا۔ کیونکہ صحابہ کرام کو ہم سے کئی گنا زیادہ حضور نبی کریم ﷺ سے محبت تھی۔ مگر ہمیں ساری تاریخ اسلام میں ایسی کوئی مثال نہیں ملتی۔"

☆☆☆

Marfat.com

جمعۃ الوداع 21۔جنوری 1966ء

آپ مجھے اپنے دادا پیر چھاں شاہ صاحب کی لکھی ہوئی ''مناجات غوث الاعظم'' جمعرات 9۔دسمبر 1965ء کو نقل کرنے کے لیے دے گئے تھے۔ جب میں نقل کر کے آپ کی خدمت میں پیش کرنے حاضر ہوا تو دیکھ کر فرمایا۔''ماشاءاللہ''الحمداللہ آپ نے میری کاوش کو شرف قبولیت بخشا۔

معاہدہ تاشقند پر گفتگو ہوئی تو آپ نے فرمایا''اچھا ہو گیا ہے۔ داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ صلح کے حق میں ہیں۔ مگر میاں میر صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ ہندوؤں کو ختم کر دینا چاہیے۔ حضور داتا صاحب از حد جمالی ہیں۔ بہت کم غصے میں آتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بچے آپ کے مزار پُر انوار پر نا قابل برداشت حرکتیں کرتے ہیں۔ مگر آپ بڑی فراخ دلی سے درگزر فرماتے ہیں۔''

میں نے آپ کے ساتھ نماز جمعہ آپ کے گاؤں کی جامع مسجد میں صاحبزادہ حیدر صاحب سجادہ نشین چورہ شریف کی امامت میں ادا کی شام کو واپسی ہوئی

☆☆☆

اتوار 23۔جنوری 1966ء

عید الفطر بمعہ اہل و عیال آپ کے ہاں آپ کے ساتھ منائی۔ نماز عصر کے بعد

Marfat.com

واپسی ہوئی۔

☆☆☆

## جن کا قبولِ اسلام

منگل 25۔جنوری 1966ء

آپ ہمارے ہاں جہلم تشریف لائے جنات کا ذکر چھڑا عرض کی سنا ہے کہ ان کی عمر بہت لمبی ہوتی ہے۔آپ نے فرمایا''بلانی نزد دندی بیسہ (کھاریاں ضلع گجرات) کے ایک شخص مراد نامی کو جن کا سایہ تھا۔وہ ہمارے ہاں آیا اُسے دورہ پڑا۔آسیب حاضر ہوا اور اس نے کہا میرا نام سلمٰی ہے میں پہلے مشرک تھی۔حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں ایک جانور کا گوشت پیش کیا گیا۔جس جانور کا گوشت تھا۔وہ آپ کے سامنے زندہ ہوگیا۔اور اس نے حضور ﷺ کا کلمہ پڑھا۔یہ معجزہ دیکھ کر میں نے اسلام قبول کر لیا۔پھر سلمٰی نے حضور نبی کریم ﷺ کی شان میں مجھے نعت سنائی جس کی ایک سطر عربی ایک سطر فارسی اور ایک سطر اردو میں تھی۔نہایت خوشنما اور پاکیزہ منظر پیش نظر تھا۔ایسا معلوم ہوتا تھا۔کہ کسی گلستان میں ہیں۔جہاں گُلوں کی بھینی بھینی خوشبو مہک رہی ہے۔ہلکی ہلکی پھوار پڑ رہی ہے۔سلمٰی نے مجھے نعت ایسی سُریلی۔شیریں اور پُرسوز آواز میں سنائی کہ سماں بندھ گیا۔اور ہم پہروں اُسے سنتے رہے۔اس سے پہلے میں نے نہ کبھی ایسی خوشبو سونگھی نہ ایسی سُریلی آواز میں نعت سنی۔''

☆☆☆

Marfat.com

ہفتہ 29۔جنوری 1966ء گجرات

آپ ہمارے ہاں محلہ علی مسجد نزد اسلامیہ ہائی سکول تشریف لائے اور از راہ کرم رات ہمارے ساتھ بسر کی۔فرمایا ''عورتوں کا مزارات پر جانا۔منتیں ماننا اور پیروں سے بے تکلفی منع ہے۔اگر مرد کو اولاد کی ضرورت نہیں تو عورت پر کیا بنی ہے کہ وہ اولاد کی خاطر پیروں فقیروں کے پاس دھکے کھاتی پھرے۔اپنی جائیداد کی فکر تو مرد کو کرنی چاہیے۔کیونکہ اولاد ہوتے پر بھی اگر عورت کو طلاق دے دی جائے تو وہ ہر چیز سے محروم ہو جاتی ہے۔''

☆☆☆

ہفتہ 19۔فروری 1966ء جہلم

جمعرات 17۔فروری کو آپکا یہ نوازش نامہ موصول ہوا۔''قدرتی طور پر دل بہت اداس ہے۔کسی وقت جب بھی فرصت ملے چلے آنا۔آپ سے ایک ضروری کام بھی ہے۔'' چنانچہ اسی روز ہم گجرات پہنچے پتہ چلا کہ آپ منڈی بہاؤالدین تشریف لے گئے ہیں۔میں چوک پاکستان میں میر صادق صاحب کی دکان پر منتظر بیٹھا تھا۔آپ ظہر کے وقت وہیں تشریف لے آئے اور شرف ملاقات بخشا۔آپ نے فرمایا ''ہر جمعرات کو حضرت پیر سلیمان پارس رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (جہلم) کے ہاں حاضری دیا کرو۔'' اس کے بعد آپ میری استدعا پر میرے ساتھ ہمارے ہاں تشریف لائے۔''

☆☆☆

Marfat.com

اتوار 20۔فروری 1966ء

میر صادق صاحب۔الیاس بھٹی صاحب اور نذیر صاحب کے ساتھ آپ کی خدمت میں پیر خانے حاضر ہوا۔فرمایا ''ہر جمعرات کو حضرت پیر سلیمان پارس کے حضور تمہاری حاضری پکی ہو گئی۔اس دوران اگر کوئی خواب دیکھیں تو کسی سے ذکر نہ کریں۔الیاس بھٹی صاحب کی حاضری حضرت شاہ دولھا دریائی اور میر صادق صاحب کی حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم کے ہاں لازمی قرار دی۔آپ نے اپنے دادا جان حضرت پیر چنہاں شاہ صاحب کے دست مبارک سے لکھی ہوئی تفسیر سورۃ یوسف کی زیارت کرائی۔'' تین بجے واپسی کی اجازت ملی سگنل کے حوالدار نذیر صاحب سکنہ لہڑی نزد منگلہ (جہلم) نے ہمیں راستے میں بتایا چند روز پیشتر۔میرا تبادلہ کر دیا گیا اور مجھے کھاریاں حاضر ہونے کا حکم ملا۔میں نے تیاری شروع کر دی مگر دل میں خیال آیا کہ شاہ صاحب سے ملنے کی حسرت پوری نہیں ہو سکی۔دس منٹ کے بعد اطلاع ملی کہ میرا تبادلہ منسوخ کر دیا گیا ہے۔چنانچہ آج میں آپ کی زیارت کے لیے حاضر ہو گیا۔آپ نے اسے فرمایا ''اگر آسانی سے چھٹی مل سکے تو گیارھویں شریف کے ختم میں شریک ہونے کی کوشش کرنا۔''

☆☆☆

اتوار 28۔فروری 1966ء گجرات

چوک پاکستان میں میر صاحب کی دکان پر آپ سے ملاقات ہوئی۔

Marfat.com

☆☆☆

جمعرات 3۔ مارچ 1966ء

گیارھویں شریف کے ختم میں آپ کے ہاں حاضر ہوا پہلی مرتبہ حاضرین نے شنیل کی سبز ٹوپیاں پہنیں جن کے ماتھے پر سنہری حروف میں یارسول اللہ لکھا ہوا ہے۔ یہ ٹوپیاں آپ کی فرمائش پر میر صادق صاحب۔ الیاس بھٹی صاحب اور راقم نے بازار سے شنیل خرید کر خود بنوائیں۔ اور آپ کی خدمت میں پیش کیں۔ کیونکہ آپ نے فرمایا تھا ''میں نے حضور غوث الاعظم رضی اللہ تعالی عنہ کی مجلس میں حاضرین کو اسی طرح کی ٹوپیاں پہنے دیکھا ہے۔ میری خواہش ہے۔ کہ ہماری محفل میں بھی حاضرین اسی طرح کی ٹوپیاں پہنیں۔'' ہم نے یہ ٹوپیاں بنوا کر آپ کی خواہش پوری کر دی۔

☆☆☆

جمعہ مبارک 1۔ اپریل 1966ء

منڈی بہاؤالدین میں بوٹے شاہ صاحب بیمار تھے۔ آپ ان کی خبر گیری کے لیے گئے ہوئے تھے۔ آج واپس گجرات پہنچ کر میر صادق صاحب کی دکان پر تشریف لائے۔ میری آپ سے یہیں ملاقات ہوئی۔ اور میری استدعا پر ہمارے ہاں تشریف لائے۔

☆☆☆

ہفتہ 2۔ اپریل 1966ء

Marfat.com

میں نے قربانی کے جانور میں آپ کے ساتھ شرکت کی تھی۔آپ نے بلا بھیجا حاضر ہوا۔قربانی کے بعد آپ نے حجامت بنوائی۔آپ کے ناخن اور موئے مبارک میں نے آپ کی اجازت سے حاصل کر لیے۔الحمد للہ آج بھی یہ دونوں چیزیں میرے پاس محفوظ ہیں۔اپنے حصے کا گوشت لے کر دو بجے واپس لوٹا۔

رات گیارھویں شریف کے ختم میں حاضر ہوا حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کی منقبت اور رسول اللہ ﷺ کی نعت پیش کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔آپ نے اپنے کپ سے تھوڑی سی چائے پی اور ازراہ کرم باقی چائے مجھے عنایت فرمادی۔عشاء کی نماز میں مجھ ناچیز کو امامت کے فرائض تفویض فرمائے۔رات آپ کے ہاں بسر کی۔صبح میر صادق صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ واپس لوٹے۔

☆ ☆ ☆

منگل 5 اپریل 1966ء

میر صادق صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی دکان پر آپ سے ملاقات ہوئی۔ عتیق الرحمان (راقم کا بیٹا عمر ڈیڑھ سال جسے آپ ہمارے ہاں پلنگ پر لیٹ کر سینے پہ بٹھایا اور کھلایا کرتے تھے) کی طبیعت خراب تھی۔ آپ ہمارے ہاں تشریف لائے۔دو گھنٹے قیام رہا عصر کے بعد تشریف لے گئے رات کو ہمارے ہاں گیارھویں شریف کا ختم تھا۔میر صادق صاحب۔الیاس بھٹی صاحب شریک تھے ختم جاری تھا کہ آپ اچانک تشریف لائے اور ختم غوثیہ پڑھایا۔جس الماری کے

Marfat.com

ساتھ آپ تشریف فرما تھے اس کے اوپر دواتیں پڑی تھیں۔ جن سے میں آپ کے حکم کے مطابق آپ کا شجرہ شریف لکھ رہا تھا۔ میں اٹھا دوات اٹھائی وہ آپ پر گری آپ کے سارے کپڑے آلودہ ہو گئے۔ میں نے شرمندہ ہو کر معذرت چاہی۔ عرض کی حضرت بہت برا ہوا آپ نے فرمایا ''تم کیسے کہہ سکتے ہو برا ہوا؟ اللہ تعالیٰ نے ہمیں رنگ لگا دیئے ہیں۔ اس سیاہی سے ہمارا شجرہ شریف لکھا گیا جو باقی بچی اس کے ہم ہی حقدار تھے۔ آپ حسب معمول مسکراتے رہے۔ معمولی سی ناراضی کا بھی اظہار نہ کیا۔ رات از راہ کرم ہمارے ہاں ہی قیام فرمایا اور صبح ناشتے کے بعد تشریف لے گئے۔

☆☆☆

جمعہ مبارک 8۔ اپریل 1963ء

جمعہ اہل و عیال پیر خانے آپ کی خدمت حاضر ہوا۔ سیاہی والے کپڑے لانڈری سے دھلا کر پیش کیے۔ فرمایا ''رہنے دیتے'' عرض کی اگر آپ اپنی مرضی سے عنایت فرمادیں تو بڑی مہربانی ہوگی۔ آپ نے تین پرچیاں لکھ کر میز پر رکھیں۔ اور فرمایا ''ایک اٹھاؤ''۔ دھڑکتے دل سے رسول کریم ﷺ کے فرمان کے تحت (خیر الامور اوسطہا) درمیان والی پرچی اٹھائی وہ آپ نے لے لی۔ اُسے پڑھا اور واپس دیتے ہوئے فرمایا ''اسے بند ہی رہنے دو'' اندر تشریف لے گئے اور اپنا کرتہ مبارک لا کر مجھے عنایت فرمایا حکم دیا ''پہن لو'' تعمیل کی۔

Marfat.com

گئی لکھا تھا "یا حضرت غوث اغثنی باذن اللہ "(کُرتہ) وہ پرچی جے آپ نے اپنے دست مبارک سے لکھا اور قرعہ اندازی کے بعد جس کے ذریعے مجھے آپ کا کرتہ نصیب ہوا۔ آج بھی میرے پاس محفوظ ہے۔

فرمایا "دوسری دونوں پرچیاں بھی پڑھ لو"۔ ایک پر لکھا تھا "یا حضرت غوث اغثنی باذن اللہ "(کُرتہ+شلوار) دوسری پر "یاحضرت غوث اغثنی باذن اللہ "(کچھ بھی نہ دیا جائے)۔

فرمایا "فیصلہ میری مرضی۔ روایات اور دستور کے عین مطابق ہوا ہے کُرتہ ہی ملنا چاہیے تھا۔ قرعہ اندازی کے ذریعے میں نے حضور غوث پاک سے اجازت طلب کی ہے۔"

آپ نے اپنے دست مبارک سے چائے لاکر پلائی قصیدہ غوثیہ اور ختم غوثیہ پڑھنے کا طریقہ اور پرہیز لکھ کر مرحمت فرمائی کھانا خود لاکر دیا چار بجے مجھے رخصت کیا۔ تانگے پر گھر آ کر رات پہنچ کر جب تانگے والے کو پیسے دینے چاہے تو اس نے لینے سے انکار کر دیا اور بتایا کہ کرایہ شاہ صاحب ادا کر چکے ہیں۔ کُرتہ ... جمعہ اور گیارھویں شریف کے موقع پر پہننے کی اجازت ... دی۔

آپ نے اپنے بزرگوں کے وقت کا ایک نقش شجرہ شریف میں شامل کرنے کو دیا

Marfat.com

جس پر مہر نبوت بنی ہوئی تھی۔ یہ نقش مجھ سے کہیں کھو گیا۔ میرا خیال تھا جب آپ کو علم ہوگا تو سخت برہم ہوں گے۔ مگر جب میں نے آپ کو اس کی گمشدگی کا بتایا تو آپ نے صرف اتنا فرمایا ''کوئی بات نہیں اگر اسے شجرہ شریف میں شامل ہونا ہے تو مل جائے گا۔'' یہ سن کر میری جان میں جان آئی کیونکہ اس کے گم ہونے کی وجہ سے میں سخت پریشان تھا۔

☆☆☆

ہفتہ 9۔ اپریل 1966ء گجرات

پوک پاکستان میں میر صادق صاحب کی دکان پر ملاقات ہوئی جس شجرہ شریف کی ترتیب و تدوین آپ نے میرے ذمے لگائی تھی۔ مکمل کر کے آپ کی خدمت میں پیش کیا۔ آپ نے چھپوانے کے لیے منظوری دے دی۔ عرض کی اس کوشش کی قبولیت کے لیے دعا فرمائیں۔ فرمایا'' قبول ہے تبھی یہ سب کچھ لکھا گیا۔'' عرض کی جو کرتہ آپ نے مجھے عنایت فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے اس کا اہل بنائے۔ فرمایا'' اگر اہل نہ ہوتے تو وہ تمہیں کبھی نہ ملتا۔'' آپ نے کرتہ عطا کرنے کا سارا واقعہ میر صادق صاحب اور الیاس بھٹی صاحب کو سنایا۔ عرض کی دعا فرمائیں مہر نبوت والا نقش مل جائے فرمایا'' اگر اس نے شجرہ شریف میں شامل ہونا ہے۔ تو ضرور مل جائے گا ورنہ جیسے اللہ کی مرضی۔''

☆☆☆

ہفتہ 16۔ اپریل 1966ء

Marfat.com

میر صادق صاحب۔الیاس بھٹی صاحب اور آپ کے ماموں زاد بھائی ہمایوں رشید کے ساتھ پیر خانے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ رات وہیں گزاری۔ ہمایوں نے بیعت ہونے کی خواہش ظاہر کی آپ نے فرمایا ''اپنے والد صاحب کے ساتھ آنا۔'' تاہم اس کی استدعا پر درود سرور یہ بطور وظیفہ عطا فرمایا۔''

☆☆☆

جمعرات 21۔اپریل 1966ء

جب میں جہلم سے بمعہ اہل و عیال گھر۔ گجرات پہنچا تو آپ پہلے ہی ہمارے ہاں تشریف فرما تھے۔عرض کی اہل نظر سے اہل قبور ولی اللہ ایک ہی وقت میں کس طرح ہم کلام ہوتے ہیں؟ آپ نے فرمایا'' جس طرح سورج ایک ہے مگر بیک وقت سارا جہاں اس سے فیض حاصل کرتا ہے۔اور جس طرح حضور نبی کریم ﷺ ایک ہی وقت میں مرنے والوں کی قبروں میں تشریف لے جاتے ہیں۔اسی طرح اہل قبور ولی اللہ ایک ہی وقت میں تمام حاضرین سے رابطہ رکھتے ہیں۔''

☆☆☆

ہفتہ 23۔اپریل 1966ء گجرات

آپ نے از راہ کرم مجھے میر صادق صاحب کی دکان پر بلا بھیجا میں آپ کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔

Marfat.com

☆☆☆

## پیش گوئی

ممتاز بھٹی ٹیلی فون ملینک سکنہ مشین محلہ نمبر 2 جہلم میرے دوست ہیں میں نے ان کا تعارف آپ سے کروایا انہیں ملازمت سے نکال دیا گیا آپ نے سنا تو فرمایا ''اسے کہہ دو آرام سے گھر بیٹھا رہے بھاگ دوڑ کی ضرورت نہیں سارا معاملہ خود بخود ٹھیک ہو جائے گا۔'' چنانچہ مئی کے پہلے ہفتے میں نہ صرف انہیں ملازمت پر بحال کر دیا گیا بلکہ ان کی تقرری بھی جہلم ہی میں ہوگئی۔ حالانکہ اس سے پیشتر وہ کھاریاں سے جہلم تبدیلی کے لیے بہت کوشش کرتے رہے مگر کامیاب نہ ہو سکے۔

☆☆☆

اتوار 25۔ جون 1966ء

گرمیوں کی چھٹیوں کے سلسلے میں جہلم سے گجرات پہنچا میر صادق صاحب سے پتہ چلا کہ آپ کہیں گئے ہوئے ہیں۔ عصر کی نماز کے بعد معلوم ہوا کہ آپ تشریف لا چکے ہیں۔ تھوڑی دیر بعد میر صاحب کی دکان پر تشریف لائے اور فرمایا ''تمہارے گھر سے ہو کر آیا ہوں''۔ جب آپ گاؤں جانے لگے تو میں آپ کے ساتھ ہولیا فرمایا ''کتنی نمازیں قضا ہوئی ہیں؟'' عرس کی رات عیدگاہ نیا محلہ جہلم میں عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں مولانا محمد شفیع

Marfat.com

اُکاڑوی خطیب کراچی کی تقریر تھی۔ رات وہاں سے واپسی پر ڈیڑھ دو بجے سو یا رات بھر بارش ہوتی رہی حسب معمول اٹھا نماز فجر ادا کی جب وقت دیکھا تو ساڑھے پانچ بج چکے تھے۔ سوچا آپ سے دریافت کروں گا کہ اب مجھے کیا کرنا چاہیے؟ مگر پوچھنا بھول گیا۔ فرمایا ''چلو۔ میں نے خود جو پوچھ لیا ہے'' آپ نے مجھے وہ نماز قضا کر کے پڑھنے کا حکم دیا۔ اور فرمایا سولہ سترہ روز پہلے بھی تمہاری ایک نماز قضا ہوئی تھی۔

☆☆☆

پیر 27۔ جون 1966ء۔

آپ کے حکم کے مطابق فجر کی نماز کے بعد آپ کی خدمت میں حاضر ہونے کے لیے لاہور سے میرا دیر خانے کی طرف ننگے پاؤں۔ پیدل سفر تھا جب حاضر ہوا۔ تو سامنے بیٹھک میں تشریف فرما تھے۔ فرمایا'' فاصلہ ماپا ہے کتنا ہے۔ گجرات سے یہ جگہ کتنے قدم ہے؟'' میں نے ندامت سے سر جھکا لیا۔ بوڑھے پیارے کا ایک شخص بیٹھا ہوا تھا۔ آپ کے والد ماجد سے کہنے لگا۔ میں اپنا حال بیان کر رہا تھا۔ آپ نے فرمایا میں دیکھ رہا تھا وہ آدمی کہنے لگا یہ اشارہ میرے بیٹے کی طرف ہے۔ جو رات چھت سے گرا اور شدید زخمی ہوا میں نے اسکا حال آپکو بتانا تھا مگر آپ نے خود ہی سب کچھ بیان کر دیا۔

قصور سے ایک آدمی حاضر ہوا عرض کی بچہ پیدا ہوا ہے مگر ماں کا دودھ نہیں پیتا۔ ہر وقت روتا رہتا ہے۔ اس سے قبل جو بچی پیدا ہوئی تھی اسکا بھی یہی حال تھا۔ اس کے ہر وقت

Marfat.com

رونے سے نصف گھر والے بلکہ پڑوسی بھی تنگ آ گئے۔ میں آپ نے تعویذ دے دیا۔ اور جب اس بچی کے گلے میں ڈالا تو وہ اسطرح خاموش ہوگئی جس طرح پانی ڈالنے سے آگ بجھ جاتی ہے۔

آپ کے گاؤں ماہوکھوکھر کا سکول اسی سال (1966) مڈل ہوا ہے۔ سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب صوفی محمد مختار الحسن نے اردگرد کے دیہاتوں سے آدمی بلوائے۔ تاکہ ان کے تعاون سے مزید کمرے بن سکیں۔ ان لوگوں کے سامنے حضرت شاہ صاحب کو تقریر کی دعوت دی گئی۔ آپ فرماتے ہیں میں تقریر کر رہا تھا اور لوگ نوٹوں کی بارش کر رہے تھے۔ تقریر کے اختتام پر اچھی خاصی رقم جمع ہوگئی۔

آپ از راہ کرم سڑک تک مجھے چھوڑنے کیلئے میرے ساتھ تشریف لا رہے تھے کہ سکول والوں نے بلا لیا۔ ہیڈ ماسٹر صاحب (جو وہابی خیالات رکھتے ہیں) کہنے لگے "ہم تو بالکل مایوس ہو چکے تھے۔ مگر قبلہ شاہ صاحب نے بڑی شفقت فرمائی۔ تشریف لائے۔ لوگوں تک ہمارے خیالات پہنچائے۔ جنہوں نے دل کھول کر ہماری مالی مدد کی ہے۔ ہمیں تو قطعاً امید نہ تھی کہ اتنی رقم اکٹھی ہو جائے گی۔ ہم گاؤں گاؤں مارے مارے پھرتے رہے ہماری کوئی سنتا ہی نہ تھا۔ قبلہ شاہ صاحب نے ہمارا ایسا ساتھ دیا ہے کہ سارے گاؤں والے ہمارے ساتھی بن گئے ہیں۔"

آپ مجھے بس میں سوار کروا کے واپس تشریف لے گئے۔

Marfat.com

اپنے سب سے پہلے پیر بھائی عارف صاحب کے بارے میں پوچھا آپ نے فرمایا وہ اب بفضل خدا عارف بن کر ہی رہے گا۔ کھانا آپ نے اپنے دست مبارک سے لا کر دیا۔

☆☆☆

جمعرات 30۔ جون 1966ء

گیارھویں شریف کے سلسلہ میں آپ کے ہاں حاضر ہوا۔ آپ کے حکم سے قصیدہ غوثیہ اور آپ کا نسبی شجرہ پڑھ کر سنایا۔ آپ نے تمام ٹوپیاں۔ منکے اور چادر دی۔ تاکہ ہفتہ کے روز ہمارے ہاں ہونے والی محفل میں کام آئیں۔

☆☆☆

ہفتہ 2 جولائی 1966ء

ہمارے ہاں ختمِ غوثیہ کی محفل میں شرکت کے لیے تشریف لائے۔ میر صادق صاحب۔ الیاس بھٹی صاحب۔ اسلم صاحب اور نذیر احمد جان صاحب بھی شریک ہوئے۔ ختم شریف پڑھ چکنے کے بعد آپ نے فرمایا آج کا ختم سب سے زیادہ کامیاب رہا۔ کیونکہ آج کی محفل میں کوئی تمباکو نوش شامل نہیں تھا۔ تمام حضرات نے ہمارے ہاں رات کو قیام کیا آپ نے صبح قلم کاغذ طلب کیا اور قصیدہ غوثیہ کی چلہ کشی کی اجازت لکھ کر دی۔

ختم غوثیہ کے لیے اپنی چادر بنانے اور کتاب فلاحِ دارین میں درج تمام تعویذات

حاجت مندوں کو دینے کی اجازت فرمائی۔

جن منکوں پر آپ کے بزرگ۔ اور آپ خود ختم غوثیہ پڑھتے آئے ہیں اور جو آپ کے دادا پردادا کابل۔ افغانستان سے لائے تھے۔ ان کے بارے میں فرمایا تمھارے حصے کے تین منکے نکلے ہیں۔ کسی وقت آکر لے لیں۔

☆☆☆

جمعرات 7 جولائی 1966ء

آپ نے میر صادق صاحب کو پیغام دے کر ہمارے ہاں بھیجا۔ کہ آپ نے یاد فرمایا ہے حاضر ہوا آپ نے کھانا منگوایا۔ اپنے ساتھ ایک ہی برتن میں کھانے کا حکم دیا۔

منڈی بہاؤالدین میں بوٹے شاہ صاحب کے ہاں گیارھویں شریف کا ختم تھا۔ آپ اس میں شرکت کے لیے بس اسٹینڈ تک ساتھ لے گئے۔ بس میں بٹھا کر میں نے اجازت لی اور واپس لوٹا۔

☆☆☆

منگل 12۔ جولائی 1966ء

فجر کی نماز کے بعد تیسری دفعہ پیدل اور دوسری دفعہ ننگے پاؤں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ اپنے بھانجے کی شادی میں شرکت کے لئے رانے وال سیداں گئے ہوئے تھے۔ انتظار کرنا پڑا تھوڑی دیر بعد میر صادق صاحب کے ساتھ واپس تشریف لائے۔ مسجد میں سے

Marfat.com

گئے۔علیحدگی میں گفتگو ہوتی رہی۔دس بجے واپسی ہوئی۔

ختم شریف کے لیے چادر سلوانے میر صاحب کی دکان پر ظہر کی نماز کے بعد پہنچا آپ وہاں تشریف فرما تھے۔منڈی بہاؤالدین جا رہے تھے۔بس سٹینڈ تک ساتھ گیا جب آپ بس میں سوار ہو گئے۔تو اجازت لے کر واپس آ گیا۔

☆☆☆

بدھ 13۔جولائی 1966ء

ختم گیارھویں شریف کی چادر لینے میر صاحب کی دکان پر گیا تو آپ منڈی بہاؤالدین سے واپس تشریف لا چکے تھے۔چادر دیکھ کر فرمایا" چادر بھی بہت اعلیٰ بنی ہے اور چادر والا غوث پاک بھی بہت اعلیٰ ہے۔کم از کم تیس برس چلے گی خدا جانے اس وقت تک کون ہوگا کون نہیں ہوگا۔" تھوڑی دیر کے بعد آپ گاؤں تشریف لے گئے۔

☆☆☆

پیر 18۔جولائی 1966ء

مغرب کے وقت میر صادق صاحب پیغام لے کر ہمارے ہاں آئے کہ پیر و مرشد نے یاد فرمایا ہے۔چنانچہ ہم دونوں فجر کی نماز پڑھ کر روانہ ہوئے اور پانچ پینتیس پر آپ کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔آپ مسجد میں حسب معمول بچوں کو قرآن پاک پڑھا رہے تھے۔ملاقات کے بعد آپ گھر تشریف لے گئے اور تین منکے جو آپ کے بزرگ گیلانی شاہ صاحب

Marfat.com

اور سلطان شاہ صاحب کابل (افغانستان) سے تقریباً ڈیڑھ صدی پہلے آئے تھے۔ اور جن پر آپ اور آپ کے بزرگ ختم غوثیہ پڑھتے رہے ہیں۔ مجھے عطا فرمائے۔ نیز فرمایا" ہو سکتا ہے کہ تین سے پانچ ہو جائیں۔ دو نا معلوم کہاں ہیں اور کب ہیں گے۔" مجلس میں سے ایک شخص نے عرض کی۔ پرانے وقتوں میں بہت بزرگ ہوئے ہیں۔ فرمایا" آجکل اللہ والے پرانے وقتوں سے زیادہ ہیں کیونکہ عمارت کمزور ہوتی ہے تو تھم اور ستون سہارے کے لیے زیادہ سے زیادہ درکار ہوتے ہیں۔ آج دین کی عمارت پہلے کی نسبت زیادہ کمزور ہو چکی ہے۔ اسلئے اللہ والے بھی زیادہ ہیں۔ جو دین کے ستون ہیں۔ اگرچہ وہ اپنے آپ کو ظاہر نہیں کرتے کیونکہ اس زمانے میں مادی ترقی کے باعث لوگ اللہ والوں کو تنقیدی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ جب کہ پہلے وقتوں میں لوگ ایمان کی نظر سے اہل اللہ کے پاس عقیدت سے جاتے تھے۔" آٹھ بیس پر اجازت لی۔ آپ نے اگلے پیر شہر آنے کا وعدہ فرمایا۔

☆☆☆

منگل 19 جولائی 1966ء

دوپہر دو بجے کے قریب غریب خانے پر تشریف لائے اپنا مکان خریدنے کی تلقین فرمائی۔ بشارت دی کہ" عنقریب تمہیں نبی پاک ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی۔" [illegible] دین کی حالت اچھی ہے۔ مگر اللہ والے زیادہ بہتر حالت میں ہیں۔ وہ طبیعت [illegible] نہیں تھیں۔

Marfat.com

رات میں نے خواب میں دیکھا ''کوئی فرمارہا ہے کہ انگوٹھی کا عقیق اچھا نہیں اسے اتار دو۔'' آپ نے میرا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر عقیق دیکھا اور فرمایا کسی ناپاک چیز سے لگ کر ناپاک ہو گیا ہے۔ اسے شام سات بج کر گیارہ منٹ پر اتار دینا پھر جب کہا جائے گا تب استعمال کرنا'' عصر کے بعد آپ واپس تشریف لے گئے۔

☆☆☆

ہفتہ 23۔جولائی 1966ء

چوتھی دفعہ پیدل اور تیسری دفعہ ننگے پاؤں حاضر ہوا ملاقات نہ ہو سکی کیونکہ آپ لاہور گئے ہوئے تھے۔ میر صاحب کی دکان پر ملاقات ہوگئی۔ الیاس بھٹی صاحب اور نذیر احمد جان بھی موجود تھے۔ مشتاق احمد ہاشمی صاحب جنہوں نے شجرہ طریقت قادری نوشاہی کے علاوہ آپ کی شان میں بہت کچھ منظوم لکھا ہے۔ تشریف لائے۔ تصوف پر گفتگو ہوئی تو آپ نے فرمایا'' کئی رنگ ہیں اپنے آپ کو مارے بغیر کچھ حاصل نہیں ہوتا فنافی الشیخ۔ فنافی الرسول۔ فنافی العشق۔ فنافی الذکر۔ فنافی الوجود۔ فنافی اللہ وغیرہ یہ سب رنگ ہیں۔ سالک کو چاہیے کہ استقامت کے ساتھ اپنا فرض ادا کرتا جائے کسی قسم کے جھگڑے میں نہ پڑے کہ مرشد آگ میں ڈالے اور میں نہ جلوں یا اس رتبہ پر پہنچا دے کہ میں ہوا میں اڑوں اس سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ اصل چیز استقامت ہے جو درود پاک کی کثرت سے حاصل ہو سکتی ہے شریعت اس لحاظ سے آسان ہے کہ آپ نماز میں کھڑے ہیں مگر خیالات کی دنیا میں کھو کر کہیں سے کہیں پہنچ

Marfat.com

جاتے ہیں رکوع، وضو اور باقی ارکان صحیح ادا کئے جائیں تو نماز ہو جائے گی۔ مگر طریقت میں اگر ذرہ بھی غیر خیال آیا تو سالک اس مقام سے کوسوں دور چلا جائے گا۔ اس راستے میں بہت زیادہ مشکلات پیش آتی ہیں اور ہر وقت بھٹکنے کا کھٹکا لگا رہتا ہے۔ تمہارے پیر بھائی نذیر احمد جان بھٹک کر بہائی مذہب میں چلے گئے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے انہیں توبہ کی توفیق دی۔ عزیز نے سائیں بن کر فقیر ہونے کا دعویٰ کیا اور میری طرف یہ جھوٹی نسبت کی کہ میں نے اسکی ڈیوٹی حضرت شاہ دولھا دریائی کے دربار لگا رکھی ہے۔ حالانکہ میں نے ایسا نہیں کیا۔'' آج کل اس (عبداللطیف) کی بھی کڑی آزمائش ہو رہی ہے اللہ تعالیٰ اسے استقامت بخشے۔''

سائیں عبداللہ مجذوب کے بارے میں فرمایا'' ہمارے دادا جان حضرت پیر گیلانی شاہ صاحب کی قبر پر اکثر رہتے تھے۔ کبھی کبھی ہمارے گھر بھی آتے۔ ہماری والدہ ماجدہ انہیں کھانا کھلاتیں۔ ایک دفعہ ایک وہابی سید نے کہا کہ میں آج سائیں عبداللہ کو ٹھکانے لگا کر چھوڑوں گا۔ چنانچہ وہ کلہاڑی لے کر علی الصبح گھر سے نکلا مگر اس نے راستے ہی میں مختلف مقامات پر سائیں صاحب کے جسم کے مختلف اعضاء پڑے دیکھے کہنے لگا اچھا ہوا میرے علاوہ کسی اور نے اسے ٹھکانے لگا دیا۔ تھوڑی دیر بعد اس نے ایک آدمی سے پوچھا کہاں سے آرہے ہو؟ اس نے کہا سائیں عبداللہ صاحب سے مل کر آرہا ہوں۔ کہنے لگا اسے تو کسی نے قتل کر دیا ہے۔ اس آدمی نے کہا ایسی تو کوئی بات نہیں۔ میں تو ابھی اس سے مل کر آرہا ہوں۔ وہابی سید کہنے لگا یہ سائیں عبداللہ بڑا ہی جادوگر ہے۔''

Marfat.com

آپ نے فرمایا" سائیں عبداللہ صاحب ہمارے ہاں آئے صرف تہبند باندھ رکھا تھا۔ میری عمر اس وقت پانچ سال تھی۔ میں سائیں صاحب کے کندھوں پر سوار ہو گیا۔ دیکھا تو آپ کے کندھوں کا رنگ اتنا سیاہ ہو چکا تھا کہ باقی جسم سے بالکل الگ دکھائی دے رہا تھا۔ میں نے پوچھا سائیں جی یہ نشان کیسے ہیں؟۔ انہوں نے کہا" تمہارے باپ سید عبدالقادر جیلانی کا کہار ہوں ان کی پالکی بغداد شریف سے مدینہ منورہ لے کر جاتا ہوں۔ اس پالکی کے اٹھانے سے میرے کندھوں پر یہ نشان پڑ گئے ہیں۔"

آپ نے فرمایا" سائیں عبداللہ کبھی کبھی یہ نعرہ لگاتے کوہ نجف۔ اس زور سے نعرہ لگاتے کہ اردگرد کے مکانوں میں گویا زلزلہ سا آ جاتا ہر چیز کانپ اٹھتی۔"

حضرت سائیں علم دین ٹرلو۔ کے بارے میں آپ نے فرمایا" ہمارے والد صاحب نے ہماری بڑی ہمشیرہ کے متعلق سائیں ٹرلو سے کہا سائیں جی دعا کریں یہ بچی قرآن پڑھ جائے سائیں صاحب نے کہا شاہ جی ایمان بڑی چیز ہے چنانچہ وہ ساری عمر رواں قرآن پاک نہ پڑھ سکیں۔ جوڑ جوڑ کے پڑھ لیتی ہیں۔ لیکن ان کا ایمان ہم سب سے زیادہ پختہ ہے۔ حضور غوث پاک کی شان میں کوئی گستاخی برداشت نہیں کر سکتیں۔ گیارھویں شریف کے برتن خود باوضو دھوتی ہیں۔"

فرمایا" سائیں ٹرلو پھونک مار کر آگ لگا دیتے ہیں اللہ کے بندے ایسے بھی ہیں جن

Marfat.com

کی آہ سے دنیا تہس نہس ہو جائے جو ایک دفعہ اللہ ہیں تو دوزخ کی آگ سرد ہو جائے۔"

فرمایا" وفات سے تین روز قبل سائیں عبداللہ نے ڈھول والوں کو بلوایا اور ڈھول کی تھاپ پر ناچنا شروع کر دیا۔ سائیں غلام حسین نے بڑے شاہ صاحب سے یہ کیفیت بیان کی تو آپ نے فرمایا اسے کچھ نہ کہو۔ اس کے پاس رہو اس کا آخری وقت ہے۔ چنانچہ تیسرے دن سائیں عبداللہ کا انتقال ہو گیا۔ جنازہ میں حضرت پیر نصیب علی شاہ صاحب نے بھی شرکت فرمائی جنازہ کے قریب ایک بس آ کر رکی سواریوں نے پوچھا کون فوت ہوا ہے؟ بتایا گیا سائیں عبداللہ ان میں سے ایک نے کہا خدا کی قسم میں نے آتی دفعہ ابھی سائیں صاحب کو جہلم میں دیکھا ہے اور میں انہیں اچھی طرح پہچانتا بھی ہوں۔"

☆☆☆

جمعرات 28۔جولائی 1966ء

میری بھتیجی طاہرہ کریم کی وفات پر تعزیت کے لئے تشریف لائے

☆☆☆

جمعہ 29۔جولائی 1966ء

گیارھویں شریف کے ختم اور حضور غوث پاک کے سالانہ عرس کے سلسلے میں حاضر ہوا۔ ختم شریف کے لئے میری بنوائی ہوئی چادر بچھائی گئی۔ سبھی حاضرین نے اسے پسند کیا آپ نے فرمایا" چادر بہت اچھی ہے۔ اور پہلی مرتبہ اچھے موقع پر استعمال ہوئی ہے۔ خدا کرے۔

Marfat.com

اس نے کے بنوانے والے کی قسمت بھی اچھی ہو۔'' اس موقع پر بوٹے شاہ صاحب۔ میر صادق صاحب۔ الیاس بھٹی صاحب اور نذیر احمد جان موجود تھے۔

صبح درس قرآن پاک کے سلسلے میں مجھے ارشاد فرمایا ''سب سے قرآن پاک کا سبق سنو اور نیا سبق دو۔'' فارغ ہو کر میں بیٹھک میں حاضر ہوا آپ نے فرمایا ''رات میں نے سب کے حق میں دعا کی لیکن میرے لیے کسی نے دعا نہیں کی پھر باری باری سب سے پوچھا میں نے عرض کی ہاں میں نے دعا کی تھی۔ فرمایا اچھا ابھی پتہ چلتا ہے چنانچہ ایک دفعہ پھر قرعہ اندازی ہوئی۔ بوٹے شاہ صاحب۔ میر صادق صاحب اور بابا سلطان کے علاوہ سب سے پہلے مجھے پرچی اٹھانے کا حکم ملا۔ پرچی اٹھائی۔ لکھا تھا۔ ''دعا منظور ہے۔''

صبح آٹھ بجے بوٹے شاہ صاحب۔ میر صادق صاحب اور الیاس بھٹی صاحب کے ساتھ بابا سلطان کے تانگے پر واپس گجرات آئے۔

☆☆☆

اتوار 31۔ جولائی 1966ء

علالت کے باوجود آپ ہمارے غریب خانے پر ختم گیارھویں شریف کے سلسلے میں تشریف لائے۔ چونکہ آپ باولے کتے کے کاٹے پر ٹیکے لگوا رہے تھے۔ اسلئے کمزوری بہت تھی۔ فرمایا ''میں ختم شروع کروا دوں گا پھر آرام کروں گا باقی تم پڑھا دینا دعا کے وقت پھر آ جاؤں گا۔'' مگر جب ختم شروع ہوا تو اختتام تک تشریف فرما رہے۔ اس موقع پر میر صادق

Marfat.com

صاحب ۔ الیاس بھٹی صاحب ۔ اکرم صاحب اور ناصر صاحب بھی شریک ہوئے ۔ آپ صبح ناشتے کے بعد گاؤں تشریف لے گئے ۔

☆☆☆

منگل 9۔ اگست 1966ء

ہم جلالپور جٹاں ہسپتال میں زیر علاج اپنے بھائی بشارت حسین کے بیٹے طارق کی عیادت کے لئے بس سٹینڈ پر کھڑے تھے ۔ آپ بھی وہیں تشریف لے آئے ۔ آپ قصور جارہے تھے ۔

☆☆☆

بدھ 10۔ اگست 1966ء

میر صادق صاحب کی دکان پہ بیٹھا تھا ۔ الیاس بھٹی صاحب نے اپنا خواب اس طرح بیان کیا ۔ ''میں نے حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہاں حاضری دی واپسی پر مٹھائی لایا ۔ ہم تینوں ایک ساتھ بیٹھے ہیں ۔ حضرت صاحب بھی تشریف فرما ہیں ۔ میں نے مٹھائی حضرت صاحب کی خدمت میں پیش کی وہ انہوں نے تمہیں دے دی ۔''

ہم تینوں بیٹھے باتیں کر رہے تھے کہ آپ ساڑھے چھ بجے شام قصور سے واپس آئے تھیلے سے پھولوں کا ہار نکالا اور فرمایا ''یہ داتا صاحب سے ملا ہے ۔'' ایک امرود مجھے دیا اور فرمایا گاڑی میں ایک ملنگ نے دیا ہے سب کاٹ کے کھالیں ۔ مٹھائی کا ایک دانہ نکالا اور وہ مجھے

Marfat.com

عطا کیا۔ بھٹی صاحب نے نعرہ لگایا۔ لو! بھائی میرا خواب پورا ہوگیا۔

بھٹی صاحب اور میں آپ کو رخصت کرنے کے لئے کچہری روڈ تک گئے۔ واپسی پر نماز مغرب حضرت پیر حبیب اللہ صاحب کی مسجد ریاض مدینہ میں ادا کی اور حضرت صاحب کی عطا کردہ مٹھائی دونوں نے مل کر کھائی۔

☆☆☆

جمعرات 11۔ اگست 1966ء

ختم غوثیہ کے سلسلے میں میر صادق صاحب کے ہاں رات ساڑھے آٹھ بجے پہنچا تو آپ وہاں تشریف فرما تھے۔ دس بجے ختم شریف سے فارغ ہوئے۔ آپ نے مجھے فرمایا "عشاء کی نماز تم نے پڑھانی ہے۔" حسب ارشاد میں نے نماز پڑھائی۔ فرمایا "پہلے سے بہتر ہے۔" چادر کا ذکر ہوا تو فرمایا "بڑی قسمت والی ہے بنتے ہی حضور غوث پاک کے پانچ ختموں میں ایک ماہ کے اندر شامل ہوئی ہے

۱۔ میرے ہاں ۲۔ تمہارے ہاں ۳۔ منڈی بہاؤالدین میں بوٹے شاہ صاحب کے ہاں ۴۔ دیوان صاحب کے ہاں ۵۔ میر صادق کے ہاں۔"

میری چھوٹی بچی بیمار تھی۔ اس کے لئے آپ نے تعویذ دیا اور فرمایا "ایک سو گیارہ مرتبہ یا محیط پڑھ کر دم کرنا۔" نماز کی پابندی اور تمباکو نوشی سے پرہیز کے بارے میں آپ نے بڑی دلنشیں گفتگو فرمائی۔ اس ختم شریف میں آپ کے بڑے بھائی سید جماعت علی

Marfat.com

شاہ صاحب۔ الیاس بھٹی صاحب اور اعظم صاحب بھی تشریف تھے۔ رات گیارہ بجے اجازت لے کر واپس آیا۔

☆☆☆

جمعہ 12۔ اگست 1966ء

رات میر صادق صاحب کے ہاں گزار کر صبح آپ ہمارے ہاں تشریف لائے۔ میری بیمار بچی کو دیکھا۔ دلاسہ دیا۔ رخصت ہونے لگے میں آپ کے ساتھ چل دیا۔ میر صادق صاحب اور الیاس بھٹی صاحب چوک پاکستان میں آپ کے منتظر تھے۔ اسی روز دسویں جماعت کے سالانہ امتحان کے نتیجہ کا لاہور بورڈ نے اعلان کیا۔ میں نے پاکستان ٹائمز منگوایا تاکہ اپنی جماعت کا نتیجہ دیکھ سکوں جسے میں انگلش پڑھاتا تھا۔ آپ نے فرمایا ”مطمئن رہو۔ کہہ جو دیا تم کامیاب ہو۔ تمہارے نمبر بہت اچھے ہیں۔“

☆☆☆

اتوار 14۔ اگست 1966ء

صبح آٹھ بجے میر صاحب کی دکان پر پہنچا تو آپ تشریف فرما تھے تھوڑی دیر بعد جلالپور جٹاں چلے گئے۔ عصر کے بعد تشریف لائے الیاس بھٹی صاحب کے ساتھ میں آپکو الوداع کہنے کچہری روڈ تک گیا۔

☆☆☆

Marfat.com

منگل 16۔ اگست 1966ء

میر صادق صاحب کی دکان پر بیٹھا تھا۔ دو چار منٹ کے بعد آپ بھی تشریف لے آئے۔ میر صادق صاحب الیاس بھٹی صاحب کو بازار بھیج دیا۔ مجھے فرمایا ''رات تمہاری والدہ ملیں۔ قرآن پاک بغیر ترجمہ ان کے سامنے تھا۔ اور سورۃ کہف پہ قرآن کھلا تھا۔ ان کی قبر کے قریب سایہ دار درخت ہے جنوب کی طرف چھ سات قبریں چھوڑ کر ایک پکی قبر ہے۔ تم ہر جمعرات کو عصر کی نماز کے بعد سورۃ کہف پڑھ کر ان کی روح کو ایصالِ ثواب کیا کرو رجب یا محرم کے مہینے میں ان کی قبر پکی بنوا دینا۔ مگر درمیان میں اوپر سے کچی رکھنا۔'' میری استدعا پر آپ میرے ساتھ بھٹیاں والے قبرستان میں تشریف لائے۔ اور میری والدہ ماجدہ کی قبر کی نشاندہی فرمائی۔

واپسی پر میرے ساتھ مفتی احمد یار خاں صاحب نعیمی کے ہاں تشریف لے گئے۔ کراچی میں ان کی صاحبزادی عائشہ بی بی کا انتقال ہو گیا تھا۔ مفتی صاحب خود کراچی ہی میں تھے البتہ ان کے چھوٹے صاحبزادے اقتدار احمد موجود تھے۔ آپ نے ان سے تعزیت کی دعائے مغفرت مانگی۔ اور انہیں دین کی بے لوث خدمت کرنے کی تلقین کرتے ہوئے فرمایا'' اگر تبلیغ کا کام فی سبیل اللہ کرو گے تو لطف زیادہ آئے گا۔ لوگ شوق سے تمہاری بات سنیں گے۔ مانیں گے اور عمل کریں گے۔ تم دین کی خدمت میں لگ جاؤ تمہارے رزق کا انتظام خود اللہ تعالیٰ فرما دے گا۔ اصل زندگی مرنے کے بعد شروع ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ راضی ہو گیا تو وارے

Marfat.com

نیارے ہیں۔ یہ دنیاداروں کی بات ہے کہ اگر صدر مملکت۔ وزیر اعظم۔ کسی حکمران یا دولت مند سے ہاتھ ملا لیں تو خوشی اور فخر سے پھولے نہیں سماتے۔ مگر اللہ والوں کو ان باتوں کی کوئی پروا نہیں ہوتی۔ ساری مخلوق انہیں بُرا کہے وہ بُرا نہیں مانتے۔ اگر سب ان کے تلوے چاٹیں تو وہ مغرور اور متکبر نہیں ہوتے۔ مخلوق کی طرف راغب ہونے سے خالق سے توکل اٹھ جاتا ہے۔''

عصر کی نماز آپ نے ساتھ مسجد غوثیہ چوک پاکستان میں ادا کی۔ آپ شام کے وقت واپس تشریف لے گئے میں اور الیاس بھٹی صاحب آپ کی ساتھ کچہری روڈ تک گئے۔

☆☆☆

بدھ 17۔ اگست 1966ء

میر صادق صاحب اور الیاس بھٹی صاحب کے ساتھ دکان پر بیٹھا تھا۔ کہ آپ گیارہ بجے تشریف لائے۔ تھوڑی دیر بعد میر صادق صاحب کے کسی عزیز۔ مریض کو دیکھنے کے لئے روانہ ہونے لگے تو بھٹی صاحب اور میں بھی آپ کے ساتھ ہو لئے۔ آپ نے ہمیں حضرت شاہ دولھا دریائی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہاں جانے کا حکم دیا ہم وہاں سے فارغ ہو کر واپس لوٹے تو محمد حسین قادری ٹیلر ماسٹر کے پاس تشریف فرما تھے۔ واپسی پر آپ میری استدعا پر میرے ساتھ غریب خانے پر تشریف لائے دوپہر کا کھانا ایک ساتھ کھایا۔ یہیں آرام فرمایا اور ظہر کی نماز ادا کی۔

☆☆☆

Marfat.com

ہفتہ 20۔اگست 1966ء

میر صادق صاحب نے پیغام بھیجا کہ پیرو مرشد کے والد ماجد بیمار ہیں۔ چنانچہ پیر خانے حاضر ہوا۔ الحمدللہ شاہ صاحب کی طبیعت سنبھل چکی ہے۔ حضرت صاحب آپ کے پاس تشریف فرما ہیں الیاس بھٹی صاحب مجھ سے تقریباً ایک گھنٹہ پہلے پہنچے۔ آپ اندر تشریف لے گئے۔ شربت لاکر پلایا۔ دوپہر کا کھانا کھلایا۔ ظہر کی نماز کے بعد ایک عطر کی شیشی عطا کی اور فرمایا'' میں یہ داتا دربار سے لایا ہوں۔'' آپ نے ایک کتاب دکھائی۔ جو آپ کے دادا پیر چہاں شاہ صاحب نے اپنے دست مبارک سے لکھی۔ اس میں آپ نے خاندان کے اکثر افراد کی پیدائش۔ موت۔ شادی۔ ختنہ وغیرہ کا اندارج کیا ہوا تھا۔ اس کے مطابق ان کی اپنی شادی 97 برس پہلے ہوئی تھی۔ اور حضرت صاحب کے والد بزرگوار کی عمر 76 برس آپ کے بڑے بھائی جماعت علی شاہ صاحب کی پیدائش 1922ء اور حضرت صاحب کی پیدائش 20 جمادی الثانی 1350ھ درج تھی۔ آپ نے اپنا سنِ بیعت 1950ء بروز جمعہ۔ وقت صبح صادق بتایا۔ آپ کے والد ماجد نے فرمایا'' میں نے سالکوں کا سردار پیر نصیب علی شاہ صاحب اور مستوں کا سردار سائیں علم دین ٹرلو کو دیکھا سائیں ٹرلو گجرات میں پگانوالوں کے ہاں اکثر رہا کرتے تھے اور فضل پگانوالہ پر خاص مہربان تھے۔''

☆☆☆

## ریاکار اور جھوٹے پیر

Marfat.com

حضرت صاحب نے فرمایا'' میں قلعہ گجر سنگھ لاہور میں صدیق کو دیکھنے گیا۔ جو بیمار تھا اور حضرت بابا بھلے شاہ کے مرشد پاک حضرت شاہ عنایت کی چھٹی پشت سے تعلق رکھتا تھا۔ اس نے بتایا کہ اسکے پڑوسی آفتاب صاحب کا پیر آیا ہوا ہے۔ میں نے عشاء کی نماز پڑھی اور لیٹ گیا۔ پیر صاحب نے کہا'' جب سب سو جائیں تو ہم خدا سے باتیں کرتے ہیں۔ اسلئے وضو کے لئے پانی اور جانماز رکھ دیں۔'' مجھے نظر آتا تھا۔ کہ اس نے کبھی نماز نہیں پڑھی یہ سب کچھ محض دوسروں پہ اپنی جھوٹی پیری کا رعب جمانے کے لئے ڈھونگ رچایا جا رہا تھا۔ چنانچہ جب سب سو گئے تو پیر صاحب نے ادھر اُدھر جھانکا جب تسلی ہوگئی کہ کوئی نہیں دیکھ رہا۔ تو پانی زمین پر گرا دیا جانماز اٹھا دیا۔ اور سو گئے صبح آفتاب نے پیر صاحب کی آمد پر ہمیں بھی چائے کی دعوت دی۔ ہم سب بیٹھے تھے۔ پیر صاحب کہنے لگے'' بیٹا آفتاب! پانی بہت ہی ٹھنڈا تھا۔ میرے تو ابھی تک ہاتھ ہی سیدھے نہیں ہو رہے۔'' میں نے کہا'' واقعی پانی بہت ہی ٹھنڈا تھا اسی لئے تو آپ نے وضو کئے بغیر سارا پانی زمین پر بہا دیا۔ نماز اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے حکم سے ادا کرنی ہے۔ نہ کہ لوگوں کے ڈر سے اگر تم نماز نہیں پڑھتے تو ریا کاری سے کام کیوں لیتے ہو؟ بہتر ہے در بدر مانگتے پھرو یہ پیری فقیری کا ڈھونگ کیوں رچا رکھا ہے؟'' آفتاب نے بھی سخت غصے کا اظہار کیا اور آئندہ اپنے ہاں آنے سے سختی سے منع کر دیا۔

## حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

آپ نے فرمایا'' حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ برصغیر کے سب سے بڑے

Marfat.com

ولی اللہ ہیں۔آپ نہایت درجہ حلیم الطبع اور مروّت والے ہیں۔ایسے سمندر ہیں کہ تہہ تک پہنچنا مشکل ہے بچوں۔عورتوں یا مردوں میں سے کوئی بے ادبی بھی کر دے تو آپ درگزر فرماتے ہیں ہر درجہ متحمل مزاج ہیں۔''

فرمایا''اس دنیا فانی میں کسی کو ہمیشہ نہیں رہنا۔ جہاں چند روز قیام ہو۔ وہاں کسی کو ناراض نہیں کرنا چاہیئے۔''

☆☆☆

## آپ اور جنات

آپ نے فرمایا''میرے پاس ایک شخص آیا اور کہا میری بہن سخت بیمار ہے۔ 26 سالوں سے جنات کا سایہ ہے۔ میں اس کے ساتھ گیا جن سے پوچھا کیا مرضی ہے؟ کہنے لگا میں نکاح میں آچکا ہوں۔ میں نے کہا''یہ کسی اور سے کہنا۔ مجھے یہ بتاؤ رہنا ہے یا جانا ہے۔ اگر رہنا ہے تو مجھ سے جابر ہو کر رہنا ہے۔''بلآخر جن اسے چھوڑ کر چلا گیا۔ الحمد اللہ گذشتہ چھ سال سے مریضہ بالکل تندرست ہے۔''

آپ نے فرمایا''میں قصور سے واپس لاہور آیا اور مسجد غوثیہ (نیویں مسجد) اندرون یکی گیٹ پہنچا۔ امام مسجد جو کہ حافظ قرآن اور سفید ریش ہیں۔ مجھے دیکھتے ہی کہنے لگے۔ تم میرے شاگرد ہو کہ نہیں؟''میں نے قرآن پاک کی چند آیات ان سے پڑھی تھیں۔ اسلئے کہا آپ کا شاگرد ہوں۔ کہنے لگے آج حق ادا کرو۔ مولے کی لڑکی کو جن کا سایہ ہے انہوں نے مجھے

Marfat.com

بلایا تھا۔ مگر اس جن نے میری بڑی بے عزتی کی ہے۔ چنانچہ حافظ صاحب کے کہنے پر ہم مولے کے گھر پہنچے۔ جن حاضر ہوا۔ میں نے پوچھا ''جانا ہے یا رہنا ہے؟ اسے کیوں پکڑ رکھا ہے؟'' کہنے لگا'' یہ داتا صاحب جاتی ہے اور بغیر وضو کے قرآن پاک اس جگہ پڑھتی ہے جہاں ہمارا ڈیرا ہے آپ فرماتے ہیں تو میں اسے چھوڑ دیتا ہوں۔'' یہ سن کر حافظ صاحب کہنے لگے ''اب کیوں کہتے ہو کہ میں جاتا ہوں تم تو کہتے تھے کہ نہیں جاؤں گا۔'' جن نے کہا'' آپ کی بات نہیں یہ تو میں شاہ صاحب سے کہہ رہا ہوں۔ تم کیوں بھاگ گئے تھے۔'' دراصل جن کے مقابلے سے حافظ صاحب کے پاؤں جلنے لگے اور وہ پاؤں پر ہاتھ مارتے ہوئے اپنے حجرے میں بھاگ گئے تھے تاہم جن نے میری وجہ سے حافظ صاحب سے معافی مانگی اور لڑکی کو چھوڑ کر چلا گیا۔''

آپ نے فرمایا'' ایک گاؤں میں تین چار جن میری وجہ سے جا چکے تھے۔ اس گاؤں میں مشہور ہو گیا۔ کہ ملہو کھوکھر والے شاہ صاحب کو دیکھتے ہی جن بھاگ جاتے ہیں۔ اللہ کا کرنا ایسا ہوا۔ کہ اسی گاؤں میں ایک نوجوان اور طاقت ور لڑکی کے متعلق شہرت ہوئی کہ اسے جن کی پکڑ ہے۔ اور وہ جن اتنا زبردست ہے کہ کئی عاملوں کی بے عزتی کر چکا ہے چنانچہ مجھے بلایا گیا۔ جب میں وہاں پہنچا تو بہت سے لوگ جمع ہو چکے تھے۔ مریضہ کو دیکھا۔ مگر جن نظر نہیں آیا۔ میں سمجھ گیا کہ معاملہ گڑبڑ ہے۔ میں نے لوگوں سے کہا کہ آپ سب جانتے ہیں۔ کہ یہ جن بہت ہی زبردست ہے اگر اس نے لڑکی کو چھوڑ کر آپ میں سے کسی کو قابو کر لیا تو پھر بہت مشکل درپیش

Marfat.com

ہوگی اس لئے بہتر ہے کہ آپ لوگ یہاں سے اتنی دور چلے جائیں۔ جہاں آپ کو میری آواز سنائی نہ دے۔ چنانچہ سب لوگ چلے گئے۔ میں نے کہا صرف لڑکی کا والد یا والدہ اس کے پاس ٹھہریں۔'' ماں ہمارے پاس رہ گئی۔ میں نے لڑکی سے کہا'' جن تو ہے نہیں۔ سب مکر ہے سچ سچ بتا دو کیا معاملہ ہے۔ ورنہ میں گاؤں والوں کو جمع کر کے سارا قصہ خود سناؤں گا۔ یہ سن کر لڑکی نے آنکھیں نیچی کر لیں۔ اور بالکل خاموش ہوگئی۔ میں نے کہا جلدی جلدی بتاؤ ورنہ مجھے بتانا پڑے گا۔ کہنے لگی'' میری اس ماں کا بیڑا غرق ہوا ہے میں نے کہا تھا کہ میری شادی فلاں سے کرو مگر اس نے میری مرضی کے خلاف میری شادی اپنے بھتیجے سے کر دی ہے۔ جو بنگال چلا گیا ہے۔ آپ سو روپیہ لے لیں اور یہ کہہ دیں کہ جن نکاح میں آ چکا ہے۔ اور وہ اس شرط پر جاتا ہے کہ اس کی طلاق ہو جائے۔'' یہ سن کر مجھے سخت غصہ آیا میں نے کہا'' تم میرے ایمان کا سودا کرنا چاہتی ہو؟'' اس پر وہ ہاتھ باندھ کر منت سماجت کرنے لگی۔ کہنے لگی آپ گیارہ روپے شیرینی لے لیں اور کہہ دیں کہ جن جاتا رہا سب لوگوں کو دوبارہ بلایا گیا۔ لڑکی پھر جن بن گئی اس کی آنکھیں لال اور موٹی ہوگئیں۔ باپ سے کہنے لگی'' ہم چلے جاتے ہیں شاہ جی کی شیرینی گیارہ روپے دے دو۔'' وہ کہنے لگا میرے پاس تو صرف پانچ روپے ہیں۔ باپ کو گالی دے کر کہنے لگی بکواس کرتے ہو فلاں صندوق میں فلاں کپڑے میں گیارہ روپے بندھے پڑے ہیں۔ وہ دے دو۔۔۔'' یہ قصہ بیان کر کے آپ نے فرمایا'' میں نے اس قدر مکر آج تک نہیں دیکھا اس لئے جنات نکالنے کے کام سے پرہیز ہی کرنا چاہیئے۔''

Marfat.com

آپ کے تین جن مرید تھے جن میں سے ایک فوت ہو گیا ہے دو اب بھی موجود ہیں جو نور پور شرقی ارائیاں میں ایک کنویں پر رہتے ہیں۔

آپ نے فرمایا ''ہمارے پردادا سید گیلانی شاہ صاحب ساد ے چک سے ملہو کھوکھر آئے تھے ہمارے آباؤ اجداد وہیں ہیں۔سید معصوم شاہ صاحب سادے چک والے ہمارے رشتہ دار ہیں وہاں ایک مسجد بن رہی تھی جس پر مستری نے شہتیر ڈالنا چاہا تو وہ لمبائی میں ڈیڑھ فٹ کم نکلا ہمارے بزرگوں میں سے حضرت سید صالح شاہ صاحب نے فرمایا رہنے دیجئے۔ آپ تہجد کی نماز کے لئے مسجد میں گئے اور شہتیر کے سرے پر ہاتھ رکھ کر فرمایا تمہیں اس سے بہتر جگہ نہیں ملے گی۔آپ کے ہاتھ پھیرنے سے شہتیر ڈیڑھ فٹ لمبا ہو گیا۔مگر اتنا حصہ باقی شہتیر سے پتلا رہ گیا۔''

آپ نے فرمایا ''آئندہ جمعہ کی نماز ان شاء اللہ ہم سادے چک پڑھیں گے۔اور میں آپ سے اپنے بزرگوں کا تعارف کراؤں گا۔''

شام ساڑھے چھ بجے ہمیں اجازت ملی۔گجرات آنے کے لئے مجھے آپ نے اپنی سائیکل دے دی۔مغرب کی نماز الیاس بھٹی صاحب کے ساتھ زمیندار کالج گجرات کی بڑی مسجد میں ادا کی اور رات ساڑھے سات بجے گھر پہنچا۔آج کی صحبت ساڑھے چھ گھنٹے تک رہی۔

☆☆☆

Marfat.com

اتوار 21۔اگست 1966ء

میر صادق صاحب کی دکان میں بیٹھا تھا۔آپ تشریف لائے۔شام ہو رہی تھی اس لئے آپ گاؤں جانے کے لئے روانہ ہوئے میر صادق صاحب اور میں ملک رفیع الدین وکیل کے مکان تک ساتھ گئے۔راستے میں میں نے اپنی اہلیہ کا وہ خواب آپ کو سنایا جس میں انہوں نے مجھے بعد از مرگ کفن پہنے دیکھا تھا۔آپ نے فرمایا'' فکر کی کوئی بات نہیں۔غفلت کی موت نہ ہو پھر جب چاہے آ جائے۔اللہ تعالیٰ کی یاد میں مرنا ہی خوش بختی ہے آپ میری یہ ڈائری جس سے میں یہ واقعات تحریر کر رہا ہوں برائے مطالعہ اور اغلاط کی درستگی کے لئے اپنے ساتھ لے گئے۔

☆☆☆

بدھ 24۔اگست 1966ء

آپ نماز ظہر کے بعد ہمارے ہاں تشریف لائے یہ ڈائری واپس کی۔آپ گڑھی شاہ دولھا صاحب کسی آدمی کے ہمراہ مریض دیکھنے جا رہے تھے جو اسلامیہ سکول کے پاس کھڑا آپ کا انتظار کر رہا تھا۔ایک گھنٹے کے بعد آنے کا آپ نے وعدہ کیا۔

☆☆☆



Marfat.com

آپ سے کشف القبور کے بارے میں پوچھا گیا۔فرمایا'' جب انسان کے دل پر **اَللّٰه** کا نقش پکا ہو جاتا ہے تو صاحب قبر سے مراقبہ میں فیض حاصل کر سکتا ہے یہ نقش دیر کے بعد پیدا ہوتا ہے مگر دیرپا ہوتا ہے۔ جسے یہ حاصل ہو جائے وہ مرتا نہیں۔ جب دنیادار دوست اپنے دوست کی موت گوارا نہیں کرتا تو وہ حی القیوم اللہ تعالیٰ اپنے دوستوں (اولیاء اللہ) کی موت کیسے گوارا کر سکتا ہے؟''

☆☆☆

## عجیب واقعہ

فرمایا'' ہمارے گاؤں کے رحمت خان ولد محمد حیات کھوکھر۔کوچوان (المعروف رحمت پاناں والا) کی شادی لاہور میں اس وقت ہوئی جب میری عمر نو برس تھی۔اس کی بیوی ظاہری و باطنی حسن سے آراستہ تھی۔مگر رحمت خاں کا اسے مارنا پیٹنا معمول تھا۔اللہ تعالیٰ نے انھیں بیٹا عطا کیا۔جس کا نام غلام نبی رکھا گیا۔یہ بیٹا ابھی ایک ماہ ہی کا ہوگا۔کہ رحمت خاں نے اپنی بیوی کو بری طرح زدوکوب کیا۔اس روز روز کی مار کٹائی سے تنگ آ کر وہ بیٹے کو لے کر کہیں چلی گئی۔چھبیس سال کا عرصہ گزر گیا۔مگر ماں بیٹے کی کوئی خبر نہ ملی۔آج سے پانچ سال پہلے رحمت خاں مجھے کہنے لگا۔ ''بات تب ہے کہ میرا بیٹا مجھے ملے''۔میں نے کہا'' تم بری عادتیں چھوڑ دو۔نماز۔روزے کی پابندی کرو۔یہ تعویذ نوگزے صاحب (حضرت اسحاق بخاری رحمۃ

Marfat.com

اللہ تعالیٰ علیہ ) کی قبر میں دفن کرآؤ۔ اِن شاء اللہ چالیس دن کے اندر اندر تمھارا بیٹا آ جائے گا۔'' چنانچہ اس نے توبہ کرنے اور برائیوں سے باز رہنے کا وعدہ کیا۔تعویذ دفن کرآیا۔38ویں دن اس کا بیٹا ہمارے دروازے پر آ کر کھڑا ہو گیا۔اور اپنے باپ دادا کے بارے میں پوچھنے لگا۔اس کی شکل بالکل اپنے باپ جیسی تھی ۔(مجھ سے کہا جس طرح تمھاری اور تمھارے بیٹے عتیق کی شکل ہو بہو ملتی ہے )۔ گاؤں کے جس شخص نے اسے دیکھا فوراً پہچان لیا۔سارے گاؤں میں شور مچ گیا۔کہ رحمت خاں کا 26 سال سے گم شدہ اور لاپتہ بیٹا غلام نبی گھر آ گیا ہے۔

لڑکے سے اس طرح اچانک آنے کے بارے میں پوچھا گیا تو اس نے بتایا'' مجھے تپ محرقہ تھا۔ میں نیم بیہوشی کی حالت میں تھا۔میری ماں میری زندگی سے مایوس ہوکر ڈاکٹر سے کہہ رہی تھی ڈاکٹر صاحب اس بچے نے تو ابھی تک اپنے باپ کو بھی نہیں دیکھا۔ جو ملہوکھو کھر ( گجرات ) میں صاحبِ جائیداد ہے۔ میں نے یہ گفتگو سنی اور خاموش رہا۔ جب میں صحت یاب ہو گیا۔تو میں نے اپنی والدہ سے اس گفتگو کا تذکرہ کیا۔اور ساتھ ہی اپنے والد سے ملنے کی ضد کی ۔ماں مان گئی اور اس نے مجھے یہاں کا اتہ پتہ دے کر بھیجا ہے''۔

آپ نے فرمایا'' اس لڑکے کی ماں نے یعقوب نامی شخص سے نکاح کرلیا جو غالباً پولیس میں ہیڈ کانسٹیبل تھا۔ بچے کا نام غلام نبی کے بجائے گل محمد رکھ دیا۔غلام نبی ڈاکٹر اور اپنی والدہ کی گفتگو سے پہلے یعقوب ہی کو اپنا باپ سمجھتا تھا۔ وہ تین ماہ اپنے باپ رحمت خاں کے

Marfat.com

پاس رہ کر واپس چلا گیا۔ ایک دو بار پھر ملنے آیا۔ باپ کے ساتھ اس کی خط وکتابت بھی ہے۔ مگر افسوس رحمت خاں نے اپنا وعدہ پورا نہیں کیا۔ نماز۔ روزے کی پروا نہیں کی۔ برے کاموں سے باز نہیں آیا''۔

نماز عصر کے بعد آپ گاؤں کے لئے روانہ ہوئے میں آپ کے ساتھ تھا۔ راستے میں پیر بھائی ناصر بھی آ ملے کچہری تک ہم ساتھ گئے اور پھر اجازت لے کر واپس لوٹے۔

☆☆☆

جمعرات 25۔ اگست 1966ء

بارہ بجے کے قریب میر صاحب کی دکان پر گیا۔ آپ وہاں تشریف فرما تھے۔ ہمارے پیر بھائی اللہ دتہ صاحب آف ملہوکھوکھر کے بیٹے کی شادی کے لئے سنار سے زیور کا حساب کر رہے تھے۔ تھوڑی دیر بعد اسلم صاحب کسی شخص خوشی محمد کی ویسٹ اینڈ واچ فروخت کرنے کے لئے لائے۔ آپ نے گھڑی دیکھی اور پسند فرمائی۔ میں نے خریدنے کی خواہش ظاہر کی۔ آپ نے مالک سے بات کرنے کا وعدہ کیا۔ آپ اسلم کے ساتھ ایک بجے تشریف لے گئے۔

☆☆☆

جمعہ 22۔ اگست 1966ء

صبح آٹھ بجے چل کر ساڑھے نو بجے آپ کی خدمت میں پہنچا۔ ایک گھنٹہ بیٹھنے کا موقع

Marfat.com

ملا۔اس دوران آپ کی چھوٹی بیٹی آسیہ فردوس ہمارے پاس لائی گئی۔آپ نے فرمایا ''اس بچی کی آنکھیں اور رنگت ہماری والدہ مرحومہ سے ملتی ہے۔یہ بالکل ان جیسی ہوگی''۔آپ میرے ساتھ سوا دس بجے گجرات کے لئے روانہ ہوئے۔گاؤں سے نکلے ہی تھے۔کہ اسلم صاحب شہر سے آتے ہوئے ملے۔وہ بھی ہمارے ساتھ واپس شہر آ گئے۔میر صاحب کی دکان پر پہنچ کر آپ نے ان سے فرمایا ''الیاس کو ساتھ لیکر لطیف کے ہاں آ جاؤ''۔آپ میرے ساتھ ہمارے غریب خانے پر تشریف لائے۔بیٹھتے ہی آپ نے یہ ڈائیری طلب کی۔اپنے دو گھنٹے کے قیام کے دوران اس کا مطالعہ کرتے رہے۔ایک دو غلطیوں کو درست کیا۔دوپہر کا کھانا میر صادق صاحب۔الیاس بھٹی صاحب۔اسلم صاحب اور ہم نے آپ کے ساتھ کھایا۔فارغ ہو کر آپ نے دعا فرمائی۔

☆☆☆

میر صادق صاحب۔الیاس بھٹی صاحب۔اسلم صاحب اور میرے ساتھ

آپ کا آخری سفر

Marfat.com

پروگرام کے مطابق ایک بجے ہم سب تانگوں پر یہاں سے روانہ ہوئے۔ ڈیڑھ بجے وہاں پہنچے۔ مسجد میں گئے۔ یہاں حضرت پیر معصوم شاہ صاحب کے بڑے صاحبزادے محمد حسین شاہ صاحب سے ملاقات ہوئی۔ انھوں نے ہمیں مسجد ہی میں چائے پلائی۔ حضرت صاحب نے ایک دو گھونٹ پینے کے بعد باقی مجھے عنایت فرمائی۔

جب سنتیں پڑھنے کے لئے کھڑے ہوئے تو آپ کے بائیں پہلو میں کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کا موقع ملا۔ اس کے بعد پونے دو بجے آپ منبر پر جلوہ افروز ہوئے **الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم و لا ھم یحزنون** کے موضوع پر آپ نے تقریر شروع کی۔ اولیاء کرام کی حیات بعد ممات۔ ان کے فیوض و برکات۔ حضور نبی کریم ﷺ کے علم غیب۔ ہر شے کے فنا ہو جانے کے بعد بھی اللہ تعالیٰ کا آپ کی ذات پر درود بھیجنا۔ اصلاح معاشرہ۔ رسول اللہ ﷺ کی سنت پر عمل پیرا ہونا۔ نماز قائم کرنا۔ مردوں کا داڑھی منڈوانے سے باز رہنا۔ بعض حضرات کا پیدائشی ولی اللہ ہونا۔ اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ذکر خیر۔ آپ کی تقریر کے اہم نقاط تھے۔ جمعہ کی نماز بھی آپ نے پڑھائی۔ اس کے بعد آپ ہمیں اپنے آباؤ اجداد کے مزاروں کی زیارت کے لئے لے گئے جو مسجد کے قریب ہی واقع ہیں۔ گنبد کے نیچے حضرت صالح شاہ۔ حضرت عبدالواسع شاہ۔ اور حضرت حکیم اللہ شاہ صاحب کے مزارات ہیں۔ سرہانے کی

Marfat.com

طرف آپ کے نگڑ دادا حضرت سلطان شاہ صاحب کی پکی قبر موجود ہے۔اندر کے مزارات سنگِ مرمر کے ہیں۔فرش پر مرمر کی سیاہ وسفید ٹائلیں لگی ہیں۔ان کے مشرق میں سید معصوم شاہ صاحب کے پیر ومرشد حضرت فضل نوری صاحب کا سادہ مزار ہے۔جس کے مشرقی پہلو میں معصوم شاہ صاحب نے اپنی قبر کے لیے جگہ مخصوص کر رکھی ہے۔سادے چک حضرت شاہ صاحب کے آباؤ اجداد کا گاؤں ہے۔یہیں سے حضرت سلطان شاہ صاحب کے صاحبزادے حضرت گیلانی شاہ صاحب تقریباً اڑھائی سو سال پہلے ملھوکھو کھر منتقل ہوئے۔ مزارات کی زیارت کے بعد ہم آپ کے تایا ابو سردار شاہ صاحب کے پوتے اصغر شاہ صاحب کے ہاں گئے۔انہوں نے پر تکلف چائے سے ہماری تواضع کی۔

سادے چک سے ساڑھے چار بجے رخصت ہو کر ساڑھے پانچ بجے گھر پہنچے۔ عصر کی نماز آپ کی اقتداء میں اپنے محلّہ کی علی مسجد میں ادا کی۔اس کے بعد آپ اسلم صاحب کے ساتھ گاؤں واپس چلے گئے۔اور ویسٹ اینڈ ریسٹ واچ مجھے دے گئے۔

☆ ☆ ☆

ہفتہ 27۔اگست 1966ء

## آپ سے میری آخری ملاقات

Marfat.com

گیارھویں شریف سے ہفتے میں میر صادق صاحب۔ ایس بھٹی صاحب اور فتح عالم صاحب بھٹی کے ساتھ عصر کی نماز کے بعد روانہ ہوئے۔ راستے میں بھائی ناصر بھی شامل ہو گئے۔ پیر خانے پہنچے۔ آپ مسجد میں تشریف فرما تھے۔ ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ نماز مغرب کا وقت ہو گیا۔ نماز ادا کی گئی۔ آپ نے بھائی ناصر کو نماز میں کوتاہی نہ کرنے کی تلقین فرمائی۔ اور فرمایا "تم نے کل عشاء کی نماز نہیں پڑھی تھی۔" انہیں اعتراف کرنا پڑا۔

شام کا کھانا مسجد میں کھایا۔ باتیں ہوتی رہیں۔ پھر میں ایس بھٹی صاحب۔ ناصر صاحب۔ فتح عالم صاحب گاؤں سے باہر چلے گئے۔ واپس آئے تو آپ مسجد کے اندر لیٹے ہوئے تھے۔ اور میری یہ ڈائری آپ کے سامنے کھلی پڑی تھی اور آپ اسکا مطالعہ فرما رہے تھے۔ میر صادق صاحب آپ کا جسم دبا رہے تھے۔ اسی گاؤں کے دو سفید ریش بزرگ آئے اور وہ بھی آپ کا جسم دبانے لگے۔ آپ کے منع کرنے کے باوجود وہ دباتے رہے۔ آپ کی دائیں ٹانگ میں تکلیف تھی۔ عشاء کی نماز کے بعد ختم شریف پڑھا گیا۔ پھر آپ گھر تشریف لے گئے۔ ہم نے رات مسجد میں گزاری۔ فجر کی نماز کے بعد ہم کہہ رہے تھے میر صادق صاحب قصیدہ غوثیہ سنائیں۔ بھٹی صاحب شجرہ شریف اور میں غوث پاک کی مدح سناؤں گا۔ اسی وقت پیغام آ گیا کہ بیٹھک میں بلا رہے ہیں۔ ہم سب وہاں حاضر ہوئے۔ آپ نے یہ ڈائری پھر طلب فرمائی۔ اور اس کی ورق گردانی کرتے رہے۔ میر صادق صاحب نے ڈائری دیکھنے کی اجازت چاہی۔ آپ نے اجازت دے دی انہوں نے ابتداء کے چند اوراق دیکھے ہوں گے۔

Marfat.com

کہ ناشتہ آ گیا۔ فتح عالم صاحب نے ڈیوٹی پر آٹھ بجے پہنچنا تھا۔ اس لیے سب حضرات اجازت لے کر چلے گئے۔ میں پیچھے رہ گیا۔

سب کو رخصت کرنے کے بعد آپ لیٹ گئے۔ میں آپ کے پاؤں دباتا رہا۔ کبھی کبھی آپ کے ٹیس اٹھتی مگر ضبط کر جاتے۔ چہرے پاک کے آثار بتاتے تھے کہ تکلیف زیادہ ہے اگرچہ ظاہر نہیں فرما رہے۔ آپ کی تکلیف کو مدنظر رکھتے ہوئے میں نے آپ سے کوئی بات پوچھنا مناسب نہ سمجھا۔ اور اجازت چاہی۔ آپ نے پھر الی کے لیے تعویذ لکھوایا۔ دوا دی۔ ٹھہرنے کا حکم فرمایا۔ اندر تشریف لے گئے۔ واپس آئے ایک لفافے میں رس اور دو کاغذ عنایت فرمائے جن پر اہلِ بیتِ اطہار کے فضائل درج تھے۔ عرض کی اگر کل نہ جا سکا تو کیا آپ ہمارے ہاں ختم شریف میں شرکت فرمائیں گے؟ فرمایا ''میں تانگے میں بھی نہیں آ سکتا۔ اس لیے خود ہی پڑھ لینا۔'' دس بجے طوعاً و کرہاً اجازت لی اور گیارہ بجے گھر پہنچا۔

مجھے اجازت دینے سے پہلے آپ نے اپنے والد ماجد۔ میر صادق صاحب۔ الیاس بھٹی صاحب۔ فتح عالم صاحب۔ ناصر صاحب اور تمام حاضرین کی موجودگی میں اپنے دست مبارک سے لکھ کر دیا '' تہجد کی نماز کے بعد تصور شیخ کی کوشش کے بغیر کامیابی محال ہے۔'' عرض کی ''میں تو یہی کر سکتا ہوں کہ اٹھوں وضو کروں اور جائے نماز پر پہنچ جاؤں پھر کوشش میں لگ جاؤں تصور کا ہونا یا نہ ہونا تو میرے بس میں نہیں۔'' یہ سن کر آپ حسب معمول مسکرائے اور خاموش ہو گئے۔

Marfat.com

☆☆☆☆☆

پیر 29۔اگست 1966ء

گرمیوں کی چھٹیاں ختم ہو گئیں۔ اسکول میں حاضر ہونے کے لئے سوا دو ماہ بعد واپس جہلم پہنچے۔

☆☆☆☆☆

# انتقال پُر ملال

ہفتہ 3۔ستمبر 1966ء جہلم

صبح اسکول جانے کی تیاری کر رہا تھا۔ کہ سات بجے کے قریب بھائی فتح عالم نے یہ جانکاہ اور روح فرسا خبر سنائی کہ ''تمہارے پیر و مرشد وصال فرما گئے ہیں نماز جنازہ دو بجے بعد دوپہر ادا کی جائے گی۔'' انا للہ وانا الیہ راجعون۔

یہ خبر سن کر جو حالت ہوئی وہ اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے یا کسی حد تک اسے اندازہ ہو سکتا ہے جس پر یہ حالت بیتی ہو۔ سکول پہنچا، چھٹی لی۔ نو بجے جہلم سے چل کر گیارہ بجے پیر خانے بمعہ اہل و عیال پہنچ گیا۔

گاؤں کے گلی کوچوں میں بچے بوڑھے۔ عورت مرد سب آپ ہی کا ذکر کر رہے تھے۔ آپ کے مکان تک پہنچتے پہنچتے جو بھی ملا اس کی زبان پر آپ کا ہی نام نامی تھا۔ قیامت

Marfat.com

صغریٰ بیاں تھی۔ مسجد۔ دارہ میں مرد جمع تھے۔ اور مکان کے اندر خواتین اور بچے۔ مسجد میں داخل ہوا۔ سب سے پہلے بوٹے شاہ صاحب۔ میر صادق صاحب الیاس بھٹی صاحب۔ ناصر صاحب آپ کے بڑے بھائی جماعت علی شاہ صاحب اور والد ماجد سید حیدر شاہ صاحب سے گلے مل کر دل کا غبار ہلکا کرنے کی کوشش کی۔

تھوڑی دیر بعد آپ کے بڑے بھتیجے نے کہا ''آؤ زیارت کرلو۔'' پہلی مرتبہ مکان کے اندر داخل ہوا بمشکل چارپائی تک پہنچا۔ روئے مبارک پر کپڑا نہیں تھا۔ باقی جسم ڈھکا ہوا تھا۔ آپ کی پیشانی مبارک پر بوسہ دیا۔ دلِ بے قرار کو قدرے قرار آیا۔

سوا بارہ بجے غسل کی تیاری ہوئی۔ بوٹے شاہ صاحب۔ میر صادق صاحب۔ الیاس بھٹی صاحب۔ کے ساتھ مجھے بھی اس آخری خدمت کا موقع نصیب ہوا۔ ان تینوں حضرات نے غسل کے دوران اس چادر سے پردہ کیے رکھا جو حضرت نے مجھے ختمِ غوثیہ کے لئے بنوانے کا حکم دیا تھا۔ جسے آپ پسند فرما چکے تھے۔ اور اس کی پسندیدگی کا اظہار کئی بار ختم شریف کی محافل میں سرِ عام کر چکے تھے۔ جہلم سے اسے ساتھ لیتا گیا اس خیال سے کہ شاید کہیں کام آ جائے الحمدللہ۔ آپ کی نظر کرم اور اللہ رحیم کی رحمت سے حسب خواہش آپ کے آخری سفر میں کام دے گئی۔ گھر سے آپ کے آخری آرام گاہ میں اترنے تک ساتھ رہی۔

غسل کے دوران آپ کے گلے سے تعویذ۔ انگلی سے انگوٹھی۔ دائیں ٹخنے سے دو تعویذ سر سے رومال اتارنے اور غسل کے لئے پانی بھر بھر کے دیئے۔ پشت مبارک کو غسل

Marfat.com

سینے کے لئے سر مبارک اور سینہ پر نور کو ہاتھ سے رکھنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ (جو رومال آخری وقت آپ کے سر مبارک پر تھا وہ آج بھی میرے پاس محفوظ ہے)۔

غسل کے بعد اور کفن پہنانے سے پہلے آپ کے بائیں پاؤں کے تلوے کا بوسہ نصیب ہوا۔ مگر یہ داغ باقی ہے کہ آخری وقت نہ کوئی خدمت کر سکا۔ نہ آپ کی زباں مبارک سے آخری کلمات سن سکا۔

آپ کے گلے میں جو کفنی ڈالی گئی۔ اس پر کلمہ شہادت لکھنے اور ڈولی میں آپ کو رکھتے وقت قدمین شریفین کی طرف سے اٹھانے کی سعادت حاصل ہوئی۔

آپ کو کھلے صحن میں رکھا گیا۔ بے پناہ ہجوم تھا۔ ہر کوئی آپ کی آخری جھلک دیکھنے کے لئے بے تاب تھا۔

۱۔ کلمہ طیبہ ۲۔ حسبی ربی ۳۔ پئی سجدی مونڈھے کملی کالی نبی جی پئی سجدی ۴۔ ساڈا نبی اے مدینے والا ۵۔ ﷺ آ سید رنگ لایا۔

اسی قسم کے آپ کے دوسرے پسندیدہ اذکار بھائی اسلم صاحب نے کروائے۔

آپ کے سامنے آخری بار نذرانہ عقیدت پیش کرنے کا موقع ملا۔ عرض کی

۱۔ جیوے مرشد کامل باہو جنہیں دل دی تاکی لاہی ہو۔

۲۔ اج جہان ویران دسے میرے سوہنے یار دلدار چل گئے۔

۳۔ ضامن غم دا کون ہووے آ بابا درد دی اوہ بھی نس گیا۔

Marfat.com

۴۔ نہ رب عرش معلیٰ اتے نہ رب خانے کعبے ھو۔

۵۔ جو دم غافل سو دم کافر سانوں مرشد ایہہ پڑھایا ھو۔

۶۔ ایہہ تن میرا چشم بے ہووے مرشد ویکھ نہ رجاں ھو۔

بعد از نماز ظہر آخری آرام گاہ کی طرف لے جانے کے لئے آپ کو کندھوں پر اُٹھایا گیا۔ بائیں طرف کا پایہ میرے حصے میں آیا۔ قدم قدم پر لوگ زیارت کے لئے رُکنے پر مجبور کر دیتے۔ راستے میں متعدد بار زیارت کرائی گئی۔ مگر ہجوم کی تسلی نہ ہوتی تھی۔ آخر فیصلہ ہوا کہ چہرے انور کو کھلا رکھا جائے اور ڈولی اسطرح لے جائی جائے کہ لوگ چلتے چلتے دیدار کر سکیں۔

مگر یہ تدبیر بھی بڑھتے ہوئے ہجوم کی وجہ سے زیادہ کارگر ثابت نہ ہو سکی۔ راستے میں بار بار لوگوں کے اصرار پر جنازہ کو رکھتے اور اٹھاتے ہوئے بالآخر جنازہ گاہ پہنچے۔ صفیں باندھنے سے پہلے آپ کی مندرجہ ذیل وصیت حاضرین کو سنائی گئی۔

☆☆☆

''صفِ اول میں صرف شرعی داڑھی والے ہی کھڑے ہوں''

Marfat.com

الیاس بھٹی صاحب کی گنتی کے مطابق صف اول میں ایک سو ساٹھ آدمی کھڑے تھے۔ کل سات صفیں بنیں۔ ہر صف میں تقریباً اتنے ہی آدمی تھے جتنے صف اول میں۔

صاحبزادہ ارشاد بادشاہ آف پورہ شریف (حال صبور شریف) نے نماز جنازہ آپ کی پیشگوئی کے مطابق پڑھائی۔ راقم ان کے عین پیچھے کھڑا تھا۔ دائیں طرف ممتاز بھٹی صاحب (مشین محلہ نمبر 2۔ جہلم)۔ میرے بائیں طرف میر صادق صاحب کھڑے تھے الیاس بھٹی صاحب ممتاز صاحب کی بائیں جانب تھے۔

آپ کو آپ کی والدہ مرحومہ کے مزار کے ساتھ قبلہ کی طرف لحد میں اتارا گیا۔ آخری اینٹ چننے اور مٹی ڈالنے تک لوگوں کی آمد جاری رہی۔ تین بج کر پچیس منٹ پر لحد بند کرنے کا کام مکمل ہو گیا۔ حضرت پیر معصوم شاہ صاحب آف سادے چک (مالک نوری کتب خانہ۔ داتا بازار لاہور۔ وبانی جامع مسجد نوری بالمقابل ریلوے اسٹیشن لاہور) تشریف لائے۔ الحاج شیخ نذر محمد صاحب (مالک کالجیئیٹ ٹیلرنگ ہاؤس گجرات۔ میر صادق صاحب کے ٹیلرنگ میں استاد) نے پیر معصوم شاہ صاحب کی تشریف آوری کے بارے میں استفسار کیا۔ شاہ صاحب نے فرمایا'' مجھے حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے جنازے میں شریک ہونے کا حکم دیا ہے۔'' ساڑھے چار بجے فارغ ہوئے۔ اس دوران مطلع ابر آلود رہا۔ ٹھنڈی ہوا کے جھونکے آتے رہے۔

واپسی پر چچا بھائی اللہ دتہ کھوکھر کے صحن میں سب کو کھانا کھلایا گیا۔ بعد از نماز عشاء

Marfat.com

پیر بھائی نذیر احمد جان صاحب راولپنڈی سے تشریف لائے۔ کہنے لگے ''گذشتہ تین چار روز سے پریشان کن خواب دیکھ رہا تھا۔کھنچا چلا آیا۔گاؤں میں داخل ہونے پر میں نے یہ روح فرسا خبر سنی۔''

آپ کے پڑوسی میاں خاں کوچوان نے چائے کی دعوت دی۔آپ نے اپنے آخری لمحات میں میاں خاں اور اسکی بیوی کو گناہوں سے توبہ کرنے اور آئندہ بچنے کی تلقین فرمائی۔اوران کے حق میں دعا کی ''اے اللہ کریم ان کے گذشتہ گناہ معاف فرمادے۔''

☆☆☆

## آپ کے والد ماجد کی بندہ کو تسلی اور دلجوئی

رات بسر کرنے کا انتظام پیر بھائی ملک محمد نواز صاحب۔محمد اسلم صاحب نے اپنے ہاں کیا۔ ہمارے وہاں پہنچنے کے تھوڑی دیر بعد آپ کے والد ماجد حضرت پیر حیدر شاہ صاحب نے راقم کو بلا بھیجا۔حاضر خدمت ہوا۔تو فرمایا ''یہ نہ سمجھنا کہ تم حاضر نہیں تھے اسلئے محروم رہے ہو وہ بار بار تمہیں اور تمہاری زوجہ کو نام لے لے کر پکارتے رہے۔اس دنیا سے رخصت ہوتے وقت اپنے آخری لمحات میں جس کا پیرومرشد اسے نام لے کر پکارے وہ محروم کیسے رہ سکتا ہے۔؟ تسلی اور خاطر جمع رکھنا وہ تم دونوں سے خوش گئے ہیں۔قطعاً فکر مند نہ ہونا۔یہ بات یاد رکھنا۔ایسا پیر شاید ہی کسی کو نصیب ہو۔وہ نعرے لگاتے اور اللہ کا ذکر کرتے دنیا سے گئے ہیں۔اور فرما گئے

Marfat.com

ہیں" میں قطب الاقطاب ہوں میں زندہ رہوں گا مروں گا نہیں۔" وہ اپنا شجرہ شریف چھپوا کر تمہیں دے گئے ہیں۔ اسے دیکھ کر انہیں یاد کر لینا۔ وہ اپنی یادگار تمہارے پاس چھوڑ گئے ہیں۔"

یہ کہہ کر آپ سے ضبط نہ ہو سکا روتے ہوئے فرمایا"اے بیٹے! تو نے مجھے آخری آرام گاہ تک کندھا دے کر لے جانا تھا۔ یا یہ فرض بھی مجھے ہی تمہاری خاطر نبھانا تھا۔ بیٹے! بوڑھے باپ کے کندھوں پر سارے بوجھ ڈال گئے ہو۔ تم تو کہتے تھے میں آپکا تابع اور فرمانبردار بیٹا ہوں۔ مجھے چھوڑ کر ماں کے ساتھ قبر میں جا سوئے۔ اور بوڑھے باپ کو اکیلا چھوڑ گئے"۔۔۔۔۔ جب قدرے سکوں ہوا تو آپ نے راقم کے جسم پر اپنے دستِ شفقت پھیرتے ہوئے فرمایا"جاؤ اب آرام کرو۔"

فجر کی نماز کے بعد ہم سب مزار پُرانوار پر حاضر ہوئے۔ فاتحہ خوانی کے بعد ذکر بالجہر کیا اور واپس پیر خانے لوٹے۔

☆☆☆

Marfat.com

# آپ کے متعلقین

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قطب الاقطاب حضرت **پیر سید نادر حسین شاہ** صاحب کیلانی

سروری، قادری، سلطانی، نوشاہی

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

کے خلیفہ مجاز اور جانشین پیرِ طریقت۔ رہبر شریعت حضرت **پیر محمد صادق میر**

صاحب سروری قادری نوشاہی نادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔

| | |
|---|---|
| تاریخ پیدائش | 30۔جنوری 1941ء |
| مقام پیدائش | گڑیانوالہ۔ گجرات |
| وصال پُر ملال | جناح ہسپتال لاہور اتوار 27۔اکتوبر 2002ء<br>(20 شعبان المعظم) بعداز نماز فجر |
| پیشہ | ٹیلرنگ |
| بیعت | 1962ء |
| مزار شریف | کیر کلاں قبرستان نزد شان گھی ملز پلی سٹاپ گرین ٹاؤن<br>لاہور |
| عرس مبارک | ہر سال 20 شعبان المعظم |

Marfat.com

راقم 1953ء میں پبلک ہائی سکول نمبر 1 فتو پورہ گجرات میں پڑھتا تھا۔ جب کہ میر صاحب اس وقت اسی سکول میں ساتویں جماعت کے طالب علم تھے۔

آپ نے تعلیم سے فارغ ہوکر گجرات کے معروف اور بزرگ ٹیلر ماسٹر جناب الحاج شیخ نذر محمد صاحب مالک کالجیئیٹ ٹیلرنگ ہاؤس سرکلر روڈ گجرات سے بطور ٹیلر کام سیکھا۔

کاروبار شروع کرنے سے پہلے آپ نے اپنے وقت کے قطب الاقطاب حضرت پیر سید نادر حسین شاہ صاحب گیلانی سروری قادری نوشاہی (سکنہ ملہوکھوکھر۔ ڈیرا بابا جنگو شاہ صاحب بھمبر روڈ گجرات) کے دست حق پرست پر سلسلہ عالیہ سروریہ قادریہ سلطانیہ نوشاہیہ میں 1962ء میں بیعت کا شرف حاصل کیا۔

☆☆☆

## کاروبار

1963ء میں چوک پاکستان گجرات کی جامع مسجد غوثیہ (جس کے پہلے خطیب حکیم الامت۔ مفسر قرآن حضرت علامہ الحاج مفتی احمد یار خاں صاحب قادری نعیمی تھے) کے مین گیٹ کے ساتھ چھوٹی سی دکان میں ٹیلرنگ کا کام شروع کیا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی دیانت۔ امانت۔ محنت اور کاریگری کی بدولت دکان داری میں اتنی برکت دی کہ کام میں وسعت کی بناء پر آپ کو چوک پاکستان میں حکیم سید بہار شاہ صاحب کے ساتھ والی بڑی دکان میں منتقل ہونا پڑا۔ راقم کی موجودگی میں حضرت پیر و مرشد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنے دستِ مبارک سے پیر

Marfat.com

13 جنوری 1964ء (3 ربیع الثانی 1384ھ) کو اس دکان کا افتتاح فرمایا۔ کاروبار میں ترقی و برکت، بہتری اور بھلائی کی دعا فرمائی۔ دکان کا نام "شاہین ٹیلرنگ ہاؤس" تجویز ہوا آپ کی دعا سے اللہ کریم نے اپنے فضل و کرم سے مختصر سے عرصے میں اتنی ترقی اور عروج عطا فرمایا کہ گجرات کے علاوہ جہلم اور سیالکوٹ کے کالجوں کے طلباء اسی دکان سے سلائی کا کام کروانے آتے۔

پہلی دکان پر صرف آپ اکیلے ہی کام کرتے تھے۔ یہاں کام کی وسعت کی بناء پر آپ کو متعدد کاریگر رکھنے پڑے۔

دکان کے پچھلے کمرے میں آپ نے حضرت پیرومرشد۔ ان کے والد بزرگوار۔ ان کے بڑے بھائی اور دیگر مہمانوں کی نشست کا انتظام کیا۔ وقت کے نامور مجذوب سائیں یوسف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور دیگر کئی بزرگ اولیاء اس دکان پر آپ سے ملنے آتے۔

حضرت پیرومرشد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اگر کہیں شہر سے باہر نہ گئے ہوتے۔ تو آپ کی دکان پر روزانہ تشریف لاتے۔ شاید ہی کبھی ناغہ ہوا ہو۔ میر صاحب پر آپ کی خاص نظر عنایت تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا۔ کہ آپ مرید سے مراد بن چکے ہیں۔

☆☆☆

Marfat.com

## خلافت و جانشینی

حضرت صاحب کے محلہ دار۔ بچپن کے ساتھی۔ مرید اور آپ کی مسجد کے خطیب ملک محمد نواز صاحب فرماتے ہیں۔''میری موجودگی میں حضرت صاحب نے میر صاحب کے دائیں ہاتھ میں اپنا ہاتھ دیا۔ اور فرمایا میں نے تمہاری امانت تمہارے سپرد کر دی۔ تم نے وصول کر لی؟ آپ نے یہ الفاظ تین بار دہرائے میر صاحب نے کہا جی ہاں میں نے وصول کر لی۔

وصال کے وقت اپنے والد گرامی۔ برادر بزرگوار سید جماعت علی شاہ صاحب۔ بوٹے شاہ صاحب۔ محمد الیاس بھٹی صاحب۔ ڈاکٹر محمد اسلم صاحب۔ حاجی محمد افضل صاحب۔ اپنے خاندان کے افراد اور سب حاضرین کی موجودگی میں اعلان فرمایا''میرا سلسلہ میر صادق کے سپرد''۔ یہ کلمات آپ نے تین دفعہ دہرائے۔ اس طرح آپ نے علی الاعلان میر محمد صادق صاحب کو سب کے سامنے اپنا خلیفہ مجاز اور جانشین مقرر فرمایا۔

ہمارے بزرگ ترین پیر بھائی بوٹے شاہ صاحب (آف منڈی بہاؤالدین) اس اعلان کے بعد اپنے آخری دم تک میر صادق صاحب کو''میرِ کارواں'' کہہ کر پکارتے رہے۔

☆☆☆

Marfat.com

## ابوظہبی اور بحرین کا سفر

1973ء میں ۔میں نے اپنے بہترین دوست اور بچپن کے ساتھی جناب ایم موذور چوہدری الطاف احمد طور صاحب (آف محلہ مسلم آباد گجرات جو ابوظہبی ڈیفنس فورسز میں پاکستان کی طرف سے ڈیپوٹیشن پر کام کر رہے تھے ۔) کی وساطت سے میر صاحب نوٹیلر کا ویزہ منگوا کر دیا ۔اس طرح آپ کچھ عرصہ ابوظہبی میں مقیم رہے ۔

1) اپنے ابوظہبی کے قیام کے دوران پیش آنے والا واقعہ آپ نے راقم کو اسطرح سنایا۔'' ابوظہبی میں ایک محل نما بہت بڑی عمارت ویران پڑی تھی ۔جس کے بارے میں مشہور تھا اس پر جنات کا قبضہ ہے ۔کوئی بھی ڈرتا اسکے قریب نہیں جاتا تھا ۔ایک دن میں بھی وہاں گیا بہت سے لوگ دور ہی سے اس عمارت کا نظارہ کر رہے تھے ۔اور اس میں جنات کے بارے میں طرح طرح کے قصے سنا کر خوف وہراس پیدا کر رہے تھے ۔کچھ دیر میں ان کی باتیں سنتا رہا اور ان کے ساتھ کھڑا عمارت کو بغور دیکھتا رہا ۔پھر نہ جانے میرے دل میں کیا سمائی ۔میں نے آؤ دیکھا نہ تاؤ ۔عمارت کی طرف دوڑ لگا دی ۔لوگ مجھے ڈراتے اور آوازیں دے کر واپس بلاتے رہے ۔مگر میں نے پیچھے مڑ کر نہ دیکھا ۔اللہ تعالیٰ کا نام لے کر عمارت میں داخل ہو گیا ۔درود پاک پڑھتا چھت پر چلا گیا ۔اور لوگوں کی طرف ہاتھ ہلانا شروع کیا ۔مجھے وہاں کوئی جن وغیرہ نظر نہیں آیا ۔اسکے بعد لوگوں کا خوف دور ہو گیا ۔میرے پاکستان آنے سے پہلے وہ محل نما ویران عمارت آباد ہو چکی تھی'' ۔

Marfat.com

ابوظہبی سے واپس آ کر آپ نے کچھ عرصہ پاکستان میں گزارا پھر بحرین چلے گئے۔ چند ماہ کے بعد وہاں سے بھی مستقل طور پر واپس لوٹ آئے۔ اور حسین مارکیٹ گجرات میں الفرید ٹیلرز کے نام سے دوبارہ کام شروع کر دیا۔ اس وقت گجرات شہر میں جتنے بھی ٹیلر ماسٹر کام کر رہے ہیں۔ ان میں سے اکثر یا تو آپ کے شاگرد ہیں۔ یا آپ کے شاگردوں کے شاگرد ہیں۔

۲) آپ نے بتایا کہ برکت پسروری۔ جو گجرات شہر سے منتقل ہو کر منڈی بہاؤالدین میں مستقل رہائش اختیار کر چکے تھے۔ اور بطور فروٹ مرچنٹ کام کرتے تھے۔ کی بیٹی بیمار ہوگئی۔ بہت علاج کروایا مگر افاقہ نہ ہوا۔ بالآخر انہوں نے مجھ سے رابطہ کیا۔ پتہ چلا کہ جن کا سایہ ہے۔ جن حاضر ہوا۔ کہنے لگا ''اس لڑکی نے ہمارے ڈیرے میں پیشاب کیا میں اسے نہیں چھوڑوں گا۔ آپ کو بھی مار ڈالوں گا۔ میں جنوں کے بادشاہ کا بیٹا ہوں۔ مجھ پر ہاتھ مت ڈالئے''۔ سخت مقابلہ ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے فتح عطا فرمائی اور لڑکی صحت یاب ہوگئی۔

جنات کے ستائے ہوئے کئی کیس میرے پاس لائے گئے اللہ کریم کے فضل و کرم سے سب کو شفاء ہوئی۔

۳) حضرت صاحب نے فرمایا'' فلاں مقام پر جاؤ۔ وہاں تمہاری ملاقات ایک ایسے بزرگ سے ہوگی جن کی آنکھوں میں تمہیں روضہ رسول نظر آئے گا۔'' چنانچہ میں ان بزرگوں کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور ان کی آنکھوں میں روضہ رسول ﷺ کی زیارت کی۔ وہ

Marfat.com

بزرگ فرمانے لگے" شاہ صاحب نے فقیر کا بھید ظاہر کر کے اچھا نہیں کیا"۔

(۴) حضرت صاحب نے امانت میرے حوالے کرتے ہوئے فرمایا"

صادق! تجھ پر بڑی بھاری آزمائش آئے گی۔ نہ کاروبار رہے گا۔ نہ گھر بار۔ ثابت قدم رہنا۔ اللہ کریم کامیابی عطا فرمائے گا"۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا میرا پہلا مکان دربار شاہ دولہا دریائی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے کچھ فاصلے پر محلہ کالو پورہ میں تھا۔ حضرت صاحب وہاں تشریف لے جاتے۔ اور ختم غوثیہ کی محافل میں شرکت فرماتے۔ وصال سے چند روز پہلے وہیں قیام فرمایا۔ اور وصال کے روز اپنے گھر واپس تشریف لے گئے۔

حضرت شاہ صاحب کے وصال کے بعد یہ مکان فروخت کرنا پڑا۔ دوسرا مکان محلہ مسلم آباد۔ طوراں والی گلی میں۔ اور تیسرا حضرت سائیں کرم الٰہی صاحب کانوانوالی سرکار کے دربار کے عقب میں بنایا مگر یہ دونوں مکان بھی مجبوراً فروخت کرنے پڑے۔ دکان پر آنا جانا بھی بند ہو گیا۔ حضرت صاحب کی پیشگوئی سچ ثابت ہوئی۔ مگر اللہ تعالیٰ نے ثابت قدم رکھا۔ کوئی حرفِ شکایت زباں پر نہیں آیا۔ (آپ میرے مکان میں۔ بھٹی صاحب کے آبائی مکان میں۔ محلہ مسلم آباد میں۔ محلہ حسین پورہ میں اور کانوانوالی سرکار روڈ پر کرائے پر رہائش پذیر رہے)۔

لاہور منتقل ہونے سے پہلے تقریباً تین سال تک ملہو کھوکھر میں حاجی علی صاحب (حویلی والے) کے مکان میں مقیم رہے۔ حاجی صاحب نے یہ رہائش مفت مہیا کی۔ وصال

Marfat.com

سے چند ماہ پہلے آپ کے مرید اور خلیفہ خالد جاوید صاحب آپ کو ٹاؤن شپ لاہور لے گئے اور کرائے پر مکان لے دیا۔وہاں آپ نے اپنے پیرومرشد حضرت سید نادر حسین شاہ گیلانی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا 35 واں عرس مبارک نہایت تزک و احتشام سے منایا جس میں حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے سجادہ نشین اور دیگر نامور بزرگ شریک ہوئے۔ پاکستان کے عظیم نعت خوان حضرت اعظم چشتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے صاحبزادے ارشاد چشتی نے اپنے والد مرحوم کا معروف کلام۔۔۔۔۔

زندہ رہنا ہو تو انسان مدینے میں رہے۔

بن کے سرکار کا مہمان مدینے میں رہے

اپنے والد مرحوم کے پر درد اور پر سوز انداز میں پیش کیا پیر خانے سے حاجی علی صاحب اور دیگر حضرات کے علاوہ الیاس بھٹی صاحب اور راقم نے اس عرس میں شرکت کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض پیر بھائی ڈاکٹر محمد اسلم صاحب نے انجام دیئے۔

۵) حضرت پیرومرشد سے عرض کی ''میرے والد مرحوم قبرستان ترہنگاں گجرات میں مدفون ہیں لیکن مجھے ان کی قبر معلوم نہیں'' آپ میرے ساتھ اس مذکورہ قبرستان میں تشریف لے گئے۔اور فرمایا ''اس قبر والے سے پوچھ لیتے ہیں''۔چنانچہ آپ نے میرے والد مرحوم کی قبر کی نشاندہی فرمائی اور ہم واپس آ گئے۔رات کو میں نے دیکھا کہ بہت بڑا ہجوم میری طرف بڑھ رہا ہے۔سب کہہ رہے ہیں ہم اس صادق کو دیکھنے آئے ہیں۔جو ہمارے قبرستان

Marfat.com

میں ولی کامل کو لے کر آیا تھا۔ اور جن کے قدم رنجہ فرمانے سے اللہ تعالیٰ نے ہم پر خصوصی کرم فرمایا ہے۔

۶) مشتاق احمد ہاشمی صاحب جنہوں نے حضرت صاحب کے شجرے۔ منقبتیں اور وصال کی تاریخیں منظوم کی ہیں۔ نے عرض کی ''میری والدہ مرحومہ قبرستان نوشہرہ (جلالپور جٹاں سے آگے۔ دریائے چناب کے کنارے) میں مدفون ہیں مجھے ان کی قبر معلوم نہیں۔ آپ ازراہ کرم میرے ساتھ تشریف لے چلیں اور نشاندہی فرما دیں'' آپ نے فرمایا ''جانے کی کیا ضرورت ہے یہیں سے آپکو تمام نشانیاں بتا دیتے ہیں''۔ چنانچہ آپ کی وضاحت کے بعد ہاشمی صاحب کے بیان کے مطابق قبر کا صحیح نشان واضح ہو گیا۔

☆☆☆

## مکہ مکرمہ میں انڈیا کے ایک بڑے پیر کی آپ سے سلسلہ سروریہ قادریہ میں بیعت

۷) نومبر 2001ء میں خالد جاوید صاحب (آپ کے مرید و خلیفہ) نے آپکو عمرے کے لئے حرمین شریفین بھیجا۔ راقم بمعہ زوجہ اس سال 20۔ اکتوبر سے اسی غرض کے لئے وہاں موجود تھا۔ میر صاحب نے فرمایا'' عمرے کے دوران میں صفا و مروہ میں دو ستونوں کے درمیان بیٹھا باب حرم ٹکٹکی باندھے دیکھ رہا تھا۔ اسی دوران کسی نے تین مرتبہ'' قادری

Marfat.com

صاحب'' کہہ کر پکارا میں نے مڑ کر دیکھا۔ ایک بہت تنومند۔ بلند قامت۔ لحیم شحیم بزرگ۔ سبز لباس میں ملبوس۔ جو طواف کے دوران اپنی وجاہت۔ قد و قامت کی وجہ سے سب لوگوں کی نگاہوں کا مرکز بنے ہوئے تھے۔ میرے سامنے کھڑے تھے۔ میں نے پوچھا'' کیا آپ نے مجھے بلایا ہے؟'' کہنے لگے'' اس وقت آپ کے سوا یہاں کون سا قادری ہے۔ میں نے آپ ہی کو آواز دی ہے۔ ہمارا تعلق انڈیا سے ہے۔ دنیا بھر میں ہمارے 20 ہزار سے زیادہ مرید ہیں۔ عمرے پر آنے سے پہلے میں نے بارگاہِ ایزدی میں دعا کی تھی۔ مولا کریم مجھے سلسلہ قادریہ کے کسی کامل بزرگ کی بیعت سے سرفراز فرمانا۔ اللہ کریم نے میری دعا قبول فرمالی ہے۔ آپ ہی میرا مقصود مطلوب ہیں۔ آپ میرے ساتھ ڈیرے پر چلیئے اور مجھے بیعت کیجئے۔ میں نے معذرت کی اور کہا میں اس قابل نہیں کہ اتنے بڑے بزرگ۔ پیر کو بیعت کروں۔ کہنے لگے '' آپ نے ابھی مدینہ منورہ میں میرے نانا پاک کے روضے پر حاضری دینے جانا ہے۔ میں اپنے نانا جان سے آپ کی شکایت کروں گا۔ کہ میں نے میر صادق صاحب کو سلسلہ عالیہ سروریہ قادریہ میں بیعت کرنے کی استدعا کی تھی۔ مگر انہوں نے قبول نہیں کی''۔ یہ سن کر میں کانپ اٹھا اور مجبوراً ان کے ساتھ ہولیا۔ وہ مجھے لے کر جب حرم کعبہ سے باہر نکلے تو انہوں نے میرے جوتے اٹھالئے۔ مجھے سخت شرمندگی ہوئی کیونکہ ان کے ساتھ ان کے بہت سے مرید بھی تھے۔ میں نے کہا'' آپ یہ کیا کر رہے ہیں۔ آپ کے یہ مرید کیا کہیں گے؟'' کہنے لگے'' میں انہیں پیر کا ادب سکھا رہا ہوں'' ڈیرے پر پہنچ کر انہوں نے مجھ سے سلسلہ عالیہ سروریہ قادریہ سلطانیہ

Marfat.com

نوشاہیہ نادریہ میں بیعت کی۔ اور مجھے اپنے ہاتھ سے مندرجہ ذیل عبارت لکھ کر دی۔

''میں نے بیت اللہ شریف کے سامنے جناب میر محمد صادق سروری قادری سے بیعت وخلافت حاصل کی''۔

راقم۔۔۔۔صوفی سید مرتضیٰ علی شاہ حسینی المعروف سید افسر علی شاہ حسینی سجادہ نشین آستانہ عالیہ حضرت خواجہ سید شمس الدین غازی حسینی۔ مسرت منزل۔ صدر دفتر قضاۃ۔ قریب جامع مسجد۔ درگاہ روڈ۔ ضلع عثمان آباد۔ مہاراشٹر۔ انڈیا-PIN- 413501-

20 نومبر 2001ء۔5 رمضان 1422ھ

(اصل تحریر آپ کے صاحبزادے میر مصطفیٰ مسعود کے پاس اور اس کی نقل راقم کے پاس موجود ہے)۔

۸۔ جمعرات 12۔ نومبر 1964ء کو حضرت پیر و مرشد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے حضرت داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی طرف سے حاضری کی منظوری پر فرمایا تھا۔ کہ آئندہ تمہاری حاضری حضرت سلطان العارفین سلطان باہو رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ہاں ہوگی۔ میر صادق صاحب۔ الیاس بھٹی صاحب کے ساتھ جمعہ مبارک 7۔ جولائی 1967ء حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ تعالیٰ کے دربار پر حاضر ہوئے۔ شورکوٹ شریف آپ کے والدین کے مزار پر حاضری دینے اور فاتحہ خوانی کرنے کے بعد مراقب ہوئے تو میر صاحب نے کہا'' سلطان العارفین نے واپس جانے کی اجازت دے دی ہے۔ اور فرمایا ہے'' جلد گجرات پہنچو''۔

Marfat.com

ہم مزار پاک کے احاطے سے باہر نکلے تو ایک کالی شیورلیٹ کار والے صاحب کھڑے تھے۔ کہنے لگے۔''آپ نے کہاں جانا ہے؟''ہم نے انہیں بتایا کہ جھنگ جانا ہے۔تو وہ ہمیں جھنگ لے آئے۔ ہمارے اصرار کے باوجود کرایہ لینے سے انکار کر دیا۔ جب ہم گجرات پہنچے تو بھٹی صاحب کے کسی قریبی رشتے دار کا انتقال ہو گیا تھا۔شاید ان کے جنازے میں شرکت کے لیے ہی سلطان العارفین نے ہمیں جلد واپس جانے کی اجازت دے دی تھی۔

☆☆☆

## کارنامے

۱) حضرت پیرومرشد کی کچی مسجد نورانی غوثیہ کو بڑی لگن۔محنت اور جاں فشانی سے نہایت خوش نما وسیع وعریض جامع مسجد بنوایا۔ یہاں ہمارے پیر بھائی ملک محمد نواز صاحب خطیب کے فرائض انجام دیتے رہے۔آج کل ان کے چھوٹے بھائی ڈاکٹر محمد اسلم صاحب خطابت فرما رہے ہیں۔

۲) حضرت پیرومرشد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا مزار پُر انوار تعمیر کروایا۔

۳) حضرت پیرومرشد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے سالانہ عرس مبارک پر ہر سال وقت کے نامور اور جید علماء کرام اور مشہور ومعروف نعت خوان حضرات کو خصوصی طور پر مدعو فرماتے اور عرس مبارک کو شایانِ شان طریقے سے منانے کے لئے عمر بھر کوشاں رہے۔جب

Marfat.com

سید زاہد حسین گیلانی نے خود عرس کا انتظام سنبھالنے کی خواہش ظاہر کی تو احتراماً آپ اس ذمہ داری سے سبکدوش ہو گئے۔ تاہم آخری دم تک حتی المقدور تعاون کرتے رہے۔

۴) گجرات شہر کی مشہور و معروف جامع مسجد صدیق اکبر (جہاں اس وقت حضرت مولانا علامہ صاحبزادہ غلام بشیر صاحب نقشبندی۔ سجادہ نشین باولی شریف بطور خطیب دین متین کی خدمت سرانجام دے رہے ہیں)۔ کی گری پڑی عمارت کی تعمیر کا نئے سرے سے افتتاح حقیر۔ فقیر۔ راقم کی استدعا پر 1970ء میں اپنے دست مبارک سے کیا۔

۵) حضرت پیرومرشد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے شجرہ شریف کی چار مرتبہ اشاعت کروائی۔

۶) علم جفر پر معروف کتاب ''انتخاب الجفر'' تصنیف فرمائی۔

☆☆☆

# خصوصیات

حضرت پیرومرشد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے چار یاروں میں سے آپ کو یہ سعادت حاصل ہے

۱) آپ نے اپنے دادا پیر حضرت نصیب علی شاہ صاحب آف چھاٹ شریف کی زیارت کی اور ان سے ملاقات کا شرف حاصل کیا۔

Marfat.com

۲) حضرت پیرومرشد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے۔ جناب ملک محمد نواز صاحب۔(خطیب جامع مسجد نورانی غوثیہ) کی موجودگی میں غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف سے امانت ان کے حوالے کی۔

۳) حضرت پیرومرشد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تقریباً ہر روز آپ کے پاس آپ کی دکان پر تشریف لاتے۔

۴) ہر چاند کی پہلی جمعرات کو حضرت پیرومرشد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اکثر و بیشتر آپ کو ساتھ لے کر حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مزار کو ہر بار پر حاضری دیتے۔

۵) حضرت پیرومرشد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنے وصال کے وقت۔اپنے اہل خانہ۔ اہل دیہہ۔ مریدین وحاضرین۔ اپنے والد ماجد۔ بڑے بھائی۔ بوٹے شاہ صاحب۔الیاس بھٹی صاحب۔ڈاکٹر محمد اسلم صاحب۔حاجی ملک محمد افضل صاحب کی موجودگی میں اعلانیہ تین بار فرمایا **''میرا سلسلہ میر صادق کے حوالے''**۔

۶) نیک آباد۔مراڑیاں شریف کے حضرت علامہ مفتی محمد اشرف قادری۔ حضرت علامہ پیر محمد افضل قادری۔تنظیم اہلسنت پاکستان کے صدر اور ان کے والد گرامی حضرت پیر محمد اسلم قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ساتھ آپ کے خصوصی مراسم تھے۔آپ کے ختم چہلم میں حضرت پیر محمد اسلم قادری صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے خصوصی شرکت کے بعد خصوصی دعا فرمائی۔

Marfat.com

☆☆☆

## جنت میں مقام

آپ نے راقم کو بتایا'' اللہ کریم نے اپنے فضل وکرم سے مجھے جنت میں میرا مقام دکھا دیا ہے۔(کہتے ہیں جو شخص حضور نبی کریم ﷺ کی ذات پاک و بابرکات پر کثرت سے درود پاک پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اسے اس کی موت سے پہلے جنت میں اُسے اس کا مقام دکھا دیتا ہے)۔

میر صاحب ایک ہفتہ میں سوالاکھ اور ایک ماہ میں پانچ لاکھ مرتبہ درود پاک پڑھتے تھے۔

☆☆☆

## بے خوفی و بے باکی

آپ کسی بڑے سے بڑے دنیا دار۔عہدے دار کے رعب و دبدبے میں نہیں آتے تھے۔بعض لیبر انسپکٹر۔پولیس افسران اور مجسٹریٹ صاحبان نے دھونس۔دھاندلی سے بغیر اجرت کپڑے سلانا چاہے۔ایسے حضرات سے آپ کا اکثر ٹکراؤ رہتا۔جو حد سے تجاوز کرتے ان کے لئے مجبوراً آپ کو بارگاہ غوثیت میں فریاد کرنا پڑتی۔نتیجتاً ایسے لوگوں کا جلد گجرات سے تبادلہ ہو جاتا۔بعض پولیس والوں کی پیٹی اترتی اور وہ آکر منت سماجت کرتے اور معافی کے

Marfat.com

خواتے رہوتے۔

☆☆☆

## لاہور میں رہائش اور انتقال پُر ملال

آپ کے وصال سے چند ماہ پہلے آپ کے مرید و خلیفہ جناب خالد جاوید صاحب آپ کو بمعہ بچوں کے اپنے ساتھ ٹاؤن شپ لاہور لے گئے۔ اپنی رہائش کے قریب کرائے پر مکان لے دیا۔ تن۔ من۔ دھن سے آپ کی خدمت کی۔ علاج معالجہ کے لیے ڈاکٹر گھر پر ہوتے رہے۔ حضرت پیر نادر حسین شاہ صاحب گیلانی کے 35 ویں عرس مبارک کا سارا انتظام میر صاحب کی نگرانی اور صدارت میں آپ ہی نے کیا۔ حضرت قبلہ شاہ صاحب کا یہ عظیم ترین اعلیٰ و ارفع۔ شان و شوکت والا۔ میر صاحب کی زندگی کا آخری عرس ثابت ہوا۔ اس موقع پر آپ نے متعدد لوگوں کو بیعت کیا۔ اس کے بعد آپ کی طبیعت سنبھل نہ سکی۔ کمزوری اور نقاہت بڑھتی گئی۔ خالد صاحب نے مجبوراً جناح ہسپتال لاہور میں داخل کرایا۔ جہاں 26۔ اکتوبر 2002ء کو صبح سویرے اٹھ کر آپ نے غسل کیا۔ فجر کی نماز ادا کی۔ ورد وظیفہ جاری تھا۔ اسی حالت میں جان۔ جاں آفریں کے حوالے کر دی۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

☆☆☆

Marfat.com

## جانشین

آپ نے اپنے صاحبزادگان میر مصطفٰی مسعود اور میر محمد علی میری اور حاضرین کی موجودگی میں اپنا خلیفہ و جانشین مقرر کیا جو اس وقت میرپور آزاد کشمیر میں آپ کے سلسلے کی ترقی اور ترویج کے لئے شب و روز کوشاں ہیں۔ اور ان کی کاوش سے آپ کے مریدین کا سلسلہ انگلستان تک وسیع ہو چکا ہے۔

☆☆☆

## خلفاء

پاکستان اور ہندوستان میں آپ کے خلفاء کی تعداد سولہ ہے۔

جب تک آپ ملہوکھوکھر میں رہائش پذیر رہے راقم اور الیاس بھٹی صاحب ہر جمعرات کو فجر کی نماز کے بعد آپ کے ہاں جاتے رہے۔ آپ طرح طرح کے کھانے تیار کروا کے ہمارے منتظر ہوتے۔ ختم شریف پڑھنے کے بعد ہم تینوں حضرت پیر و مرشد رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ کے مزار پرانوار پر ایک ساتھ حاضری دیتے۔

ایک جمعرات سے دوسری جمعرات تک آپ سوا لاکھ مرتبہ درود پاک پڑھ کر راقم سے فرماتے کہ ختم شریف پڑھیئے۔

☆☆☆

Marfat.com

## آپ کا مزار

آپ کا مزار شریف لاہور میں شان گھی ملز کے قریب گرین ٹاؤن کے قبرستان کیر کلاں میں واقع ہے۔

☆ ☆ ☆

## عرس مبارک

آپ کا عرس مبارک لاہور میں 20 شعبان المعظم کو آپ کے مزار شریف پر نہایت عقیدت و احترام سے منایا جاتا ہے۔

☆ ☆ ☆

ایک دفعہ آپ نے بتایا کہ ایک تھانیدار مجھے دکان سے بلا کر لے گیا اور تھانے میں لے جا کر بلا جواز بیٹھائے رکھا۔ نماز کا وقت ہوا میں نے نماز ادا کی اور بارگاہِ حضورِ غوثیت میں عرض کی یا غوث اعظم رضی اللہ عنہ آپ کے مریدوں کے ساتھ پولیس والے ناروا سلوک کرتے ہیں ان کا کچھ کیجئے۔

صبح میں دکان پر آیا اور تھانیدار مذکورہ کے پیر و مرشد تشریف لائے اور کہنے لگے رات اُس کی پیٹی اُتر گئی ہے اور اُس کو معطل کر دیا گیا ہے۔ مہربانی کر کے اُسے بحال کروائیں۔ میں نے کہا پیٹی غوث پاک نے اُتاری ہے ان سے لے سکتے ہیں تو لے لیں۔ یہ سن کر پیر صاحب واپس تشریف لے گئے۔

Marfat.com

# آپ کے وظائف

۱) درود پاک اللھم صلی علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا محمد و علی اصحاب سیدنا محمد وعلی غوث سیدنا محمد بعدد کل ذرۃ مائۃ الف الف مرۃ و بارک وسلم -- (1,11 بار)

۲) اللہ الصمد -- (111 بار)

۳) یا غوث الاعظم دستگیر - (111 بار)

۴ اسم ذات اللہ -- (لا تعداد)

۵ قصیدہ غوثیہ -- (1 بار)

۶ نماز تہجد -- (روزانہ)

۷ بعداز نماز عشاء سورۃ مزمل -- (5 بار)

۸ الحمد شریف -- (1 بار)

۹ سورۃ اخلاص -- (3 بار)

۱۰) یا وکیل -- (111 بار)

۱۱) سورۃ الم نشرح -- (7 بار)

۱۲) یا کریم -- (1111 بار)

Marfat.com

## حضرت سید بوٹے شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

تاریخ پیدائش　　1913ء

مقام پیدائش　　کھروٹہ سیداں سیالکوٹ

تاریخ وصال　　6۔فروری 1983ء منڈی بہاؤالدین

آپ نے منڈی بہاؤالدین میں مستقل سکونت اختیار کی۔ آپ ''سید کیفے'' منڈی بہاؤالدین کے مالک اور جانی پہچانی روحانی شخصیت تھے۔ نہایت جمالی طبیعت کے مالک تھے۔ آپ کو بہت کم غصے میں دیکھا گیا۔ اکثر و بیشتر مسکراتے رہتے۔ عمر میں حضرت پیر و مرشد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے تقریباً 18 سال بڑے تھے۔ مگر ان کے ادب و احترام میں کبھی کوتاہی نہیں کی۔ حضرت صاحب کے وصال کے وقت بھی آپ ان کے پاس موجود تھے۔ ان کے آخری کلمات سننے اور محفوظ رکھنے کی سعادت حاصل کی۔ حضرت صاحب تقریباً ہر ماہ ختم غوثیہ کے سلسلہ میں آپ کے ہاں منڈی بہاؤالدین تشریف لے جاتے۔ آپ کی وساطت سے منڈی بہاؤالدین کے دیوان بھی حضرت شاہ صاحب کے گرویدہ تھے۔ اور اکثر ختم پاک کی محافل میں آپ کو مدعو کرتے تھے۔

آپ کا وصال 6۔فروری 1983ء کو منڈی بہاؤالدین میں ہوا اور وہیں مدفون ہوئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

Marfat.com

آپ حضرت شاہ صاحب کے بزرگ ترین مرید اور چار یاروں میں بلند مقام پر فائز ہیں۔ اللہ کریم آپ کے درجات مزید بلند فرمائے۔ (آمین) منڈی بہاؤالدین میں سید کیفے آپ کی یادگار موجود ہے۔

☆ ☆ ☆

(1) ''میں نے خواب میں دیکھا بہت سے بزرگ سفید عمامے باندھے سفید لباس میں ملبوس حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سربراہی میں میری والدہ کی قبر پر تشریف لائے۔ حضور نبی کریم رؤف الرحیم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک قبر پر رکھے اور فرمایا ہم یاروں کے یار ہیں۔ فکر کی کوئی بات نہیں تمہاری والدہ اللہ کے فضل وکرم سے بڑے سکون اور آرام میں ہیں'' (انیس الرحمان قادری ۲۰۰۷ء جدہ)

(2) بہت سے لوگوں نے وصال کے بعد آپ کو وضو کرتے، نماز پڑھتے، تلاوت قرآنِ پاک کرتے، نہایت خوش وخرم اعلیٰ لباس میں جنت میں تخت پر بیٹھے دیکھا۔

☆ ☆ ☆

Marfat.com

## حضرت محمد الیاس بھٹی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

تاریخ پیدائش 13۔اپریل1939ء

مقام پیدائش محلہ مسلم آباد۔ گجرات شہر

تاریخ وصال 2 دسمبر2005ء

مزار قبرستان بھٹیاں گجرات شہر

آپ نے 1963ء میں سلسلہ عالیہ سروریہ۔قادریہ۔نوشاہیہ میں حضرت قبلہ شاہ صاحب سے بیعت کی۔ ساری عمر محکمہ ٹیلی فون گجرات سے منسلک رہے۔ بطور اسسٹنٹ ڈائریکٹ ٹیلی فون گجرات ریٹائر ہوئے۔

5۔اپریل1997ء کولاہور سے حج کے لیے روانہ ہوئے 18۔مئی1997ء کو واپسی ہوئی۔

مکہ مکرمہ میں قیام کے دوران حضرت پیرومرشد کی زیارت ہوئی آپ نے پوچھا'' الیاس! خانہ کعبہ پر پہلی نظر جب پڑی تو کیا دعا مانگی تھی؟'' عرض کی'' سرکار آپ سب جانتے ہیں مجھ سے کیا پوچھتے ہیں؟''

مدینہ منورہ میں آپ نے دیکھا'' مواجہ شریف کے سامنے حاضر ہوں۔ روضہ انور کے اندر حضور نبی کریم ﷺ۔ حضرت ابوبکر صدیق۔ حضرت عمر فاروق۔ حضرت عثمان غنی اور

Marfat.com

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم تشریف فرما ہیں اور حضرت پیر و مرشد سید نادر حسین شاہ صاحب گیلانی بھی ان کے ساتھ موجود ہیں۔"

بھٹی صاحب ان خوش نصیب مریدوں میں شامل ہیں۔ جنہیں آپ نے اپنا یار قرار دیا۔ آپ نے پیر و مرشد کی حتی المقدور خدمت کی اور انہیں ہر طرح سے راضی رکھا۔ 2۔ دسمبر 2005ء کو آپ نے اپنی رہائش گاہ محلہ مسلم آباد میں اپنی جان جاں آفریں کے حوالے کی۔

انا للہ و انا الیہ راجعون۔

☆☆☆☆

Marfat.com

محمد عبداللطیف سروری قادری (مؤلف کتاب ھذا)

تاریخ پیدائش اتوار 5۔مارچ 1933ء

مقام پیدائش محلہ مسلم آباد گجرات شہر

تاریخ بیعت جمعہ اتوار 31۔اگست 1964ء

## جن اداروں سے تعلیم حاصل کی

اسلامیہ پرائمری سکول شیشیانوالہ گیٹ گجرات

زمیندار مڈل سکول اندرون شیشیانوالہ گیٹ گجرات

پبلک ہائی سکول نمبر 1 فتوپورہ گجرات

گورنمنٹ ڈگری کالج جھنگ

گورنمنٹ سینٹرل ٹریننگ کالج۔لاہور

## جن اداروں میں تعلیم دی

پبلک ہائی سکول نمبر 1۔فتوپورہ گجرات 1953ء

ایم۔بی ہائی سکول وزیر آباد 1956ء

گورنمنٹ ہائی سکول۔مسلم باغ۔بلوچستان 1957ء

گورنمنٹ ہائی سکول۔کوہ مری 1958ء

Marfat.com

گورنمنٹ پائلٹ ہائی سکول۔ پھالیہ1960

گورنمنٹ ہائی سکول جہلم1968-1961

گورنمنٹ جامع سکول گجرات1975-1968

پاکستانی سکول۔ ابوظہبی1973

گورنمنٹ ہائی سکول سعادت پور۔ گجرات1973

گورنمنٹ ہائی سکول ٹھوٹھہ رائے بہادر۔ گجرات (بطور ہیڈ ماسٹر)

1975-1976

پاکستان ایمبیسی سکول۔ جدہ۔ سعودی عرب1993-1977

فاران پبلک ہائی سکول گجرات ستمبر1993 تا جنوری1998

حضرت پیرو مرشد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے حکم پر آپ کے شجرہ نسبی اور شجرہ طریقت کی تدوین اپریل1966ء میں کی۔ آپ کی وصیت کو مشتہر کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔

آپ کے وصال کے بعد آپ کے والد گرامی کے ارشاد کے مطابق آپ کی شان میں نادری حرفی لکھی۔ جسے آپ نے پسند فرمایا اور دعاؤں سے نوازا۔

آپ کی مدح میں لکھی کتاب ''نغماتِ لطیف'' شرفِ قبولیت حاصل کر چکی ہے۔ اور دوبارہ اشاعت کی متقاضی ہے۔

آپ کے مزار پُر انوار پر میر صادق صاحب۔ الیاس بخشی صاحب۔ آپ کے

Marfat.com

متعلقین ۔ معتقدین ۔ اور مریدین کے تعاون سے ٹائل لگوانے ۔ راکوال اور شیشے کا کام کروانے ۔ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے 99 اسماء گرامی اور دیگر لکھوائی کا کام کروانے ۔ آپ کی اور آپ کے والدین کی الواحِ قبور لکھوا کر نصب کرانے کی سعادت حاصل ہوئی ۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے ۔

☆☆☆☆

# تبرکات

ا ۔ چادر ۔ جو آپ نے خصوصی طور پر ختم شریف کے لیے حکماً بنوائی اور جس کی پسندیدگی کا اظہار فرمایا اس پر ایک ماہ میں آپ نے پانچ ختم پڑھائے ۔ جو آپ کے جنازے کے ساتھ آپ کی لحد تک آپ کے ساتھ رہی ۔

۲ ۔ رومال ۔ جو وصال کے وقت آپ کے سر مبارک پر تھا ۔

۳ ۔ شلوار ۔ جو وصال کے وقت آپ زیب تن کیے ہوئے تھے ۔

۴ ۔ منکے ۔ جو آپ کے پردادا گیلانی شاہ صاحب اور دادا چھپاں شاہ صاحب کابل (افغانستان) سے لائے تھے اور جن پر ختم غوثیہ پڑھا جاتا تھا ۔

۵ ۔ ٹوپی ۔ سبز شنیل کی ٹوپی جس کے ماتھے پر آپ نے سنہری حروف

Marfat.com

میں یارسول اللہ لکھوایا۔

۶۔ تسبیح۔ آپ کی عطا کردہ تسبیح

۷۔ موئے مبارک و ناخن جو آپ نے عطا کئے۔

۸۔ آپ کے کفن مبارک کے پھول۔

۹۔ دفن کے بعد مزار پاک کی خاک شفاء۔

۱۰۔ آپ کے اور آپ کے والد گرامی کے خطوط جو انہوں نے راقم کو لکھے۔

مؤلف کے پاس بفضل خدا سب محفوظ ہیں۔

آپ نے راقم کو ''محب الفقراء'' کا لقب عطاء فرمایا اور اپنے تمام خطوط میں اسی لقب سے مخاطب کیا۔

مزار پاک کے چار دروازے لگوائے تا کہ چاروں طرف سے تازہ ہوا آئے اور حبس نہ ہونے پائے۔

☆☆☆☆

Marfat.com

## الحاجہ بلقیس اختر سروری قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہا

(مؤلف کی زوجہ مرحومہ)

| | |
|---|---|
| تاریخ پیدائش | بدھ 10۔جون 1936ء |
| مقام پیدائش | محلّہ علی مسجد۔نزد اسلامیہ ہائی سکول گجرات |
| تاریخ بیعت | ہفتہ 17۔اکتوبر 1964ء |
| وصال | 25 رجب المرجب بدھ 31۔اگست 2005ء |
| مقامِ وصال | کاشانہ قادریہ مسلم آباد شمالی گلی نمبر 7 گجرات |

☆☆☆

## معمولات

آپ نے پیر و مرشد کے اس فرمان کی لاج رکھی کہ ”بلقیس اختر میری بہن ہے“۔ 1977ء میں پہلے حج کے بعد دمِ واپسیں تک روزانہ 9 نمازیں ادا کرتی رہیں۔ 5 فرض نمازیں 6۔تہجد 7۔اشراق 8۔صلواۃ التسبیح 9۔چار رکعت نوافل۔ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۃ توبہ کی آخری دو آیات۔ لقد جاء کم رسول من انفسکم سے وھورب العرش العظیم تک۔

۲۔ ہر سال ماہ رمضان میں اعتکاف

Marfat.com

۳۔ روزانہ تلاوت قرآن پاک۔ قصیدہ غوثیہ۔ شجرہ شریف وغیرہ

۴۔ 1977ء سے تا دم آخر ہر ماہ ختم غوثیہ کے ساتھ سورۃ یسین 75 مرتبہ

اور سورۃ مزمل 41 مرتبہ

☆☆☆☆☆

## امریکہ جانے سے انکار

بیٹے نے کہا "آپ میرے ساتھ امریکہ چلیں۔ اور ہمارے ساتھ رہیں" آپ نے کہا "امریکہ سے مجھے کیا لینا دینا اگر بھیجنا ہے تو مجھے میرے نبی ﷺ کے قدموں میں بھیجو"۔

آپ کی زبان پر اکثر یہ کلمات رہا کرتے۔

۱۔ نبی کے نام لیوا غم سے گھبرایا نہیں کرتے

۲۔ او تھے جانا کھیڈ مقدراں دی۔ دھن دولت دی کوئی لوڑ نہیں

کئی دولتاں والے رہ جاندے۔ مسکین نظارے لیندے نے

۳۔ میں لجپالاں دے لڑ لگیاں۔ میرے تھیں غم پرے رہندے

☆☆☆

## زیورات کی تقسیم

وفات کے چند دن بعد آپ کے پرس میں سے مختلف لفافے نکلے جن میں آپ نے

Marfat.com

اپنا سارا زیور تقسیم کر کے ان لفافوں میں بند کیا۔ اور اوپر اس بچے کا نام لکھا جسے وہ زیور دینا مقصود تھا۔ لفافوں پر دی ہوئی تاریخ سے پتہ چلا کہ آپ نے یہ کام اپنی وفات سے ایک ہفتہ پہلے سرانجام دے دیا تھا۔

ایک لفافے میں ہزاروں روپے جمع تھے۔ اور لفافے پر لکھا تھا "عمرے کے لیے"

چنانچہ 2008ء میں آپ کی طرف سے آپ کی جمع کی ہوئی رقم ادا کر کے عمرہ کرا دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے اور درجات بلند کرے۔ (آمین)

☆☆☆

## زیارات

خواب میں مقاماتِ مقدسہ کی زیارت

۱۔ رسول اللہ ﷺ کا روضہ پاک۔ چار بار

۲۔ مسجد نبوی ایک بار

۳۔ مدینہ منورہ ایک بار

۴۔ رسول اللہ ﷺ کے نعلین پاک ایک بار

۵۔ حضور داتا صاحب چار بار

۶۔ مزار حضرت پیر و مرشد چار بار

Marfat.com

۷۔ مزار حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ دو بار

۸۔ مزار حضرت شاہ دولھا دریائی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ دو بار

۹۔ مزار حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک بار

۱۰۔ مزار حضرت میاں میر صاحب ایک بار

۱۱۔ مزار حضرت مادھولال حسینؒ ایک بار

۱۲۔ مزار حضرت امام علی حق سیالکوٹ ایک بار

۱۳۔ اجمیر شریف ایک بار

۱۴۔ گولڑہ شریف ایک بار

۱۵۔ حضرت پیرے شاہ غازی قلندر بادشاہ۔ کھڑی شریف ایک بار

☆☆☆

## خواب میں زیارات

۱۔ رب العزت اللہ تعالیٰ ایک بار

۲۔ لیلۃ القدر کو پایا ایک بار

۳۔ رسول اللہ ﷺ 21 بار

۴۔ خلفاء راشدین۔ چار یار ایک بار

۵۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم 8 بار

Marfat.com

۶۔ خاتونِ جنت حضرت فاطمہ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا تین بار

۷۔ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک بار

۸۔ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ دو بار

۹۔ حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ 13 بار

۱۰۔ حضور داتا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تین بار

۱۱۔ حضرت سلطان باھو صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ دو بار

۱۲۔ حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ایک بار

۱۳۔ حضرت پیر و مرشد سید نادر حسین شاہ صاحب گیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ 51 بار

۱۴۔ پیر و مرشد کے دادا و والدین دو بار

۱۵۔ پیر و مرشد کی اہلیہ ایک بار

۱۶۔ حضرت سائیں کرم الٰہی صاحب کانوانوالی سرکار ایک بار

۱۷۔ حضرت مفتی احمد یار خان صاحب نعیمی ایک بار

۱۸۔ حضرت عزرائیل علیہ السلام ایک بار

۱۹۔ ملائکہ مقربین دو بار

۲۰۔ حورانِ بہشت ایک بار

☆☆☆

Marfat.com

گزار۔ خاوند کی ہمدم۔ ہمدرد۔ غمگسار۔ اولاد کی مونس۔ مشفق۔ محب وغم خوار۔ خوش خلق۔ خوش اطوار۔ عقل مند۔ سلیقہ شعار۔ شیریں گفتار۔ ملنسار۔ سراپا۔ عجز وانکسار۔ شب بیدار عابدہ۔ زاہدہ۔ صابرہ۔ شاکرہ۔ ذاکرہ تھیں۔

پچاس سالہ ازدواجی زندگی نہایت کامیاب وکامران وخوش گوار گزار کی

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے متعدد حج اور عمرے کروائے۔ پورے دو رمضان مبارک مدینہ منورہ میں حضور ﷺ کے قدموں میں گذارنے کی توفیق عطا کی۔ سینکڑوں بار درحبیب ﷺ پر حاضری نصیب کی۔

گجرات کے خطیب اعظم حضرت علامہ صاحبزادہ پیر غلام بشیر صاحب نقشبندی سجادہ نشین باولی شریف نے آپکی نماز جنازہ پڑھائی۔ قبرستان بھٹیاں آپ کا مدفن بنا۔

حضرت پیرومرشد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا ''بلقیس میری بہن ہے''۔

میر صادق صاحب نے فرمایا '' ہماری یہ بہن ہماری سب پیر بہنوں سے عبادت اور ریاضت میں سبقت لے گئیں''۔

محمد الیاس بھٹی صاحب نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔

گجرات کے نامور اور شہرت یافتہ مصنف۔ محقق۔ گولڈ میڈلسٹ الحاج محمد زمان کھوکھر ایڈووکیٹ نے اپنے ہفت روزہ جریدہ ''آئینہ'' کی جلد 17 مورخہ 26 ستمبر 2005ء شمارہ 25 میں مرحومہ کو اس طرح خراج عقیدت پیش کیا۔

Marfat.com

# وصال پُر ملال

منگل بدھ 25 رجب 31-30-اگست 2005ء کی درمیانی رات حسب معمول نماز تہجد۔ ورد۔ وظیفہ۔ تلاوت قرآن پاک سے فارغ ہوئیں۔ فجر کی اذان سے پہلے کلمہ طیبہ باآوازِ بلند لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھا اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں باوضو حاضر ہوگئیں۔

انا للہ و انا الیہ راجعون۔

آپ ہر وقت اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کیا کرتی تھیں ''مولا کریم مجھے کسی کا محتاج نہ کرنا چلتے پھرتے موت آئے۔ میں کسی کے لیے تکلیف اور زحمت کا باعث نہ بنوں''۔ اللہ تعالیٰ نے آپکی دعا قبول فرمائی۔''

حضرت پیرومرشد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے متعلقین میں سے یہ واحد خوش نصیب خاتون ہیں۔ جن کو آپ نے اپنے وصال کے وقت بار بار نام لے کر پکارا اور تین مرتبہ فرمایا۔'' وہ میری بہن ہے''

آپ اللہ تبارک وتعالیٰ کی عبادت گزار۔ حضور نبی کریم ﷺ کی عاشقِ زار۔ اطاعت شعار۔ آپ کے ہجر وفراق میں بے قرار۔ حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جان نثار۔ حضرت پیرومرشد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی فرماں بردار۔ والدین کی سب سے زیادہ خدمت

Marfat.com

"مرحومہ نیک۔ پارسا۔ نمازی اور تہجد گزار خاتون تھیں"۔

☆☆☆

## سالانہ ختم پاک

آپ کے یوم وصال۔25 رجب کو قرآن خوانی۔ نعت خوانی۔ درود پاک۔ ذکر۔ اذکار۔ ورد۔ وظائف اور ختم غوثیہ کا ایصال ثواب کرنے کے بعد۔ لنگر تقسیم کیا جاتا ہے۔

☆☆☆

## استدعاء

انتہائی کوشش کے باوجود اس کتاب میں غلطیوں کا رہ جانا خارج از امکان نہیں۔ آپ کے مریدین۔ معتقدین۔ متعلقین اور قارئین کرام سے التماس ہے کہ از راہ کرم میری اس کاوش میں جو غلطی۔ کوتاہی نظر آئے اس سے آگاہ کر کے ثواب دارین حاصل کریں۔ اور دعا فرمائیں کہ اللہ کریم۔ رؤف الرحیم بعد از مرگ مجھے میرے پیر و مرشد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے قدموں میں مدفون فرمائے اور جس طرح اس نے اس جہان میں میری غلطیوں۔ کوتاہیوں۔ خطاؤں۔ تقصیروں۔ لغزشوں۔ قصوروں۔ عیبوں اور گناہوں کو اپنی رحمت خاص سے ڈھانپے رکھا اور رسوا نہیں کیا۔ وہ غفار و ستار رب اپنے حبیب کریم ﷺ کے صدقے حشر میں بھی پردہ پوشی اور مغفرت فرمائے۔ اور بعد از موت حضرت پیر و مرشد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے قدموں میں

Marfat.com

میرا مدفن بنائے۔آمین یا ارحم الرحمین وصلی اللہ تعالٰی علی خیر خلقہ و نور عرشہ سیدنا و مولانا محمد وعلی آلہ محمد وعلی اصحاب محمد اجمعین۔

☆☆☆☆

والسلام۔احقر الانام۔عاصی وپُر خطاء۔طالبِ دعا۔ذرۂ کثیف

محمد عبداللطیف۔خاکپائے نادری۔سروری۔قادری۔کاشانہ قادریہ گلی نمبر 7 مسلم آباد شمالی

گجرات فون نمبر: 053-3601247

پیر 29۔جون 2009ء

☆☆☆

Marfat.com

Marfat.com



آستانہ عالیہ سروریہ قادریہ سلطانیہ نوشاہیہ نادریہ
ملہو کھوکھر شریف، ڈیرا بابا جنگو شاہ صاحب بھمبر روڈ گجرات

Marfat.com